قدیم اردو کی
لغت

ڈاکٹر جمیل جالبی

سلسلہ مطبوعات نمبر 119

نگران : خالد اقبال یاسر
سرورق : مصباح سرفراز
لے آؤٹ : طارق جاوید۔ فرحت سعید
اہتمام طباعت : عبداللہ جان۔ محمد سعید
کمپوزنگ : مزمل خان
مطبع : پبلک آرٹ پریس۔ پشاور
ناشر : اردو سائنس بورڈ، 299- اپر مال، لاہور
فون: 5758475 فیکس: 5754281
e-mail : info@urduscienceboard.org
Website:www.urduscienceboard.org

شاخیں:

منظور چیمبرز، گاڑی کھاتہ، حیدر آباد فون و فیکس : 022-9200070
سوئیکارنو سکوائر، خیبر بازار، پشاور فون و فیکس : 091-2553257
یونیورسل کمپلیکس، آفس 10-9 کولون روڈ، کوئٹہ فون : 081-9203659

ISBN 978 - 969 - 477 - 148 - 9

طبع سوم : 2008ء

قیمت : -/250 روپے

اُستاذِ محترم

پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان صاحب

کے نام

دل میں مسودے تھے بہت پر حضورِ یار
نکلا نہ ایک حرف بھی میری زبان سے

(میر)

پیش لفظ

''قدیم اُردو کی لغت'' اُردو زبان میں اپنی نوعیت کی پہلی لغت ہے، جس میں صرف وہ الفاظ شامل کیے گئے ہیں جو اُردو کے قدیم ادب میں استعمال ہوئے ہیں اور جو عام طور پر لغات میں نظر نہیں آتے۔ قدیم ادب کی غیر معمولی اہمیت گزشتہ پچاس سال میں زیادہ اُجاگر ہوئی ہے۔ اس عرصے میں متعدد مخطوطات مرتب و شائع ہو چکے ہیں اور اُن کے پڑھنے والوں کی تعداد میں بھی روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ قدیم ادب کسی بھی زبان و ادب کی تاریخ کا اتنا ہی ناگزیر حصہ ہے جتنا خود جدید ادب۔ قدیم اپنے زمانے میں جدید تھا اور آج کا جدید آئندہ زمانے میں قدیم ہو جائے گا۔ زمانے کی یہی ریت ہے۔ یونہی ہوتا آیا ہے اور یونہی ہوتا رہے گا۔

اُردو زبان اور اس کا ادب روایت و اثرات کے لحاظ سے تین بڑے ادوار سے گزرے ہیں۔ پہلے دور میں زبان و ادب ہندوی زبانوں کے الفاظ، تلمیحات، اساطیر، علامات، تشبیہات اور اصناف و اوزان سے استفادہ کرتے رہے۔ یہ عمل مسعود سعد سلمان (م ۵۱۵ھ/۱۱۲۱ء) سے لے کر امیر خسرو (م ۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء) سے ہوتا گجرات اور دکن میں دسویں صدی ہجری تک جاری رہتا ہے۔ لیکن جب ہندوی روایت جدید ذہنوں کی تخلیقی پیاس بجھانے سے قاصر ہو جاتی ہے تو اُردو زبان اور اس کا ادب فارسی روایت و اثرات کی طرف رجوع ہونے لگتے ہیں۔ گیارھویں صدی ہجری کے اردو ادب میں ہندوی اور فارسی روایت کے درمیان کشمکش کا شدید احساس ہوتا ہے اور اسی صدی کے آخری زمانے میں ''فارسی روایت'' سیاسی، معاشرتی و معاشی حالات کے سہارے ہندوی روایت پر غالب آ جاتی ہے اور 'ریختہ' کی شکل اختیار کر کے ولی دکنی کے ہاں اَمر ہو جاتی ہے اور اسی کے ساتھ اردو ادب جدید دور میں داخل ہو جاتا ہے۔ گیارھویں صدی ہجری کے اواخر سے لے کر مرزا اسد اللہ خان غالب کی وفات تک فارسی روایت سیڑھیاں چڑھتی ترقی کرتی آگے بڑھتی اور پھیلتی رہتی ہے لیکن جب مغربی اقوام میں سے انگریز اس برصغیر پر غالب آ جاتے ہیں تو بدلے ہوئے حالات میں فارسی روایت بھی نئے تخلیقی ذہنوں کی پیاس بجھانے سے قاصر ہو جاتی ہے اور نئے ذہنوں کو نئے افق اور نئے آسمانوں کی تلاش شروع ہو جاتی ہے۔ اسی کے ساتھ فارسی روایت کا طلسم ٹوٹنے لگتا ہے اور انگریزی زبان کے توسط سے مغربی روایت و افکار اور اس کے تہذیبی سانچے مقبول ہونے لگے ہیں۔

جس طرح پہلے دور میں اردو ہندوی روایت کا اور دوسرے دور میں فارسی روایت کا خوشہ چین تھا اسی طرح تیسرے دور میں مغربی روایت کا والہ و شیدا ہو گیا۔ قدیم اردو کی یہ لغت پہلے دور کے ادب کا احاطہ کرتی ہے جو نویں صدی ہجری میں تحریری شکل میں نظر آتا ہے اور تقریباً گیارھویں صدی بلکہ بارھویں صدی ہجری کے اوائل تک سارے برصغیر میں جاری و ساری رہتا ہے۔ اس لغت میں

وہ الفاظ بھی شامل ہیں جو اردو زبان کی پہلی باقاعدہ تصنیف ''مثنوی کدم راؤ پدم راؤ'' میں استعمال ہوئے ہیں اور وہ الفاظ بھی جو گجری اردو میں شیخ باجن، شاہ علی جیو گام دھنی، قاضی محمود دریائی اور خوب محمد چشتی کی تصانیف میں ملتے ہیں۔ وہ الفاظ بھی جو عادل شاہی اور قطب شاہی دور کی تصانیف نظم ونثر میں نظر آتے ہیں اور وہ بھی جو پاکستان اور شمالی ہند میں لکھی جانے والی تصانیف میں ملتے ہیں۔ اس لغت کی تیاری میں جہاں کم وپیش قدیم ادب کی ساری مطبوعہ کتب سے استفادہ کیا گیا ہے وہاں سینکڑوں قلمی بیاضوں اور مخطوطات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

اس لغت کی داستان یہ ہے کہ ''تاریخ ادب اردو'' پر کام کرتے ہوئے مجھے سینکڑوں مخطوطات اور بیاضوں کے صحراؤں سے گزرنا پڑا۔ دورانِ مطالعہ اکثر ایسے لفظوں سے واسطہ پڑا جو میرے لیے اجنبی تھے۔ میں اُن لفظوں کو ایک کاپی میں لکھ لیتا اور پھر سیاق و سباق کے حوالے، مختلف لغات کی مدد اور اہلِ علم سے گفتگو کرنے کے بعد جب ان لفظوں کے معنی متعین ہو جاتے تو ان کے سامنے لکھ دیتا۔ کچھ عرصے بعد میں نے یہ کیا کہ ہر وہ لفظ جو قدیم ادب میں استعمال ہوا، اسے معنی اور حوالے کے ساتھ ایک کارڈ پر لکھ کر رکھ لیتا۔ یہ کام ۱۹۶۱ء میں شروع ہوا تھا اور ۱۹۷۱ء میں ختم ہوا۔ جب کام ختم ہوا تو تقریباً اٹھارہ ہزار الفاظ کا ذخیرہ میرے پاس تھا۔ اس ذخیرے کو دیکھ کر میرے ذہن میں یہ خیال پیدا ہوا کہ اگر ان الفاظ کو مرتب کر دیا جائے تو یہ لغت ان لوگوں کے لیے یقیناً مفید ثابت ہوگی جو قدیم اردو کی مطبوعہ کتب، مخطوطات اور قلمی بیاضوں کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں۔ اسی خیال کے پیش نظر میں نے قدیم اردو کی یہ لغت مرتب کی ہے جس میں تقریباً گیارہ ہزار الفاظ شامل ہیں۔ اس لغت سے نہ صرف اہل علم و ادب، محققین، اساتذہ، طلبہ اور قدیم ادب سے دلچسپی رکھنے والے عام قاری کو سہولت ہوگی بلکہ ماہر لسانیات اور مؤرخین زبان کو بھی یہ معلوم کرنے میں آسانی ہوگی کہ ہمارے اسلاف لفظوں کو کس تلفظ اور لہجے کے ساتھ استعمال کرتے تھے۔ اس زمانے میں لفظوں کے کیا معنی تھے اور جدید دور تک پہنچتے پہنچتے اردو زبان کن کن مراحل سے گزری ہے۔ یہ لفظ برصغیر کی کن کن زبانوں اور بولیوں سے آئے ہیں۔ پاکستان کی علاقائی زبانوں نے اردو زبان کی تشکیل کے ابتدائی دور میں کیا کردار ادا کیا ہے۔ آپ کو اس لغت میں ہزاروں الفاظ ایسے ملیں گے جو پاکستان کی علاقائی زبانوں میں آج بھی زندہ و مستعمل ہیں اور یقیناً ہمیں دعوت فکر دیتے ہیں کہ ان الفاظ کو دوبارہ اپنی تحریروں میں استعمال کر کے اردو کو علاقائی زبانوں سے اور علاقائی زبانوں کو اردو سے قریب تر لایا جائے۔ اس لغت پر ایک نظر ڈال کر ہی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اردو نے برصغیر کی کم وبیش ساری زبانوں سے دل کھول کر فیض اُٹھایا ہے اور مزاج وصلاحیت کے اعتبار سے یہ ویسی ہی زبان ہے جیسی انگریزی زبان۔

اس لغت کو مرتب کرتے وقت میں نے حسبِ ضرورت مصدر، حاصل مصدر، امر، ماضی مطلق، مرکبات ومشتقات کی بیشتر شکلیں شامل کر دی ہیں تا کہ قدیم ادب کا مطالعہ کرنے والے کو مصدر کی بدلی ہوئی شکل پہچاننے میں دقت نہ ہو۔ ساتھ ساتھ اگر ایک ہی لفظ مختلف املائی شکلوں میں ملا تو اس کی یہ شکلیں بھی شامل کر دی ہیں تا کہ پڑھنے والے کو کسی غلط فہمی یا الجھن کا شکار نہ ہونا پڑے۔ اس کے علاوہ اگر مختلف مآخذ سے ایک ہی لفظ کے مختلف معانی سامنے آئے ہیں تو ان سب معانی کو اسی لفظ کے تحت یکجا کر دیا ہے۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس لغت میں الفاظ کے وہی معنی دے گئے ہیں جو قدیم دور میں رائج تھے۔ بہت سے الفاظ کے معنی ایسے ہوں گے جو آج کے معنی

سے مختلف ہیں مثلاً بانگ کے معنی اذان، جنگی کے معنی سپاہی، ہوادار کے معنی عاشق و دوست، البتہ کے معنی یقیناً، ضرور و بے شک، چال کے معنی گھر، پاک کرنی کے معنی جھاڑو، اڑانی کے معنی پنکھا، اُپرنی کے معنی اوڑھنی، دوپٹہ وغیرہ۔

دنیا میں کسی کام کو بھی حرف آخر نہیں کہا جا سکتا۔ یہ لغت بھی ایک ایسے کم مایہ انسان کی پُر خلوص کوشش کا نتیجہ ہے۔ جسے اپنی کم علمی کا پورا پورا اعتراف ہے اور جو، ستائش کی تمنا اور صلہ کی پروا سے بے نیاز، اس بات سے یقیناً باخبر ہے کہ انسان علم کے ذریعہ زندگی بھر اپنی جہالت کا اندازہ کرتا اور اندھیروں سے پناہ مانگتا رہتا ہے۔

میں مطلوب علی انصاری، محمد شاہد انصاری، محمد رؤف انصاری اور خاور جمیل کا شکر گزار ہوں، جنھوں نے لغت کے کارڈوں کو چھانٹنے اور ترتیب دینے میں خوش دلی کے ساتھ میرا ہاتھ بٹایا۔ برادر مکرم سراج احمد صاحب کا بھی شکر گزار ہوں۔ جنھوں نے کارڈوں کی ترتیب کو فنی اعتبار سے مزید درست کیا اور پھر رجسٹر پر نقل کر کے مسودہ کی شکل دے دی جس سے پریس والوں کے لئے آسانی ہوگئی۔ میں اپنے محترم بزرگ جناب افسر صدیقی امروہوی کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ جنھوں نے ساری لغت کو پوری توجہ کے ساتھ پڑھا اور مجھے اپنے گراں بہا مشوروں سے نوازا۔ جناب اشفاق احمد، ڈائریکٹر، اردو سائنس بورڈ لاہور میرے انتہائی شکریہ کے مستحق ہیں جو لغت کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور جن کی جوہر شناس نظر نے اس کی فوری اشاعت کا انتظام کیا۔ اردو سائنس بورڈ کے رکن جناب فضل قادر فضلی کا بھی شکر گزار ہوں، جنھوں نے دن رات لگ کر طباعت کے کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ خدا ان سب کو جزائے خیر دے۔

جمیل جالبی

تعارف

اُردو سائنس بورڈ لاہور کے سلسلۂ اولیات کی ایک اور کتاب پیش خدمت ہے۔ یہ کتاب جو قدیم اُردو کے تقریباً گیارہ ہزار الفاظ اور ان کے معنی پر مشتمل ہے۔ اردو کے نامور ادیب ڈاکٹر جمیل جالبی کے کئی سال کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے۔

قدیم اُردو کی لغت ولی گجراتی اور اس سے قبل کی تصانیف نظم ونثر کے ذخیرۂ الفاظ کا احاطہ کرتی ہے۔ مؤلف نے نسخوں کو جانچ کر ان میں سے الفاظ اور ترکیب کو بطور خاص اس لغت میں شامل کیا ہے جن کے مطلب اور معنی قدیم اردو ادب کے استادوں اور طالب علموں پر آسانی سے کھلتے نہ تھے۔

اس لغت کے مطالعے سے یہ بات بھی قاری کے سامنے آئے گی کہ ہمارے اسلاف لفظوں کو کس تلفظ سے ادا کرتے تھے۔ ان کی املا کیا تھی؟ ان کے اصول وقواعد کیا تھے؟ اور پاکستان کی علاقائی زبانوں نے اردو زبان کی ابتدائی تشکیل میں کیا کردار ادا کیا تھا؟ آپ کو اس لغت میں قدیم اردو کے ہزاروں ایسے الفاظ ملیں گے جو آج بھی پاکستان کی علاقائی زبانوں میں زندہ و مستعمل ہیں اور ہمیں دعوتِ فکر دیتے ہیں کہ ان بھولے بسرے یا خوابیدہ الفاظ کو دوبارہ تحریر وتقریر میں استعمال کر کے اُردو کو علاقائی زبانوں کے اور علاقائی زبانوں کو اُردو کے قریب تر لایا جا سکتا ہے۔

قدیم اُردو کی یہ لغت ادیبوں، شاعروں، صحافیوں اور مقرروں کے علاوہ زبان کے ماہروں، لسانیات کے استادوں، قواعد دانوں اور علم الانسان کے عالموں کے سامنے فکری، تہذیبی اور لسانی سطح پر بہت سے نئے راستے کھولے گی اور پاکستان کے حوالے سے ایک مثبت رخ متعین کرنے میں مدد دے گی۔

آخر میں ماخذ تفصیلی فہرست بھی دے دی گئی ہے، جس سے اس کتاب کی افادیت میں دہرا اضافہ ہو گیا ہے۔ یہاں ہم اس امر کی وضاحت کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ لغت کی ترتیب وتدوین کے سلسلے میں یہ ساری کتابیں مرتب کے زیر مطالعہ رہی ہیں اور الفاظ کے مطالب اور معنی متعین کرنے میں ان کے متنوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔

ہمارے سلسلۂ اولیات کا بنیادی فلسفہ یہ ہے کہ اُردو میں ایسے مواد کو جلد از جلد کتابی صورت میں شائع کیا جائے جو اس سے پہلے مبسوط صورت میں کہیں دستیاب نہ ہو۔ اس تیز رفتار زمانے میں ایسے مواد کو دستاویزی صورت میں محفوظ کرنا اور بھی لازم ہو گیا ہے تاکہ آنے والی نسلیں ایسے بنیادی کاموں پر اضافہ کر کے انھیں صحیح اور آخری صورت عطا کر سکیں۔

ادارہ

عرضِ ناشر

قدیم اُردو کی لغت کا پہلا ایڈیشن دسمبر 1973ء میں شائع ہوا، یہ ایڈیشن ہینڈ کمپوزنگ کے دور کی یادگار ہے۔ اس کے بعد بھی قدیم اُردو لغت کی طلب گاہے بگاہے پیدا ہوتی رہتی ہے۔

اس کی علمی اور تحقیقی اہمیت کے پیشِ نظر اس کو سہ بارہ نئی کمپوزنگ اور طباعت کے موجودہ فنی محاسن کے ساتھ طبع کیا جارہا ہے، تاکہ مخطوطات کا مطالعہ کرنے والے احباب کے لیے اُردو کے قدیم الفاظ دقت کا باعث نہ بنیں۔

اُردو لشکری زبان ہونے کے باعث بہت سی زبانوں کا ملغوبہ ہے۔ اس میں نئے الفاظ شامل ہونے کی گنجائش ہر وقت رہتی ہے۔ کچھ الفاظ برصغیر پاک و ہند میں جغرافیائی تبدیلی کے باعث کم استعمال ہونے کی وجہ سے متروک ہو چکے ہیں۔ اس لیے وہ قدیم اُردو کا حصہ بن چکے ہیں۔ اردو کے زندہ رہنے اور دنیا کی تیسری بڑی زبان ہونے کی وجہ بھی شاید الفاظ کے استعمال اور شمولیت کا یہی سلسلہ ہے کہ جس کی وجہ سے زبان کی ترویج جاری وساری ہے۔

قدیم اُردو لغت کے فوائد کے پیشِ نظر اور اُردو زبان پر تحقیق کرنے والوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے اور اپنی آنے والی نسلوں کو اُردو کی تاریخ اور اُردو الفاظ کی روح کی سلامتی کے لیے اُردو سائنس بورڈ کی اس نئی کمپوز شدہ قدیم اردو کی لغت کی پھر سے طباعت وقت کا تقاضا ہے۔ اس لغت سے اہلِ علم و ادب محققین، اساتذہ اور قدیم ادب سے محبت اور رغبت رکھنے والے قارئین کو سہولت مہیا ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

الف ممدودہ

آبدی: ابد تک، تا ابد

آباوچ: مصری، نبات

آبولے: چُپ، خاموش

آبھار: احسان، ذمہ داری

آبھاس: سایہ، روشن ہونا، سما جانا، تمہید، خلاصہ، جھلک

آبھاش: گفتگو، دیباچہ، بات چیت

آبھال: بادل

آبھیر: گوالا، اہیر

آپ: خویش، بگانہ، اپنا، اپنے آپ

آپار، آپارا: بے شمار، بے حساب، بے حد، بہت، بلند، اوپر

آپ بل: اپنی قوت سے، اپنی قوت

آپ بھاوتی: خود پسند

آپت: آفت

آپرانا: اوپر آنا، نکل آنا

آپروپ: نایاب، نادر، بدشکل، بے ڈول

آپ روپ: اپنی شکل، اپنا ظہور، نورِ الٰہی

آپس میں: اپنے آپ

آپسیں: آپ کو

آپن: اپنا

آپنا، آپنے: اپنا، اپنے

آپنین: اپنے

آپی: خود، آپ ہی

آپے: آپ

آپیچ: آپ ہی

آپیں: آپ ہی آپ

آت: بہت

آتش ڈوبنا: آگ بجھنا

آتم، آتما، آتمہ: روح، نفسِ ناطقہ، قالب، ذات، وہ ذات نوری جو کُل میں محیط ہو، خُدا

آتن، آتین: تخلیق، پیدائش، خلقت

آتھمنہ: بے وجہ

آتی کال: آنے والا کل، زمانۂ مستقبل

آٹ: آٹھ، مشکل

آٹاٹ، آٹاوٹ، اٹاٹ: دشوار، مشکل، مصیبت

آٹھپ، آٹوپ: ڈھنگ، ڈھب، تیور، انداز، سلیقہ

آٹاماٹی ہونا: روندا جانا، پسپا ہونا

آٹو: آٹھوں

آٹویں: آٹھویں

آٹ ہونا: بند ہو جانا، اَٹ جانا

آٹی: بے جان اور پست ہونا

آجھنا: چھڑکنا

آچار: چال چلن، اطوار، مذہبی تقریب میں کان میں منتر پھونکنے والا گرو

آچارج: مرشد، راہنما، اُستاد

آچاٹے: اُٹھائے(اچانا=اٹھانا)

آچت:(اُچت) آفتاب، سورج

آچکل: ناز، عشوہ، شوخی

آچھے: رہے

آچھی: (آکشی)۔آنکھ کی پتلی، آنکھ

آخوند: خاوند، اُستاد

آد: آغاز، قدیم، جاوداں، آفرینش، اوّل

آدار، آدھار: سہارا، ذریعہ، وسیلہ، آسرا، مدد، مربی، بادبان، خوراک

آدر: عزت، احترام، قدر ومنزلت، تعظیم، اچھا

آدرش: نمونہ، مثال

آدرشن: آئینہ، شرح

آدرنا: عزت دینا، تعظیم کرنا

آدمورت: قدیم صورت، اولین شکل، بوڑھا

آدمیں: آدمی

آدمینچہ: [آدمیں+چہ] آدمی ہی

آدھ: فکر، سوچ بچار

آدھار پکڑنا: سہارا لینا، مدد لینا

آڈمبر، آڈنبر: ظاہری ٹھاٹ باٹ، غرور، تکبر، شور شرابا

آر: کانٹا، آنکس، طریقہ، دل، لا

آرات: نزدیک، دُور، دشمن

آراتی: درستی

آرایش: آرائش

آرت: ارتھ، زمین، معنی، مطلب، مقصد، منشاء، مال، دولت

آرت: دُکھ درد، آرزو

آرتا، آرتی: نظرِ بد دُور کرنے کا عمل، بلا دُور، دیوتاؤں کی مُورتی کے چاروں طرف چراغ پھرانے کی رسم، نثار، وہ بھجن جو آرتی کے وقت گایا جاتا ہے، حمد

آرت کرنا: آرتی اُتارنا، ہندوؤں کی ایک مذہبی رسم

آردر: گیلا، تر، بھیگا

آرزوماد: آرزومند

آرس: سستی، کاہلی، کمزوری، سکون، آرسی، آئینہ

آرسا، آرسی: آئینہ، ایک زیور، سورج کے لیے بھی آتا ہے (آرسیان جمع)

آرکا بھارکا: اِدھر کا اُدھر کا

آرنب: (آرمبھ) آغاز، ابتدا

آروس: عروس

آروسانی: عروسی

آرھیاں: آرھیا، آرھیں

آری: موسیقی میں ایک لَے اور تال کا نام

آریہ: بڑا، معزز، قابل عزت، آریہ قوم

آڑ: ساتھی، یار، مددگار، حمایتی، پناہ، اوٹ

آڑا ہونا: دل برداشتہ ہونا، برگشتہ ہونا

آڑی: ساتھی

آڑے: ناراض

آڑیاں: ساتھی

آڑی نظر: ٹیڑھی نظر

آس: شوربا

آسا (آشا): آس، اُمید

آسار: اسوار، سوار

آساں: آس کی جمع

آساساں بھرنا: آہیں بھرنا

آساوَری: سُسرال

آس پرُانا: آس پوری کرنا

آس پھوڑنا: نا امید ہوجانا

آستھاں: آستان، مقام، آڑ، روک، کوشش، فکر

آسَرَن: درماندہ، بے چارہ

آسِر واد: دعا

آس کاٹی: بدبخت، نامراد، بدنصیب

آسادھ: بیماری، روگ

آسانی: بلند

آسن: نشست، طریقہ مباشرت، جوگیوں کے بیٹھنے کا طریقہ

آس مند: امیدوار

آسو: برکہ

آسودکر: اطمینان سے

آسی: امیدوار، آئے گا

آسے: آسکے

آسیا: چکی، استعارۂ آسمان

آسیاسن: سنگھاسن، تخت

آسیں: آئیں

آسیہ: منھ، چہرہ

آش: آس، امید، سہارا

آشتی: سہولت

آفت لاؤ: آفت لانے والا، آفت ڈھانے والا

آکار: سینسار، مقید، تعلق، نظر، صورت، روپ، ہیئت ظہور، خوش ترتیبی، خوش شکل

آکاس، آکاش: آسماں، خلا، ہندو فلسفہ کی رو سے پانچواں عنصر

آکاش وانی: غیبی آواز

آکن: گھاس پھوس

آکل: حیران، پریشان، بے چینی، مضطرب

آکو: آکے، آکر

آکھ: چوہا، چور

آکھر: گپھا، وہ جگہ جہاں جنگلی جانور رہتے ہیں، حرف

آکھنا: کہنا

آکھو: چوہا

آکھوں: کہوں

آکھے: (آکھنا، کہنا)، کہا (جمع ماضی مطلق)

آکھیوں: آنکھوں

آگ: آکھ، مدار

آگا: آئے گا

آگاہ پنا: واقفیت، معرفت

آگ جیباں مارنا: آگ کے شعلے بھڑکنا

آرگل: ظرف، آگے، آگئے، بڑھ کر، زیادہ اور زیادہ،
بلّی دروازے کی، کنڈی، زنجیر

آگلا: اعلیٰ، زیادہ، بہتر، اگلا، آگے

آگلا ہونا: پہل کرنا

آگلی: زیادہ

آگلے: اگلے، سامنے

آگن: آگ

آگو: آگے

آگوں، آگھوں، آگیں: آگے، سامنے

آگھار: نیت، حرص

آگھار بھرنا: نیت بھرنا، سیر ہو جانا

آگیا: اجازت، رخصت، ہدایت

آل: تری، نمی

آلا: اعلیٰ، برتر و خوشتر، گھونسلا

آلے: آلا کی جمع

آلا: طاق، محراب، ہرا، کچا

آلا پالا: گھاس پھوس، درختوں اور پودوں کے پتے وغیرہ

آلاپنا: سُر ملانا، گانا

آلالان: جوش، ولولے، [آلالے (جمع)]

آلان: وہ کھونٹا یا رستا جس سے ہاتھی کو باندھتے ہیں
بیڑی، زنجیر، ہاتھی کی پیٹھ کا گدا

آل بیل: آل اولاد، نسل، سلسلۂ نسب

آلس: سستی، دیری، غنودگی

آلسی: کاہلی، خواب آلود

آلکس: سست، کاہل، سستی، کاہلی

آلکسیا: سست، کاہل

آلنگ، اُلنگ: اَلنگن، بغل گیر ہونا، ہم آغوش ہونا، مستی،
ہم بستری، ہم آغوشی، بغل گیری

آلہ: تھانولا (پیڑ کا)

آلہا، آلھا: طاقچہ

آلی: جانب، طرف، سہیلی، سکھی، محبوب، چنچل، اعلیٰ،
عالی، رنگین مزاج

آلے: تھالے

آمنا: امان، منت، احسان

آمنا دھرنا: آمنا سامنا کرنا، مقابلہ کرنا

آن (مصدر آنا بمعنی لانا): لا، لائے، لانے والا

آن آن: لا لا کر

آنب، اَنب: آم

آنٹ: آنٹی، گرہ، گانٹھ، پھندا، پیچ

آنٹی: گرہ، پھندا، پیچ

آنجن: کاجل، سُرمہ

آنجو، اَنجو، آنجھو: آنسو

آنچ: آگ، آنچ

آنچر: آنچل

آندوں: سمجھوں، لاؤں

آنک: آنکھ

آنکس: وہ نوکیلا آلہ جو ہاتھی کو قابو میں رکھنے کے لئے فیل
بان استعمال کرتا ہے۔

آنگل: گہرا

آنگو: آن کر

آنکھیاں کے مسافر: دیکھنے والے مسافر

آنگ: جسم

آنگن، آنگن: انگنائی، صحن

آنگے: آگے

آن لگنا: وقت آجانا

آننا: لانا

آنند: خوشی، ذوق، عیش، مسرت، امن، چین

آنندوار: عیش کا دروازہ

آنہار، آنہارا: آنے والا

آنے: لائے

آنیا(آننا=لانا): لایا

آنیں: لائیں

آنو: لاؤ، آن

آوا: بھٹی، مٹی کے برتن پکانے کی جگہ

آوارہ: سرگرداں، پریشان

آوت: آتا ہے

آوتارو: وارد، آنے والا

آوسی: آتا ہے، آوے گا

آون: آنا

آوند: برتن

آونے: آنے

آویزی: قریبی، وابستہ

آہار: خوراک، کھانا، مسطر پر پھیری جانے والی لیئی

آہر جاہر: آنا جانا، آمدرفت

آہ وویلانی: آہ وواویلا

آئیا: آیا

آئیاں: آئی ہیں

الف مقصورہ

اَ: سنسکرت حروف تہجی کا پہلا حرف جو اسما کے پہلے آ کر نفی کے معنی دیتا ہے مثلاً مول سے امول، کال سے اکال کھنڈ سے اکھنڈ، نہ، نہیں

اُبالاں: جوش

اپتھن، اپتین: اب تک، اس وقت تک

اپچھر، اپچھرا: اِندر کے اکھاڑے کی پریاں

ابدھ: بیوقوف، بیوقوفی

ابرا: اوپر کا کپڑا (جیسے لحاف کا ابرا)

ابراوت: فیل سفید، اِندر

ابرش: سرخ وسفید رنگ کا گھوڑا

ابرن: لباس

اُبرنا: اُبھرنا، باقی رہنا

ابرو: (ابر) بادل

ابرہن: لباس، پیراہن، کپڑے

ابس: توقف

اَبکم: گونگا

اَبلا: عورت، کمزور

ابلابلی: طاقت ور، ضعیفوں کا حامی، نہایت قوی

اَبلق: چتکبرا گھوڑا

ابلگ: اب تک

ابلوج، ابلوچ: مصری، نبات

ابوج، ابوجھ: نادان، کندذہن، احمق، ناسمجھ

ابودھ: بیوقوف، بے عقل

ابول: ناقابلِ فہم

ابولا: چپ، خاموش

ابولے: نہ بولنے والے

ابھاگ: بدقسمتی

اَبہال، اَبھال: بادل، ابر، بارش (ابھالاں، جمع)

اُبھال: جوش، اُبال

آبھالیں، ابھالے: چھلانگ، جست

اُبھانا: ڈرانا، پریشان کرنا

ابھہ: ملال، رنج

اَبھر: بادل، گردوغبار، خاک دھول، اَبر

ابھرک: ابرق

اَبھرم: آسمان

اُبھرَن (ابرن): زیور، آرائش، لباس

اَبھمان، ابھی مان: غرور، گھمنڈ، شیخی، بزرگی

ابھوشن: زیور، گہنا، آرائشی پوشاک

ابھوکن: زیور، ہیرے، جواہرات

ابھوگ: مفلس، مفلسی، بے عیش، وہ جو استعمال یا کھانے کے لائق نہ ہو۔

ابھنگ: غیرفانی، ہوشیار

اَپ: آپ، اپنا، اپنے، اپنی

اَپ: پانی، بد، الگ

اُپ: نزدیک، ہمراہ، کم

اَپار: بہت، بے حد، بلند، لامحدود، بے حساب، بے نہایت، بے انتہا، اَن گنت، ناقابل عبور، بے شمار

اُپار: (اُپاڑنا، اکھیڑنا) اکھیڑ

اُپاڑنا: اُکھاڑنا، نکالنا

اُپاس: فاقہ، روزہ

اُپاسنا: پوجنا

اُپاسی: بھوکا، روزہ دار

اَپاک: ناپاک

اُپال: جڑ سے اکھاڑ دینا، بیخ کنی کرنا

اُپانا: تدبیر کرنا، سوچنا، پیدا کرنا

اپاؤ، اپائے: حکمت، علاج، تدبیر، آفرینش

اُپایا: نکالا، پیدا کیا

اُپٹ: دور، الگ، علیحدہ

اپٹنا: بگڑنا، غضب ناک ہونا، بلند ہونا

اُپج: پیدائش

اپچار: بیان، پیدائش، تدبیر، خدمت گزاری، حکمت، نصیحت، سربراہی، بدلہ، چارہ، رشوت، طبابت

اپچانیا: پیدا کرنا

اپچنا: نکلنا

اُپچکر آیا: ظاہر ہوا

اُپجنا: پھوٹنا، اُگنا، پیدا ہونا، ظاہر ہونا، نکلنا

اُپجانہارا: پیدا کرنے والا

اپچھر، انچھرا: اِندر دیوتا کے اکھاڑے کی پری، حور، اُپسرا

اُپجے: نکلے

اُپدھان: تکیہ، سرہانہ

اپ دیس: وطن، اپنا ملک

اُپدیش: تعلیم، ہدایت، نصیحت، صلاح، تلقین، منتر سکھانا

اُپر: اوپر، پر

اُپرانا: آپے سے باہر ہونا

اپراد (اپرادھ): قصور، گناہ، غلطی، جُرم

اُپرار: اوپر

اُپرال: اوپر کی طرف، اوپر

اُپراں: اوپر

اُپرنا: ڈوپٹہ

اَپرم پار: لامحدود، بے کنار

اُپرواڑی: عالمِ بالا

اپروپ: بے مثل، نایاب، نادر، انوکھا، کمیاب، عجیب، بے نظیر، بے ڈول، بدشکل، اعلیٰ درجہ کا، شاذ، لاثانی

اپڑنا: گرفت میں آنا، ملنا، پانا، پہنچنا

اپڑیا: پہنچا

اُپس: بدبو، بوسیدگی

اَپَس: اپنا، اپنی، اپنے، خود، آپ، حکم، اپنے پاس سے

اَپستا: خودسر، خوددار

اپس تے آپی: آپ سے آپ، ازخود

اپس تیں: خودکو

اَپس جائی: اپنی بیٹی

اپسری: حور، پری، رقاصہ

اَپ سٹ دینا: خودکوگم کردینا، حواس کھوبیٹھنا

اپس سوں اپچ: آپ ہی آپ

اپس کا: اپنا، خودکا، خویش

اپسے: خودبخود، ازخود، اپنے، اپنے آپ کو

اپسیں واروں: اپنے آپ کوفدا کروں

اپ کاج مہا کاج: اپنا کام بڑا کام

اُپکار: احسان، مہربانی

اُپکار کرنا: بخشش کرنے والا

اُپما، اُپمان: تشبیہ، تمثیل، استعارہ، مشابہت

اَپمان: بے عزتی، بے اعتباری

اَپن: اپنے، آپ، خود، اپناپن، ہم، اپنا، خودہی

اپناچ: اپناہی

اپناں: اپنا

اَپنڈت: جاہل

اَپن سر: اپنے سر

اَپنک: خود، آپ

اپنکی: یگانگت

اَپنگ: لنگڑا، معذور

اَپنگ: نادر، اچھوتا، نرالا، یکتا، بے مثل، تنہا

اُپنگ: ساز کی ایک قسم جو بین کی طرح منہ سے بجایا جاتا

ہے، پونگی

اپنیاں: اپنے اور اپن کی جمع

اُپواس: فاقہ

اپے: آپ ہی، خود، خود ہی، آپ

اپنی وادی پر آنا: اپنی بات پر اڑنا

اُپھالی کرنا: اکھاڑنا، بیخ کنی کرنا، جڑ کھودنا

اپی (آپ ہی): خود ہی، خود

اپسیے : خود، آہ

اپیں: آپ، خود ہی، بذات خود، آپ خود، آپ ہی، آپ کو

اپیں پنا: خودی، اَنا

ات، اتی: بہت، نہایت، زیادہ، عمدہ، بڑھیا، یہ

اِت، اِتی: اتنے، اتنی، اس قدر، اس، یہ

اُت: اوپر، اُدھر، اُس طرف، سر، اُس

اِتا: اب، اتنا، اس قدر، ذرا، فی الوقت

اتا: باپ

اتار: بے عزت

اتارو: اُتارنے یا پار لگانے والا، مددگار

اتاریا: اُتاریا

اتاریا گیا: مارا گیا

اِتال: ظرف، اب، اس وقت، اسی وقت

اتال: بدلنے والا، متلوّن، بے چین، بے قرار، فوراً، ترت پھرت

اُتال: ساعت، پل، گھڑی، زمین کے سات طبقوں میں سے ایک طبقہ کا نام

اُتالی: مضطربانہ، بے قرار

اُتالا: جلد باز

اُتاول: جلدی، جلد باز، جلد، بیقرار

اُتاولا: جلد باز

اتائی: گویا

اتبٹ: غلط

ات بل: بہت طاقت والا، نہایت قوی

اُتپت: آفرینش، ابتدا، آغاز، پیدائش، پیدا کرنا

اُتپن ہونا: پیدا ہونا، نمودار ہونا، ظاہر ہونا

ات چپل: نہایت تیز

اُتر: جواب، شمال

اُترائی: احسان کا بدلہ

اترتچہ: اُترتے ہی

ات سندر: بہت خوبصورت، بہت قبول صورت

اتِک: اتنا، اس قدر

ات گت: بہت بڑا، بے شمار، بہت زیادہ

ات گن: ان گنت، بہت زیادہ

اتُل: جس کا پیندا نہ ہو، گول

اتُل: بے نظیر، بے مثال، لاثانی

اتلیک: بہت، بے حد

اُتم: اعلیٰ، بڑھ کر، خوبی، اول، عمدہ ترین، بڑھیا، برتر

اتناج: اتنا ہی

اُتنگ: لمبی، اونچی

اتنیاں: اتنی یا اتنے کی جمع

اتھا: تھا

اتھار، اتھارا: بے حد وسیع، بڑھ کر

اِتہاس: کہانی، تاریخ

اتھاہ: جس کی تھاہ نہ ہو، بہت گہرا، بے پایاں

اُتھل: وہ جس میں کم گہرائی ہو، تھیتھلا

اُتھلا: کم گہرا

اُتھل جانا: ظاہر ہو جانا

اتھی: تھی

اتھے: تھے

اتھیاں: اتھی کی جمع، بمعنی تھیں

اتھیں: تھیں

اِتی: اتنی

ایتے: اتنے

اتیت: سادھو، مسافر، سیاح، زائر، تپشی گذشتہ، گزرا ہوا، بیراگی، اوجھل ہونا، غائب ہونا (اتیتاں، جمع)

اتیت انگھاتا: قاعدہ، اصول (موسیقی)

اتیتھی (آتی تھی): مہمان، سادھو، مسافر، سنیاسی، یوگی، سیاح

ایتن (اتن): تخلیق، خلقت

اٹ: آٹھ

اُٹ: اُٹھ

اٹاٹ، اٹاوٹ: سخت مشکل، دشواری

اٹک: جگھ، مقام

اٹکیو: (اٹکنا) اٹکے

اٹکٹ، اٹگھٹ: بے انتہا، بے حد، بے حساب

اٹل: قائم

اٹمبر، اٹنبر: بھیڑ، مجمع، سامان

اُٹنا: اُٹھنا

اٹوپ: ڈھب

اٹھ: آٹھ

اٹھارنہ (اٹھاراں): اٹھارہ (۱۸)

اُٹھیاں: (اٹھنا) اُٹھا

اٹی: سوت کی اَنٹی

اٹیرن: چرخی، لکڑی کا وہ آلہ جس پر سوت لپیٹا جاتا ہے

اثبات: اقرار کرنا، ثبت کرنا، ثبوت دینا

اثر: نشان، کھوج

اجات: ذات سے خارج

اُجارا: اُجالا

اِجارت: اِجارہ

اُجاگر: روشن

اُجال: روشن، چمک دار، نمایاں، اُجالا، روشنی، اُجلا

اجان، اجانا: انجان

اجت: جو جیتا نہ جا سکے، فاتح، بھگوان، سورج، نہ جیتا ہوا، ناقابل تسخیر

اجُت: جسم

اجدحام: اژدہام، بھیر

اُجڑیا: اجڑا، خانماں برباد

اجگر: اژدھا، کاہل

اُجگر: اجاگر

اُجّل: سفید، روشن، خالص

اُجلا: سفید، صاف

اجمود: ایک دوا کا نام

اجنو: ابھی تک، ابھی

اجنوں: اب، اب تک، ابھی تک

اجو، اجوں: ہنوز، اب تک، اب بھی

اجوں، اجھوں: آج ہی، اب بھی

اجوں کولگ: ہنوز، اب تک

اجھنوں: آج تک

اجھو، اجھوں: اب، ابھی، اب تک

اجھوں لگ: اب تک، ابھی تک

اجھمکن: روشنی

اجیرن: ہضم نہ ہونا، بارِ خاطر، مصیبت

اُچ: ہو (اچنا، ہونا)

اُچا: اٹھا

اچاٹ: بیزاری، بے دلی، اکتاہٹ، اداسی، پریشانی

اُچار: تلفظ، لہجہ، تعریف، راز

اُچانا: اٹھانا، اونچا، کرنا، بلند کرنا

اُچانک: یک بارگی، ایک دم سے، عجیب

اُچانے: اُٹھانے

اُچاون: اُٹھانا، بلند کرنا، اُچانا

اچاوں: اٹھاؤں

اُچاوے، اچائیے: اٹھاوے، اٹھائیے

اچایا: (اُچانا، اوچانا = اونچا کرنا) اونچا کیا، بلند کیا

اچپل: چنچل، شوخ، بے قرار، چلبلی، چاق و چوبند، شگفتہ، نہ ٹلنے والی، شریر، نخرے کرنے والا، گھوڑے کے معنی میں بھی آتا ہے

اچت: مطمئن

اچتانا: پچھتانا، افسوس کرنا

اَچر: اٹل، جو چل نہ سکے، زبانِ سنسکرت کو بھی کہتے ہیں، بے جان، پہاڑ

اُچر: پڑھنا

اچرج: حیرت، تعجب

اچرچ: (اچرج، آشچرج) انوکھا، عجیب، تعجب، حیرت

اچسی: ہوگا

اچک: بے خطا، نہ چوکنے والا

اُچک: چھین کر لے جانیوالا، شوخ، تیز و طرار، دلربا، ہوش ربا

اُچکا: چھین کر لے جانیوالا

اچکر: رہتے ہوئے

اچکل: شوخ

اچکلا: صاف، شفاف

اچل: جو چل نہ سکے، اٹل، ساکن، پہاڑ، زبان سنسکرت کو بھی کہتے ہیں

اُچل: چھل

اچلا: غیر متحرک، مجاز از مین

اچمبک: عجیب، طرفہ

اچنا(اچھنا): ہونا، ساتھ رہنا

اچنبا: اچنبھا

اچنبک: عجیب، طرفہ

اچوک: بے شبہ، یقینی، صحیح

اچہ: ہو

اُچہ: اونچا، لمبا

اچہ(اچھ): ساتھ رہ، ہو، وہ، ہوگا، رہ

اچھا: سفید

اِچھا: مرضی

اُچھالیاں: چوکڑیاں، چھلانگ، کلیل

اچھتا: (اچھنا مصدر)، ہوتا

اچھر: حروف تہجی کا کوئی ایک حرف، آخر، لافانی، اُپسرا،
حور، جادو

اچھر دوا چھر: لفظ دو لفظ

اچھرماں: پریاں، اُپسرائیں

اچھروٹی: ستار پر بجائے جانے والا راگ، ستار کی قسم کا
ایک باجا

اچھریان: پریاں، اُپسرائیں، حوریں

اچھڑی: لڑکی

اچھنا: ہونا، رہنا، زندہ ہونا، ٹھہرنا

اچھنہار: رہنے والا

اچھنے: رہنے

اچھو: ہو، ہوں، رہو

اچھوجم: رہے ہمیشہ، سدا رہے

اچھونا: اچھنا کی دوسری صورت، ہونا، رہنا

اچھے: ہے، رہے، ظاہر، ہو، ہوئے

اچھے سار: ٹھیک ٹھیک، نفس الامر

اچھیگا، اچھینگا: ہوگا

اچھینگے: رہیں گے

اچیت: آفتاب

اخل: عقل

اُد: پانی

ادا، ادے: آدھا، آدھے

اد آد: آغاز، آفرینشِ عالم

ادار: (اُدھار)، سہارا

اداس: آزاد

اِدت: سورج

ادر: پتھر، چٹان، پہاڑی

اُدر: پیٹ، موٹاپن، کشت وخون

ادرمان: عزت، تعظیم

ادک (ادھک): بڑا، بہت بڑا، بہت سا، بہت زیادہ،
نہایت، کثرت سے

اُدک: پانی

ادگدھ: کچا

ادلا: پنڈلی کا گوشت

ادلانا: پریشان کرنا

اُدلنا، اُدھلنا: مضطرب ہونا، برباد ہونا یا کرنا

اُدم: کاروبار، کوشش، سخت کاوش، سخت محنت

اُدماد: شوخی، بے حیائی، شہوت پرستی، آورگی، مستی، تکبر

ادمیں: آدمی

ادنتری: لٹکا ہوا، معلق، بیچ میں

ادو: سورج

ادوس، ادوسی: بے قصور

ادِھ (آد): قدیم

اڈھا: آدھا

ادھار: سہارا، ذریعہ، وسیلہ، مدد، خوراک، طاقت، بھروسہ

ادھارا، ادھاری: تاریکی

ادھارنا: رہا کرنا، آزاد کرنا، رہائی دینا، موقوف کرنا

ادھان: ا۔ طغیانی، سیلاب، جوار ۲۔ مشرب، رسم، مذہب

ادھر: ہونٹ، خاص کر نیچے کا ہونٹ

ادھراج: مہاراجہ، شہنشاہ

ادھرامرت: لبوں کا آب حیات

ادھرپان: ہونٹ چوسنا

ادھر پرادھر: لب برلب، ہونٹ پر ہونٹ

ادھرتی چال: بے تکا پن

ادھرم: اندھیر، ظلم، بے ایمانی، ناانصافی، گناہ، لامذہب

ادھرماں: مرتبہ

ادھرمی: لامذہب، گناہ گار

ادھک: زیادہ، بڑا

ادھم: ذلیل آدمی، نیچ، نکما، عیاش، ادنی

ادھن سری: پریشان

ادھو: راستہ

ادھیر: بے ہمت، بے چین

ادھیکا: ناتواں، حاسد

ادیت: سورج

ادیتا: قیمتی

ادیک (ادھک): زیادہ

ادیک ثنا: حسد، جلن

ادیکھا: حاسد

ادیکھ پن: حسد، جلن

ادیکھی: جو نہ دیکھے، جو نہ دیکھا جا سکے

ادیکھے: نہ دیکھے ہوئے

ادیکی: بے نہایت، بے حد، زیادہ

اڈ: جھگڑا، مخالفت

اڈلیا: ا۔ پسند آیا ۲۔ ڈالی، ٹوکری

اڈمبر: ظاہری ٹھاٹ باٹ، نمائش، خوشی، غصہ، غرور، تکبر

اُڈو: تارا

اڈھال: بُرے ڈھنگ والی

اڈھل: نہ ڈھلکنے والا، نہ گرنے والا، مضبوط

اذفر: تیز بو والا

ار: اگر

ارابا: فصیل کے وہ چبوترے جہاں توپیں نصب کی جاتی تھیں

ارابے: بارودخانے

ارائیں: کاشت کار، مزارع، کسان

اربد: اَرب، سو(۱۰۰) کروڑ

اُربسی: ہار کی طرح کا ایک زیور، اِندر کے اکھاڑے کی ایک پری کا نام

اربند: (اروِنڈ) کنول، نیلوفر

ارت: (ارتھ) مفہوم، معنی، منشا، مطلب، تشریح

ارت: مال ومتاع، دولت

ارتھ: معنی، مقصد، مطلب، تشریح

ارتھ کار: مطلب برآر

ارتی: ارتھی، جنازہ

ارجنا: پانا، فائدہ اٹھانا

اُرجھنا: الجھنا

ارچنا: پوجنا

ارداش: عرضداشت، عرضی

اردگان: نجوم کی ایک جدول جو استخراجِ نتائج میں دخل رکھتی ہے۔

اردنگ: (اردھا نگ، اردھانگی، اردھنگ)
[اردہ = نصف + انگ = جسم] آدھا جسم، عورت

ارڑاکر: انتہائی درد سے چلّانا، جانوروں سے مخصوص ہے

ارڑاکے: چلّا کر

ارڑاوتا: چیختا، چلّاتا، گرجتا

ارژنگ: نگارخانہ، چین کے ایک مصوّر کا نام

اِرس: پہیے کا دُھرا

ارس: بے رس، بدمزہ، سوکھا

اُرس: چھاتی

ارگجا، ارگجہ: ایک مرکب خوشبو

ارگند: ایک قسم کا پھول، خوشبو

ارُن: شفق، سرخی

ارنا: اَڑنا، اٹکنا، رکنا

اروا: خواہش

اروگن: ضیافت

اری: دشمن

اُریب: ٹیڑھی، ٹیڑھا

اڑ: غرور، ضد

اُڑانا: طعنہ

اڑانا: پائنتی، پلنگ کا وہ حصہ جدھر پیر رہتے ہیں

اُڑانا بچھانا: اوڑھنا بچھونا

اڑانی: پنکھا

اڑاونا: چلانا، اڑانا

اڑباٹ: عام ڈگر سے الگ، الگ راستہ، ناہموار راستہ جو شارعِ عام اور آبادی سے الگ ہو

اڑرھیا: درماندگاں

اڑڑانا: چیخنا، چلّانا، ڈکارنا

اڑسری: مقابلہ، سرکشی

اڑکا: پیتل کا ایک سِکّہ، ٹکا، دَمڑی

اُڑگن: (اوڑگن) ستارہ، ستاروں کا مجموعہ، سنسکرت میں 'اُدگن' آتا ہے

اڑلانا: اڑڑانا، چلّانا

اڑنانوں: عرف، پیار کا نام

اڑنگا: رُکاوٹ

اُڑی: چھب، ناز و انداز، ادا

اُڑی، اوڑی: چھلانگ (تیرنے کے لئے بلندی سے پانی میں چھلانگ لگانا)، غوطہ

اڑے (اڑنا): رُکے، مبتلا ہوئے

اڑیا: مشکل میں پھنسا ہوا، مبتلائے مصیبت

ازار: دکھ، آزار

ازمانے کے تئیں: آزمانے کے لیے

ازماونا: آزمانا

اُزن: فوراً، اسی وقت

اُس: اس کے پاس، اس کو، اس کے

اساڈلا: سوتی کپڑا

اسارا: چھپّر

اُساس، اوساس: آہ، ٹھنڈی سانس (اُساساں۔ جمع)

اُساس: سانس، آرزو

اسان: آسن

اُسانا: جوش دینا

اسپاس: آس پاس

اُسپت: سوار، گھوڑے کا مالک

اسپند: کالا دانہ

اسپھل: بے پھل، بے مراد

اِستُت: (استُتی) مدح، تعریف، مناجات

اِستُت کرت: گن گاتا ہے، مدح کرتا ہے

استرس: بہت زیادہ

اُسترہ: چھُری

اِستری: عورت

استوا: دوپہر کا وقت

استوت (استوٹ): تعریف، مدح، توصیف

استھ: ھڈی

استھان: جگہ، مقام

اُستھی (اُس تھی): اس سے

استیں: آستین

اسٹ (اسٹھ): آٹھوں سمتیں، آٹھ

اُسچ: وہی

اسد: آسمان کے ایک برج کا نام، شیر

اُسرا: اسیر کی جمع، قیدی

اسرَن: بے آسرا، بے سہارا، غیر محفوظ

اسرواد: آشیرباد، دعا، مبارک باد

اسفید: سفید

اس لیے: اس واسطے

اسمان: آسمان

اسنگت: بے تعلق، بے جوڑ

اسوار: سوار

اسوچ: سمجھ سے باہر

اس واسطے: کیونکہ

اسوجھ: جسے سوجھ بُوجھ نہ ہو، بے عقل

اسوجھہ: پوشیدہ، چھپا ہوا

اسودھ: ناراستی، غلطی

اسومتی: زمین

اُسوَن: اُسے

اسی: استی (۸۰)

اشاڑ (اساڑھ): ایک ہندی مہینے کا نام جو گرمی کے موسم (جون، جولائی) میں آتا ہے

اشٹ: آٹھ

اشٹ دسا: آٹھ سمتیں

اشم: آٹھ، آٹھواں

اشقالنا: چھیڑنا، حرکت دینا

اشقر: گھوڑا، سرنگ گھوڑا، امیر حمزہ کا گھوڑا (داستانِ امیر حمزہ کا مشہور کردار۔ امیر حمزہ)

اِشکال: مشکل پیدا کرنا

اشکلاۃ: شکلیں

اشلوک: شعر

اصول: اطوار

اصیل: ماما

اعتباری: اعتقاد، اعتبار

اعرج: معذور

اعقل: سب سے زیادہ عقل مند، عاقل

اعمال: عُمّال، حاکم، صاحبِ اختیار

افسوسے: افسوس، رنج، غم

افغاں ہونا: آہ وفغاں کرنا، نالہ وزاری کرنا

اقامت: کھڑا ہونا

اقلام: قلم کی جمع

اکار: عالمِ ناسوت، سنسار، بیکار

اکارت، اکارتھ: بیکار، برباد، رائیگاں

اکاس: آکاش، آسمان

اکاسابھکاسا: فریب، دھوکہ

اکالنا: نکالنا

اکاؤ: یکے بعد دیگرے، ایک ایک کرکے

اکایک: یکایک

اُکت: بات چیت، گفتگو، بات کرنا

اکر: آکر، آگرے

اکرمی: بدبخت

اکرن: نہ کرنا

اکرّن: الفاظ

اکران: (اکھران) اکر کی جمع، الفاظ

اکشتا: سرخ چاول جو برہمن (پُجاری) پیشانی پر چپکاتے ہیں

اکل: مضطرب، بے چین

اکل بے کل: اکیلا اور بے چین

اکلا: زیادہ تر

اکم: اونچا، بلند

اِکنگ: یک رنگ، یک جان

اکنگھا: اکیلا، تنہا

اکور: گھوس، رشوت

اُکھالنا: نکالنا

اکہت: کہتا ہے

اکھت: راز، بہت

اکھٹ: باریک تر

اکھر: الفاظ، حروف

اکھر: اکثر

اکھر (اکھر): الفاظ، حروف

اکھرتیاں (اکڑتیاں): اکڑتی ہوئی

اکھرنا: اکڑنا

اکھرو: اَکھشر، حرف

اکھم: ایک آنکھ والا، کانا

اکھنا: کہنا

اکھنڈ: ا۔ غیر قابل تقسیم، سالم، تمام، ثابت، پورا
۲۔ مکروفریب، لایتجزی

اکھیاں: آنکھیں

اگ: آگ

اگاس (اکاس): قوت، آسمان

اگاؤ: اگاڑی، آگے، پہلے

اگت: مستقبل، آئندہ زمانہ

اگربھید: اگر کا جنگل

اگرچندن: اگر اور صندل

اگری: اگر، جو صندل کی طرح ایک خوشبودار لکڑی ہے

اگل: آگے، سامنے، روبرو، زیادہ، سبقت لے جانے والا

اگلا اگلے: بڑھ کر، افضل، آگے، زیادہ آگے کا، بڑھا ہوا، پہلا

اَگم: ا۔ بنیاد، عارف الوجود، عقبیٰ، علمِ غیب، چشمہ، گہرا
۲۔ ناقابل فہم، ناقابل گزر، ناقابل حصول

اُگم: پیدائش، بالیدگی

اگن: ا۔ آگ ۲۔ آنگن، صحن

اُگنا: مشرق، شمال کے لئے بھی آتا ہے

اگنی: آگ

اگو: آگے

اگواڑا: اگا، اگلا حصہ، صحن

اگوچر: جو نظر نہ آئے، غیر محسوس، جو پڑھا نہ جاسکے

اگھا: سیر

اگھات: مار، چوٹ

اُگھاڑنا: کھولنا، اُکھاڑنا

اُگھانا: سیر کردینا، مطمئن کردینا، تشفی حاصل کرنا، سیر ہونا، چھکنا

اُگھائے: سیر ہوئے

اگھٹ: انہونی، ناشدنی، غیر ممکن

اگھم: یقین

اگھور: ڈراؤنا

اگھی: دیکھی

اگھیانی: دل سیر کردینے والا

اگھیٹی، اَگنیٹھی، اگیٹی: انگیٹھی

الگنا: پار کرنا، چھلانگ لگادینا، کودنا، جدا ہونا

الگیا: الگ، مخصوص

اللّے تللّے: عیش وعشرت

النکار: زیور، ابھوشن، آرائش، صنائع بدائع، فن شاعری

النگ: ہم بستری، ہم آغوشی، بغل گیری

النگ: چھلانگ، سمت

اُلنگ: دیوار

النگنا: کود جانا، چھلانگ جانا، گزر جانا، بغل گیر ہونا،
حد سے تجاوز کرنا

اُلنگی: پشت بہ دیوار

النگے: الٹے

الوپ: پوشیدہ، نہاں، غائب

الوپنا: چھپانا

الول: بازی، شوخی، قائم، پائدار

الول: موج، لہر، تلاطم

الول وکلول: دھما چوکڑی

الولگ: اب تک

اُلہا: طاقچہ

الہانا: خوشی منانا

الہانا: شکایت، عیب، ترغیب

الہانی: جرمنی کا، جرمن

الینڈنا: اُنڈیلنا

لتا: مگر، لیکن، تاہم

امار: انبار، ڈھیر

اماس: اماوس، تاریک رات

امام: سردار

امامت: سرداری

اماں جائی: بہن

امبوا: آم

امبیا: چھوٹا اور کچا آم

امَت: بے عقل

اُمت: زیادہ

اُمت بدیا: ایک علم کا نام

امِٹ: جو مٹ نہ سکے، قائم و دائم

امدانگر: احمد نگر، ایک شہر کا نام

امدت: مشہور چیز

امَر: جو کبھی نہ مرے، غیر فانی

امرت: آب حیات

امرت بچن: میٹھے بول

امرت پھل: وہ پھل جس کے کھانے سے آدمی ہمیشہ
جوان رہتا ہے۔

امرت گن: خوش خُلق، جان بخش، خوبیوں کا مالک
شیریں کردار

امرس: آم کا رس

امریت: امرت، تریاق

اُمس: ہمت، حوصلہ، شوق، ولولہ

امس: شدت کی گرمی جس میں ہوا بند ہو

اُمس: ہوس

امر: ہمت، حوصلہ

املہ: کھٹا

امن: محفوظ، بے لوث

امنگ: خوشی

اموُل: بے اصل، بے بنیاد، جس کی جڑ نہ ہو

امولک: بے بہا، بیش قیمت، انمول

امولی، امولے: (اموُل)، انوکھی

امیٹ: انمٹ، نہ مٹنے والا

اِن: یہ

اُن: وہ

ان: اگر

ان: اندر، باطن

انّ: طعام، کھانا، غلہ، غذا، قسم

انا: اناالحق

انا: اب

اناچت، انچت، اناچتھی: اچانک، بے خبری میں، انجان پن سے

اناد: استقبال، بے آواز، قدیم، جس کی کوئی ابتدا نہ ہو

انار: انار

انام: انعام

انبِدا: ناسُفتہ، جو بندھا ہوا نہ ہو

انبر: آسمان

انبراوتی: اِندر کے رہنے کا مقام، اِندر پوری یا اندر لوگ

انبرت: انبر، عنبر ملا ہوا

انبل: امبل، آول نال

ان بندیا گہر: دُرِ ناسفتہ، بے بند ھا موتی

انبھاتا: ناپسندیدہ، نامرغوب

انبھیل: بے انتہا

اَن پان: کھانا پانی

ان پن: کھانا پینا

انپنڈت (ان پنڈت): ناخواندہ، جاہل، بے علم

انپڑانا: پہنچانا

انپڑدینا: پہنچادینا، پہنچانا

انپڑسکسے: پکڑ سکے

انپڑنا: پہنچنا، حاصل ہونا، ملنا

انپڑنہارا: سمجھنے والا، پہنچنے والا

انپڑوں: پکڑوں

انپڑی: حاصل

انپڑے: پہنچے، پائے

انپڑنے: پانے

انت: انتہا، بے حد، حد، آخر، کنارہ

انتر: فرق، اندر، بیچ، میں، فاصلہ، الگ، راز، بھید، پردہ اندرونی، درمیانی، سِرّ باطن

انتر منتر: جادو

انتھ: حد، انتہا

انٹی: گرہ، گانٹھ

انٹے جھونٹے: جُھولے میں بالمقابل بیٹھ کر ایک کے پاؤں دوسرے کی گود میں رکھنا

انٹی کھونٹی: گوشہ گیر

انجان پن: جہل

انجانتا: انجان، نہ جاننے والا

انجاو: ناوانستگی

انجر پنجر: ہڈی پسلی

انجل (انجلی): اوک، دونوں ہاتھوں کو ملا کر چلّو کی شکل بنانا، جوگیوں کا ایک طرح کا سلام

انجن: کاجل، سرمہ

انجن سار: کاجل یا سرمہ کی طرح، کاجل یا سرمے جیسی

انجو: آنسو، اشک، موتی (انجواں، جمع)

انجواں، انجھواں: انجو، انجھو

انجھو: آنسو

انجھوگھوٹنا: آنسو پینا

انجھیا: آنسو

انچر: آنچل

انچل، انچلا: آنچل، نقاب

اُنچہ: اونچا

انچھر: منتر، جادو کا کلمہ یا لفظ

انچھیا: خواہش، آرزو

اند: (اندھ) اندھیرا

ان داتا: آقا، رازق، خدا

اندازہ: مقدور

اِندر: اندر دیوتا، پانی کا دیوتا

اندرون (اندرائن): حنظل، بکائن، بے حد کڑوا

اندردھنش: قوس قزح، دھنک

اندرسبا: اِندر سبھا، اِندر کا اکھاڑا

اندکا: اندھیرا

اندکار: اندھیرا

اندگند: خاندان، اصل، جڑ

اندلا: اندھا (اندلے، جمع)

اِندن: ایندھن

اندنکار: ظلم، اندھیرا

اندو: چاند، کافور

اندوَ: زنجیر، ہاتھی کا سانکڑا، پازیب

اِنڈوکا: چاند کی روشنی

اندھار، اندھارا، اندھکار: اندھیرا

اندھلا: نابینا، اندھا

اندھیارا: اندھیرا

اندھیاریاں: چھپر کھٹ کے پردے

اندی: آندھی

اندیاری: اندھیاری

اندیش: (صیغۂ امر) [مصدر۔اندیشیدن] سوچ، فکر

اندیشواں: فکرمند

انڈرے، انڈڑیاں: انڈے

انبرت: امرت، آبِ حیات

انروپ: مماثل، مثل، یکساں

اُنس: انناس

اُنست: اُنس، محبت

اُنست دھرنا: محبت کرنا

انک: لاتعداد

انک: آنکھ

انکات: ایک طرف

انکات: نفرت

انکانا: پرکھوانا، وام لگوانا

انکِت: منقش، جس پر نقش کیا ہوا ہو

انکڑنا: اکڑنا

انکڑکر: تابع ہوکر، محکوم ہوکر

انکڑی: اکڑی

انکور: رشوت، گھوس

انکھات: نفرت

انکھی: آنکھ

انکھیاں: آنکھیں

انگ: بدن، جسم، عضو، چولی

اِنگ: موسیقی کی اصطلاح

انگار: آگ، انگارہ

انگات: تکلیف، پریشانی

انگت: جس پر نقش کیا ہوا ہو

انگت: تابع

انگٹ: اشارہ، رائے، علامت، حرکت، تلاش، رفتار، چال چلن، ڈیل ڈول، جثہ

انگل: انگلی

انگ لپت: مجسم، جسم سے لپٹا ہوا

انگن: صحن، آنگن

انگن: آگے

اُنگنا: اونگھنا

انگنائی: صحن، آنگن

ان گنت: بے شمار

انگوچھا: وہ کپڑا جسے نہانے کے لئے یا نہانے کے بعد تولیہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں

انگوں: سامنے

انگھت: دکھاوا

انگھے: آگے

انگھیں: آگے

انگے: آگے، مقابلے میں

انگے کو: آگے کو، آیندہ کو، اب سے، اب کے بعد سے، کی موجودگی میں، کے ہوتے ہوئے

انگے ہونا: استقبال کرنا

انگیا: چولی

اُنمان: خیال، گمان، اندیشہ، ارادہ

اُنمان: تولنا، پیمائش کرنا

انمان: ڈر، خوف، نا قابلِ قبول، بات کا احساس، وہ بات کہنا جو مانی نہیں جاسکتی

انمل: بے جوڑ، میل نہ کھانے والا

اُنمن: بادل

انمناٹ: بے دلی، بے پروائی

انمنانا: بے دلی سے کام کرنا، پس وپیش کرنا

انمیل: نہ ملنے والا

اُنن: ان کے، ان کو، انھوں (اُن۔ واحد)

اننا: لانا

انت (ان انت): بے حد، بے انتہا، ازلی، آسمان

انند: آنند، خوشی، سکون

اننس: اننّاس

اننگ: آگ

اُنہہ: اُن کی جمع

اُنو، انوں: وہ، ان، ان کے

انواو: منگواؤ

اُنوپ: نادر، انوکھا، بے مثل، اعلیٰ، عمدہ

انوپ: وہ زمین جہاں پانی جمع ہو، دلدل

انوٹ: انگوٹھے کا چھلا جس میں گھونگرو ہوتے ہیں اور جسے عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں

انوٹھی، انوٹھی، انوٹی: انوکھی

اُنوکا: ان کا

انوکوں: انھوں

انومان: شک، شبہ، اندازہ، قیاس، دلیل

انہون: نہ ہونا

انھی: انھیں سے

انی: یعنی، اور

انے: ۱۔ اور ۲۔ اس نے

اِنیا، انیاؤ: ناانصافی، ظلم، غلطی

انیالا: نوکدار، نوکیلا

انیت: ناانصافی، ظلم و جبر

انیکی انیک: طرح طرح کے

اُنیندی: نیند سے بھری ہوئی

انیندی نین: نشیلی آنکھ، چشم پُر خواب، چشمِ مخمور

او: وہ، اُن

اُو: پانی

اوارا، اوارہ: آوارہ

اواسوا: اِدھر اُدھر کے لوگ، ایرے غیر

اوبریا: اُبھرا، ظاہر ہوا

اوبرے: اُبھرے

اوبل: (ابلنا) بیزار ہو کر

اوبھا: کھڑا

اوبھی: وہ بھی

اوبھے: (اوبھنا = اُگنا، اُبھرنا) آگے، ابھرے

اوپاڑنا: تمام کرنا، حاصل کرنا، نکالنا

اوپٹ: جوش کردہ

اوپٹ کر: جوش مار کر، اچھل کر

اوپٹنا: جڑ سے اکھاڑنا، قطع تعلق کرنا

اوپج: پیدائش

اوپجنا، اپجنا: پیدا ہونا، نمودار ہونا

اوپجے: پیدا ہوئے

اوپرال: اوپر، اوپر کی طرف، اوپر والا، محافظ

اوپلی: اُپلا، کنڈا، ہاتھی

اوت: پوشیدہ

اوتار: دیوتا، اعلیٰ درجہ کا، نادر، بے مثل

اوتارگی: آمد

اوتالا: بے چینی، بے قراری

اوتالی: عجلت، جلدی

اوتاول، اوتاولا: عجلت پسند، جلد باز، (اوتاولے۔جمع)

اوتر: جواب

اوترائی: وہ ہوا جو شمال کی طرف سے چلتی ہے، بادِ شمال

اوتم (اُتّم): عمدہ، اچھا

اوتول: عجلت، جلدی

اوتھل: اتھلا، سطحی، چھچھورا

اوتے: اتنے ہی، اسی قدر

اوٹا: چبوترا

اوٹنا: اوٹنا، زور سے اُبلنا، کھولنا، پکڑنا، لگانا

اوٹان: گرم

اوٹنگل: بے تُک، بے تُکا، بے ڈول، اوٹنگا

اوٹھ: اوٹے، برآمدے

اوٹھیا: اٹھا

اوجال: روشن کرنیوالا

اوجھٹ: اثر

اوجھڑ: اچھال، ڈھکیلنا، بڑھانا، پھوہڑ، برائی، بے حیائی

اوجھڑ: تلوار کا وار

اوچا: اونچا کر، اُٹھا، اونچا

اوچاٹیا: دل بھر گیا، تنگ آگیا

اوچار (اُبچار): سختی، بے فکری، عدم توجہی، بے انصافی، بے مروّتی

اوچار: غلبہ

اوچانا: اٹھانا، زندہ کرنا، پیدا کرنا

اوچایا: اٹھایا

اوچتا: یکا یک، اچانک

اوچتی: بے خیالی سے، نادانستہ، ناگہانی

اوچھر: تاریکی

اوچھیاں کرنا: شوخیاں کرنا، کدکڑیں بھرنا

اوداسا: تیار

اوداسا: اُداس

اوداس: متفکر

اودت: طلوع

اودسا: بدقسمتی، بدبختی

اودک: پانی

اودِم: سبب، کوشش

اودھان: ہوش، شیوہ، تذکرہ، ڈھنگ

اودھرم: بے دھرم، بے ایمان، بے عقیدہ

اودھو: صاحب، معزز، سری کرشن کے رازدار اور نامہ بر

اودھوت: بہادر

اور: طرف

اوردھا: بوڑھی، بوڑھا

اورس چورس: طول وعرض، چاروں طرف سے

اورگن کرنا: قبول کرنا

اورن: اوروں کو

اوڑ: روگ، بیماری

اوڑ: پناہ، سہارا

اوڑگن: ستارے

اوڑے: الگ ہوجائے، کنارہ کش ہوجائے

اوڑے: (اوڑنا، اُڑنا) اُڑے

اوڑیا: اُڑا

اوڑی مارنا: غوطہ لگانا (بلندی سے)

اوس: اس کو

اوسٹھار: اس مقام پر، اس جگہ پر

اُوسر: بنجر

اوسری: جھونپڑی، دالان

اوسکیچہ: اس کے ہی

اوسگن: بدشگونی

اوسنے: خواب میں بڑبڑاتے ہوئے منہ سے ادا ہونے والے الفاظ

اوسی: اُسی

اوسی تے: اس وجہ سے

اوصیا: وصی کی جمع

اوک: چلّو، دونوں ہاتھوں کو اس طرح ملا کر رکھنا کہ اس میں پانی ٹھہر سکے

اوکال: بے موسم، بے وقت

اوکالی: قبل از وقت پیدا ہونے والا بچہ

اوکت: پوشیدہ، غیر مرئی، پنہاں

اُوکل: بے قرار، مضطرب، آفت، بے کل

اوکل: بُرا وقت

اوکلتی: مضطرب، بے چین

اوکنا: قے کرنا

اوکی: اس کے

اوکھت: اکھت، جو نہ کہا جاسکے

اوکھد: دوا

اوکھلی: مسالہ وغیرہ کوٹنے پیسنے کے لئے پتھر کا ظرف

اوکھنائی: وہ ہوا جو جنوب کی طرف سے چلتی ہے

اَوگت: احساس، اِدراک

اوگت: پوشیدہ، ایجاد، ابتدا میں

اوگم: گہرا

اوگم: آغاز

اوگناں: بدخصلت، برائی، خرابی (اوگن۔واحد)

اوگھاہ: گہرا

اوگھٹ: کھول کر

اوگھڑ: ناسمجھ، بے وقوف، بے ربط، بے ڈھنگا

اوگے: طلوع ہو

اَوّل: اوّل

اول: وہ میل جو دانت اور زبان پر جم جاتا ہے

اولٹھا: الٹا (اولٹھے۔جمع)

اولچنا: نکال دینا

اولاس: شوق

اولاسا: دلاسا

اولال: اَلار، پچھلا بوجھ زیادہ ہوجانے کی وجہ سے گاڑی کے اگلے حصہ کا اُٹھ جانا

اولالی: جوش، جذبہ، چھل، کلیل

اولالے، اولالیاں: جمع اولالی

اولکھن (اولکشن): بدچلن، بدبخت، بدکردار

اولنگنا: کودنا، کودکراس پار جانا، پھاندنا

اولیاد: اولاد

اولیچ: پہلے ہی (اَول + چ تاکیدی بمعنی ہی)

اولینڈنا: انڈیلنا

اومس: جوش، ترنگ، ولولہ، حوصلہ

اونا: خنجر، جمدھر

اونبی: خوشۂ گندم

اونٹ کر: مل کر، اُبٹن بنا کر

اونچ: اونچا، بلند

اونڈا: گہرا

اونن: اُن کا

اونن پر: اُن، اُن پر

اونندیاں: مخمور، نیند کے مارے

اوننمیں: اُن میں

اونھا: وہاں

اونھار: مانند، مثل، طرح

اونے: اُن، وہ

اونیچہ: وہی

اونیندیاں: خمار آلود

اوہ: وہ

اوہام: خیالات، تخیلات

اوہریک بول کے اوپر: اس کے ہر لفظ پر

اوہے: ہوئے

اوئی: وہی

اہت: دشمن

اہنکار: غرور، نخوت

اہوں: ہوں

اہے: ہے

اہیر: گوالا، گھوسی، ایک قوم کا نام

اہیڑا: شکار، صید

اہیں: (اہے کی جمع) ہیں

اے: یہ

ایانا: نادان، انجان

ایانان: چھوٹا، بیوقوف

ایانی: بھولی بھالی، معصوم، عقل سے کوری

ایتا: (اِتا) اب، اتنا، زیادہ، مزید

ایتال: اب، فوراً

ایتال: (اِتاول) شوق، تیزی، بیتابی

ایتیاں: (جمع مونث) اتنی

ایتک: اس قدر

ایتے: اتنے

ایچھ: آرزو

ایراوتی: دریائے راوی کا قدیم نام

ایریگی: جلن، حسد

ایس: اِس

ایساں: اِیس کی جمع

ایسیچ: ایسے ہی، اسی طرح

ایسو: ایسے

ایکا: اتحاد، اتفاق، دوستی

ایکانت: ایک طرف

ایک اگلے تیں: اکتیس (۳۱)، قدیم اردو میں گنتی کا یہ طریقہ عام تھا

ایک پنا: وحدت

ایکتل: ایک ذرا

ایکٹ: تنہا، یک لخت

ایکروپ: ہم شکل، مشابہ

ایکس: ایک

ایکس کوں ایکس: ایک دوسرے کو

ایکل: اکیلا، ایک ہی

ایکلا: اکیلا، تنہا

ایکل گھری: اکھل گھری، بے مروّت

ایکنگ: اکیلا، تنہا، اپنے بل بوتے پر مقابلہ کرنے والا

ایکھرا: تنہا

ایگیارہ: گیارہ

ایلار: اس طرف، ادھر

ایلاڑ: وَرے، اِس طرف، اِدھر

ایلیا: حضرت علی کا ایک لقب

اینچ: کھینچ پینچ

اینچ جانا: کھینچنا، چوک جانا، وار خالی جانا

اینچنا: کھینچنا، گھسیٹنا، کسنا، اپنے ذمے لینا، اوڑھنا، تاننا

ایندر: اندر دیوتا

ایندریں: (ایندریاں) حواس خمسۂ ظاہری و باطن

اینڈی: نکما، بے کار، ناکارہ

ایویں: اس طرح، بے کار

ایہہ: یہ

ب

باب: دروازہ، کسی کتاب یا تصنیف کا ایک حصہ

بابا موئی: فارسی مرکب "پدر مردہ" کا ترجمہ ہے، عورتیں کسی کو کوسنے کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ یتیم جس کا باپ مرگیا ہو

بابر: حجام، نائی

بابوں: باب میں، لیے، واسطے

باپ: پاپ، گناہ

بات: حرف گفتگو، باتیں

باتاں: بات کی جمع

بت بھار پڑنا: بات کا کھل جانا، افشائے راز ہو جانا

بات پاڑو: راہ زن، بٹ مار

بات چلنا: بات مشہور ہونا

باترن: باتیں

بات میں ہونا: ہم خیال ہونا، قابو میں ہونا

باتی بیتی: گزری بات

باتیاں: بتیاں

باٹ: راستہ، سڑک، راہ، تولنے کے پیمانے

باٹاں: باٹ کی جمع

باٹ بٹوہی: پگ ڈنڈی، (بٹوہی بطور تابع لفظ کے استعمال ہوا ہے)

باٹ پارہ، باٹ پاڑو: راستہ مارنے والا، راہ زن، ڈاکو، بٹ مار

باٹ دیکھنا: انتظار کرنا، راہ دیکھنا

باٹ سار، باٹ سارو: مسافر

باٹکا: باغ، تفریح گاہ

باج: بغیر، سوا، بجز، علاوہ، خراج

باج دار: باج گزار، خراج دینے والا

باجنا: شہرت ہونا

باجنتری: باجے والے

باجہ: بجنے کی آواز

باچنا: پڑھنا

باچھا: کسی بھی جانور کا بچہ، بچھڑا

باچھنا: انتخاب کرنا

پاچے: پڑھے

باد: برباد

بادر: بادل، کپاس کا پودا

باڈر: چمگادڑ

بادز: بعداز، اس کے بعد

بادلا: زرین کپڑے کی قسم

بادلی: بدلی، بادل، زرین کپڑا

باڈھی: بڑھئی

بار: باری، خدا، بارگاہ، موقع، دشوار، دیر، زیادہ، پھل، کاروبار، لڑکی، بیٹی، دن، پانی، روک، بہار، دروازہ، چوکھٹ، ڈیوڑھی، تاخیر

بارا: ہوا، باؤ، آندھی، لڑکا، بالا، کوئیں سے پانی کھینچے کا چمڑے کا ڈول

باردینا: اجازت دینا، داخل کرنا

بارک: باریک، پتلی

بارک کمر: پتلی کمر

بارکش: چرواہے کی لکڑی یا درانتی

بارگہ: خیمہ

بارلانا: دیر کرنا، دیر لگانا، پھل لانا

بارنہ: (باراں) بارہ (۱۲)

بارہ باٹ: ٹکڑے ٹکڑے، منتشر، مفقود

بارے: (بارا۔ واحد) ہوا، پھونک

بارے مثال: ہوا کی مانند

بازارگانی: بیوپار، سوداگری

باڑ: صحن، قلعہ، دروازہ

باڑا، باڑہ: محلہ

باڑی: باغ

بازاری: بازار میں پھرنے والا/والی

بازد: بعداز

باس (واس): بو، خوشبو، مہک، رہنا، قیام کرنا، ڈیرہ، گھر، خانہ

باسری: بانسری

باسک، باسکھ: سانپوں کا بادشاہ

باسن: برتن

باسوک: ہندو دیومالا کے مطابق آٹھ ناگوں میں سے دوسرا ناگ جس کے پھن پر زمین قائم ہے

باسی: باشندہ، مسافر، ایک دن پہلے کی چیز

باغ ارم: شدّاد کی بنائی ہوئی جنت

باغباس: خوش، فدا، تصدُّق

بافتہ: کپڑے کی ایک قسم

باکھر: وہ گائے جو دودھ سے ہٹ جائے

باگ: باگھ، شیر

باگاں: (باگ کی جمع)، بہت سے شیر

باگل: دریائی پرندہ، بگلا، چمگادڑ

باگلیاں: (باگل کی جمع) بگلے

باگ مار: شیر کو مارنے والا، شیر کُش

باگھن: مادۂ شیر

بال: بالک، بالکا، لڑکا، پانچ سال سے کم عمر کا بچہ، چیلا، بال (سر، بدن وغیرہ کے)، بازو

بالا: بالک، بچہ، لڑکا، معشوق، نوعمر

بالابدل: بلند بادل

بالاں: بال کی جمع

بالپن: بچپن، لڑکپن، طفلی

بالک: ننھا

بالکا: (بالک) بچہ، لڑکا، شاگرد

بالکنی: طفل شیر خوار، بالک

بالمباں: بالم، ایک قسم کا کپڑا

بالنا: جلانا، ڈالنا

بالی: ننھی بچی، لڑکی، معشوق، محبوب کمسن لڑکی

بالے بال: بال بال، سب پوری طرح

بالے بادل دود پھٹنا: ایک بددعا، کسی کے روئیں روئیں پر عذاب کا نازل ہونا

بالیس بال: بال بال

بالے نہال: پودے

بان: تیر، ایک قسم کی ہوائی جو پرانے زمانے کے آلات حرب میں شامل تھی (بانان جمع)

بانا: پود، ڈالنا، پرونا، لانا

بانان: پود، بانا

بان بارہ: کھرا، خالص (بارہ بان کا سونا زر خالص کہا جاتا ہے)

بانٹن ہارا: بانٹنے والا

بانٹے: حصے، ٹکڑے

بانٹے پڑے: منتشر ہوگئے

بانٹی داونی: آوارہ، ذلیل، بدمعاش

بانج: بانجھ، وہ عورت جس کے بچہ نہ ہوتا ہو

بانجھ کاڑا: ایسی دوا جس سے عورت بانجھ ہو جائے

بانچسی: خیال کرے، خیال کرتا ہے

بانچنا: بچنا، سمجھنا، خیال کرنا، پڑھنا

بانچھ: محفوظ

بانچے: پڑھے، بچے، باقی رہے، سمجھے، خیال کرے

بانچیا: بچا، زندہ رہا، پڑھا، بچایا

بانچی رھے: باقی رہے

باند: باندھ

باندنا: باندھنا، بنانا، جیسے گھر باندھنا

باندھیا تجھ پلو: تیرے پلو باندھا

باندیا: باندھا

باندے: باندھے، بندھے ہوئے

بانڑ: بھانڈ

بانڈا: دُم کٹا

بانکڑی: ایک قسم کی لہردار چوڑی جس کو بانک کہتے ہیں

بانگ: اذان

بانگی: موذّن

بانو: بان، لباس

بانہہ گہنا: ہاتھ پکڑنا

بانی: بولی، زبان، نام سرستی (علم کی دیوی)

باو: بارا، ہوا، ڈالو

باوان: بایاں، (دایاں کی ضد)

باوبادا: طوفان گردوباد

باوبھک: ہواخور، آوارہ

باودار: ٹنڈ مُنڈ درخت

باوری: دیوانی، نادان عورت

باورے: دیوانے

باوڑی: دیوانی، باؤلی، کنواں

باؤل: باؤلا، پاگل، مجنوں، دیوانہ، بے وقوف

باولا: دیوانہ

باول کرنا: باور کرنا

باون: بے وقوف

باون پیر: پستہ قد، ٹھگنا

باوتار: ہوا کی طرح

باویں: بائیں

باہ: بانہہ، آگ

باہنا: ڈالنا، جلانا

باہان: (باہ کی جمع) بازوں

باہان تنوی: بازوئے نازک

باہن، باھن: سواری

باہو: بازو، بازوبند

باہیں: واسطے، لیے

بائے: ڈالے

بائیں: باولی

پت مرت، پٹنا: مصیبت، دکھ

پپڑا: بے کس، غریب

بت: عمر، سن

بتّا: دھوکہ، فریب، جھانسا

بُتاں: (واحد۔ بت) مورتی

بتان: ڈنڈا، عصا، بید

بتاتاں: بتانا

بتر: بھیتر، اندر

بتر، بتری: بدتر، خواب

بتکاو: گفتگو، بدگو

بتم، بتّم: تھوڑا، قدرے

بتول: قطع کرنے والی (دینوی تعلقات کی)، پیغمبر اسلام کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کا لقب

بتھا: پیتا

بتھا: بیتی، سرگزشت، کہانی

بتھر: بہتر، برتر، بڑا

بتی: بات، بولی، لفظ

بتی: بہتی

بتیاں: باتیں

بتیانا: بات کرنا

بتیس لچھن: بتیس (۳۲) انسانی صفات حسنہ

بٹ: باٹ (تول کا)، راستہ

بٹاں: (واحد۔ باٹ)، تولنے کا پیمانہ

بٹاو: مسافر

بٹ مار: رہزن

بٹورنا: جمع کرنا

بٹھارہ: بھٹیارا، کھانا پکا کر بیچنے والا

بج: بجلی

بج: بیج

بَج: باج، بغیر

بُج: بازو

بجا آنا: بجالانا

بجاگ: بجوگ، جدائی

بجالا: بینگن

بجالیا: بجالا کر

بُجانا: بجھانا

بُجتے: پہچانتے

بَجد: بضد، مُصر

بَجد ہونا: مُصر ہونا، ضد کرنا، ہٹ کرنا

بَجر: سخت، فولاد، پتھر، سل، ہیرا، جواہر، کڑا، اندر دیوتا کا ہتھیار، بجلی، برق

بجر: ہیرا، بجلی، مضبوط

بجرانگ: مضبوط جسم والا

بجرسل: سخت پتھر

بُجسی نا: نہ بجھے گا

بُجنا: بوجھنا

بجن ہار: بجنے والا

بجنتر: باجا، نوبت

بجو: بجے، بجا کر

بجوڑنا: پیٹنا، مارنا، روندنا

بجوگ (بیوگ): جدائی، فراق

بُجھ: (بوجھنا، خیال میں آنا)، سمجھ

بجھاؤ: عقل، سمجھ، فہم

بجھرنا: پانی کا رِسنا

بجھلی: بجلی

ترپ: رقص میں کود کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور پھر واپس آنا، ناچ کا ایک بھاؤ

ترپتی: رقص میں کود کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور پھر واپس آنا، ناچ کا ایک بھاؤ

ترپٹی: ترلوک، تین دُنیائیں

ترپھڑنا: بے تاب ہونا

ترپھڑی: اضطراب

ترُت: جلد، ابھی، جلدی سے، جھٹ پٹ

ترت: تیرتھ، جاترا

ترنا: نجات پائی، پار کیا، عبور کیا، چھٹکارا پایا

ترُت پھرت: بہت جلدی اور پھرتی سے، فوراً

ترتری: تیز چلنے والا

ترِتی: تیرتی

ترج: خوف، ڈر

ترِجگ: تینوں عالم، آسمان، زمین، پاتال

ترجن: خوف، ڈر

ترچنا: غصہ کرنا، دھمکانا

ترخالیا: تڑک گیا، پھٹ گیا

ترڈد: کوشش کرنا، ادھر اُدھر پھرنا

تڑرے: ایک آتش بازی

ترازن: طرز (کی جمع)

ترسول: نیزۂ سہ شاخہ

ترقن: تڑخنا، تڑکنا

تڑک: مسلمان

تڑکہ: بچا کچھا، جھوٹا

ترکمان: مسلمان

ترکن: بحث و مباحثہ کرنے والا، منطقی

ترکون: تکون

ٹُرکیاں: ترکی گھوڑے

ترگن: تین گنا، سہ گنا، تگنا

ترلوچن: تین آنکھوں والا، شیوجی کا لقب

ترلوک: ا۔ تین لوک، تین عالم [سورگ، پاتال، دنیا]

۲۔ عالمِ ارواح، عالمِ مثال، عالمِ اجسام

ترمرانا: چوندھیانا، پھڑ پھڑانا، پانی پر تیل کا تیرنا

ترِمیل: آندھرا میں ہندوؤں کا مقدس پہاڑ

ترن: سہارا، تیرنا

ترون: جوان، بالغ، نیا

ترُنا: جوان مرد

ترُنا: ترانہ

ترنائی: شباب، بلوغت

ترن پن: جوانی

ترُنت: فوراً، اسی وقت، جھٹ پٹ

ترندا: تیراگ، تیرنے والا

ترِی: تین

ٹری: گھوڑا

ترنڈا: ا۔ غوطہ لگانے کی جگہ کا نشان، ندی یا تالاب میں جہاں غوطہ لگانے کے لیے گہرا پانی ہوتا ہے وہاں تونبے وغیرہ ڈال دیئے جاتے ہیں جو پانی پر تیرتے رہتے ہیں اور نشان کے طور پر کام آتے ہیں ۲۔ نرکل یا بانس کا وہ ٹکڑا جو مچھلی پکڑنے کے کانٹے کے ساتھ باندھتے ہیں

ترنان: جوان (ترن کی جمع)

ترنگ: کثرت

ٹُرنگ: جلد چلنے والا گھوڑا، خیال

ٹرنگ: موج، تلاطم، اُمنگ، جوش، خیال، تصور، تخیل، وجد

ترنی: جوان عورت

تروار تلوار، تجھ پر

تروارے: شمشیر زن

ترور، ترووَر: بڑا درخت

ترونائی: جوانی

ٹری: سینگ کا باجا، نفیری، شہنائی، قرنا

ترِی: عورت (ترین جمع، عورتیں)

ترے: تیرے

تریا: عورت

تریاں: مچھلیاں، آنسو کے معنی میں بھی آتا ہے

ترین: تیری

تڑوا: توڑا

ترِوا: ٹیڑھا

تڑپڑے: پھڑپڑائے، تڑپے

ترپھڑات: بے چینی

تڑتڑ: تڑتڑ کی آواز کے ساتھ جلنا

تڑخ: تڑک

تڑختا: تڑکنا

تڑکا: تڑپ

تڑکا: تھپڑ، دوہتڑ، صبح

ٹوکے: مسکے، ٹوٹے، کھلے، صبح

تڑکی کار: چڑی مار

تِس: اس جس، اس کے بعد، اس کے پیچھے

تِس: پیاس

تِس: تیس (۳۰)

تسی: تسبیح

تِس پر: اس پر

تِسرا: تیسرا

تِسرے: تیسرے

تس سوں: اس لیے، اس وجہ سے

تِس کا: اُس کا

تِس کتک: تجھ تک

تسلا: تھال کی طرح کا ایک برتن

تَسلی: تھالی، تسلا کا مئونث

تِسنا: پیاسا ہونا، پیاس لگنا

تسے: اس کو

تسی تل: اُسی گھڑی

تشدید: تشدّد

تشریف: لباس، خلعت، انعام

تشریف دینا: اعزاز دینا، تحائف دینا

تصویر کرنا: تصویر بنانا

تغابن: غرور

تغادا: تقاضا

تغادے: تقاضے

تفات: تفاوت، فاصلہ، فرق

تفاس: تلاس

تفراخ: طمانچہ

تقوا: ہمت، ڈھارس، بھروسا

تگ: قافیہ

تکبکی: بیقراری، اسباب، تیاری

تلپک تلپک: پریشانی، بے چینی

تِکت: کڑوا

تکتکی: بے قرار

تکٹ: ایک قسم کا کپڑا

تِکٹ: کڑوا

تکٹی: سونے چاندی کا، سہرا، روپہلا

تکڑی: ترازو

تکلے: چھپے ہوئے کپڑے، چھپے ہوئے

تکلے علم: چھپے ہوئے جھنڈے

تکسیر: تعویذ کے خانوں میں اعداد کی ایسی تقسیم کہ ہر طرف سے شمار برابر ہو، جادو

تکھار: گھوڑا

تکھان: بڑھئی، ترخان

تکھڑی: ترازو

تگاور: تیز رفتار گھوڑا

تلبگا: تلملاہٹ

تلبھی: بے چینی، بے قراری، اضطراب، مسلسل تکلیف، تلملاہٹ

تنگ بھگی: بے تابی

تنکٹ: سنہرا روپہلا ورق، سنہرے روپہلے چھاپے کا کپڑا، کپڑے یا دھات پر روغنی گاکاری

تنکٹی: سونے چاندی کا، سنہرا روپہلا

تَل: تلے، نیچے

تَل: نیچے کا حصہ، نیچا، تلا

تِل: گھڑی، لمحہ، پل، ذرہ

تُلا: ترازو

تلاؤ: تالاب

تلاوار: تلوار

تلار: نیچے، تک

تلپٹی: کنپٹی

تلتِل: لمحہ بہ لمحہ

تَل سر: سر جھکائے

تِلک: ٹیکا، قشقہ

تلک: تک، ایسے میں

تلکنا: تڑپنا، بے چین ہونا

تلکھہ: تڑپ، بیقراری، بے چینی

تلکھلانا: بے قرار ہونا

تلکھلی: تلملاہٹ، اضطراب، پریشانی

تلکھنا: تڑپنا

تلگ: فی الفور، اسی وقت، تب تک

تل تل: ذرا، ذرا

تَل مِل: تلملانا، بے قرار ہونا

تِلملتی: بے چین

تلملانا: بے چین ہونا

تلمنا: تلملانا

تلملیا: بے تاب ہوا

تلنگ: ایک راگنی کا نام، ملک تلنگانہ کو بھی کہتے ہیں

تلنگ: خواہش آرزو، کودنا، جست لگانا

تِلنگا: تلنگانہ کا رہنے والا، مجازاً سپاہی

تلنگ کار: سوار

تلواسا، تلواسہ: بے قرار، اضطراب

تلوٹ: ایک مٹھائی جسے تِل، آٹا، اور شکر ملا کر گولیوں کی شکل میں بناتے ہیں، تلوں کی مٹھائی، اندرسے کی گولی

تلوے: پاؤں کے نیچے کا حصہ

تلہار: نیچے تک

تلھکلانا: تڑپنا

تلھیں، تلے: نیچے

تلیب کرنا: برباد کرنا، تلپٹ کرنا

تلیت: ہی

تلیج: روشنی

تلیں: نیچے

تُم: تمہارے کے معنی میں بھی آتا ہے، جیسے تم ہونٹاں، تمہارے ہونٹ

تماری: تمہاری

تمارے: تمہارے

تماڑ: ساحل

تماشے تماشے: طرح طرح کی چالیں

تمبو: خیمہ

تمتماہٹ: ہنگامہ، چہل پہل

تِمر: اندھیرا، آنکھ کی ایک بیماری، بے عقل، تاریکی

تمر: املی

تمری: املی کی

تمن، تمنا: تم، تم کو، تمہیں

تمن سات: تم سے، تمہارے ساتھ

تمہ، تمھن: تم

تمے: تم، تم ہی، تم سے

تمیں: تم

تِن: تِس کی جمع

تُن: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے سامان بنایا جاتا ہے

تُن: تُن کے درخت کا پھول جس سے پیلا رنگ نکلتا ہے اور رنگنے کے کام آتا ہے

تَن: جسم

تنا: تنہا، اکیلا، درخت کا وہ حصہ جس سے شاخیں پھوٹتی ہیں

تنبالو: تانبے کا برتن، وہ برتن جس میں پانی رکھتے ہیں

تنبورا: طنبورا، ایک ساز کا نام

تنبول: پان

تنبول دان: پاندان

تنبھی: کھڑکی، دریچہ

تنت: ساز کا تانت، تار، تار کا باجا، جلدی

تنتر: تانت، سوت، منتر، جادو

تن تن تناتن: طنبورے کی آواز

تنٹا: جھگڑا، ٹنٹا

تنٹالا: ڈھل

تنک: ذرا، تھورا، کم

تنڈ: بہت بڑا الکو

تنکوی: ترازو

تنک نان: پتلی روٹی

تنکہ: ٹکڑی، گروہ

تِن کے: اُن کے جن کے

تنگ: زین کسنے کا تسمہ

تنگہ: فوج کا دستہ

تُنتا: روئی صاف کرنا، سوت کا تنا

تنودری: (تنو = دبلا پتلا، تھوڑا، اُدر = پیٹ) پتلی کمر

تنھن: اس کو

تنھوں: ان میں

تو: تیرے، تیری، تب

تو: تب، اس لیے، اس وقت، ایسی صورت میں

تواسی: تین دن کا بچہ، تین دن کی رکھی ہوئی چیز

تواسی: قالین، دری (تواسیاں جمع)

تواف: طواف

توبہ تِلّا: واویلا، آہ و فریاد

توبتاں: توبہ کی جمع

توت: شہوت

توتے: تب سے، اسی وقت سے

توتیا: سرمہ

توترو: فاختہ

توٹیا: ٹوٹا

توج: تجھ کو، تجھے، تیرے

توڈر: توڑے، (توڑنا)

تور: توڑ

تورا: طرّہ

توڑا: زرہ، توڑے کی بندوق

توڑیا: توڑا

توسنا: ٹوکنا، پیاسا ہونا

توس: اس کا

توکا توبچ: اسی وقت، ایک دم

تول: برابری، مقابلے کا، ہمسر

تول: جھونکا

تولگ، تولگن، تولگوں: جب تک، تب تک

تولیا: تولا

توں: تب، تو، تونے

تونب: تومڑی، ایک باجا

تونبڑا: خشک کدو

تونچ، تونچہ: تو ہی

تونہارا: رفوگر

توئیں: تو ہی، تم ہی

تھاڈا: کھڑا

تھار: تھال

تہارو، تھارو: تیرا، تمہارا

تھائیں: لحاظ

تھاکے: تھکے

تھام: تھم، کھمبا، ستون

تہاں: وہاں

تھان: جگہ، مقام

تھانب، تھانپ: ستون، کھمبا

تہاں باج: تیرے سوا، تیرے بغیر

تھانبنا: تھامنا

تھانبھ: ستون

تھانوں: تھم، کھمبا

تھپکوا: تہہ بند

تھتھانا: مُنھ پھلانا

تھتکارنا: تھوتھو کرنا، نفرت کرنا

تھتکاری: تھوتھو

تھٹ: بھیڑ، ٹھٹ

تہ دھک: (اینادھک) بہت زیادہ

تھڈی: ذقن، ٹھوڑی

تھر: قرار، قائم، متواتر

تھر: شیر کا غار

تھر: جگہ، تہ

تھرتھرنا، تھرہرنا: تھرتھرانا، کانپنا

تھڑی: سمت، طرف

تھکی داڑھی پھٹے منہ: لعنت ہے، نفرین ہے، تم پر لعنت بھیجتا ہوں

تھکت: تھکتا ہے

تھکت بھئے: حیران ہوئے

تھکیا، تکیا: متحیر، تکنے والا

تھل: تلے، زیر، زیرنگین

تھمنا: تم، تم کو

تھنال: میان کا وہ حصہ جہاں تلوار کا پیپلا رہتا ہے

تھنب: کھمبا، ستون

تھبا: تھما، قائم ہوا

تھنچی: دھوکا دیا

تھنڈ: ٹھنڈ

تھنڈی: ٹھنڈی

تھوا: ظاہر

تہوا: نگینہ

تھوبھہ: آرام گاہ

تھوڑتھوڑ: تھوڑا تھوڑا

تھوئے: ڈھیر

تھی: سے

تھے: سے

تھیاں: تھیں

تھپتا: ٹھہرنا

تھیر: ٹھنڈی

تھیرنا: قائم کرنا

تھیس: سے

تھیک: ناز، چلبلاپن، تیکھاپن

تہیں: تو ہی

تی: تھی، سے، تو

تے: سے

تے: پر

تیا: (تریا) عورت، زن

تیت، تیتا: کڑوا

تیتال: تیز، ترش، تلخ

تیترا: مست، بگڑا ہوا

تیتن: اس سے، ادھر سے

تیج: ۱۔غصہ ۲۔روشنی ۳۔شان وشوکت

تیجا: سوم، مرنے کے تیسرے دن کی فاتحہ خوانی

تیجیں: تیسرے

تیچ: سے ہی

تیرالو: تیراک

تیرنہ: تیراں، تیرہ (۱۳)

تیرپچہ: تیری ہی

تیرے لیکھے: تیرے حسابوں

تیڑا: ٹیڑھا، بینکا، ترچھا

تیڑچ: ٹیڑھی ہی

تیز دیکھنا: غور سے دیکھنا، ندیدہ پن سے تکنا

تیزی: تازی، عربی گھوڑا

تیسا: پیاسا

تیساچہ: [تیسا+چہ] ویسا ہی

تیسی: اس طرح کی، جیسی

تیغ جنوبی: دکن کی بنی ہوئی تلوار

تیک: زرا

تیکھت جات: تیکھی، تیز

تیلا: ٹیکا

تیں: ۱۔تو ۲۔تیئیں

تیَن: طعنہ

تیں: کو، نے، سے

تیندوں: ایک میوہ

تینے: تو نے

تیواسی: قالین، تین دن کا بچہ

تیوڑی: چارخانہ، چوکڑی

تیوں: حرف تشبیہ، طرح، مثل، مانند

تیئوں: اس طرح

تیوں ہار: تیوہار

تیونج، تیونچھ: تو، تیرے، تو ہی، تجھ سے

تیمین: (تیا) عورت

تیَیں: تو نے

تئیں: لیے، واسطے

ٹ

ٹاپا: کشتی

ٹاک: جلد، گھونٹ، جرعہ

ٹاکم ٹیکا: بنا ٹھنا

ٹالنہار: ٹالنے والا، رکنے والا، مانع

ٹانک: ٹانکنے یا سینے والا، تول جو چار ماشے کے برابر ہوتا ہے، سوئی

ٹِبّہ: ٹیلا

ٹَیک: ٹیلا، ڈھیر، رکاوٹ

ٹٹ: کنارا

ٹٹا جواب: ٹکا سا جواب

ٹٹالا: بے پتوں کا ڈنٹھل

ٹٹنا: ٹوٹنا

ٹٹے: شکستہ، ٹوٹے

ٹچا: کم ظرف، چھچھورا

ٹک: زرا، تھوڑا، کم، قلیل

ٹک: خصلت، تاک، نظر، یکا یک

ٹک ٹک: چلنے میں پاؤں کی آواز، پاؤں کی چاپ، گھڑی چلنے کی آواز

ٹکور: ڈھول کی آواز، بجنے والے، جیسے ٹکور گھنگرو یعنی بجنے والے گھنگرو

ٹکورا: ڈنکا، نقارہ، کچا آم، امبیا

ٹکِ: زرا

ٹلا: چھوٹی سی خمدار لکڑی کو کہتے ہیں

ٹلہ: دھکا، ضرب

ٹمکی: چھوٹا طبلہ، چھوٹی ڈھولک

ٹنڈا: جس کا ایک ہاتھ کٹا ہوا ہو

ٹنٹا: جھگڑا

ٹنک: امرود

ٹوپ: ٹوپی، سپاہی کا خود

ٹوٹ: شکستگی، نقصان

ٹوٹا: نقصان، زیان

ٹوک: ٹکڑا

ٹوک ٹوک: پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے

ٹوکے: ٹکڑے

ٹولا: پٹی (چراغ دان) محلہ، گروہ

ٹولاں: ٹول کی جمع، ایک پرندہ

ٹولے: ٹھولے، ٹھونگے، انگلی کو موڑ کر دوسرے کے سر پر مارنا

ٹومنی: ایڑ، ٹھوکر

ٹونڈا: جس کا ایک ہاتھ کٹا ہوا ہو

ٹونکا: مختصر، تھوڑا

ٹوناں: جادو، ٹوٹکا

ٹونیاں: ٹونا کی جمع، سحر، جادو، ٹونے ٹوٹکے

ٹھاٹ: سازوسامان، ڈھانچہ، شان وشوکت، مجمع، ٹھٹ

ٹھار: ٹھکانہ، جگہ، پناہ

ٹھارا: ٹھہرا، ٹھکانہ، جگہ، پناہ

ٹھارا کرنا: قائم کرنا، قیام کرنا

ٹھار ٹھار: جگہ جگہ

ٹھاراسو: مقام

ٹھارنا: ٹھہرنا، رکنا، رکھنا

ٹھارے: ٹھہرے

ٹھاڑے رہنا: مستعد رہنا، جمے رہنا

ٹھام: جگہ، مقام

ٹھان، ٹھانا: مکان، جگہ، ٹھکانا

ٹھانو، ٹھانوں: مقام، ٹھکانا، جگہ، بل

ٹھانوں پکڑنا: جڑ پکڑنا، درجہ پانا، صاحب عزت ہونا، مشہور ہونا

ٹھانہ: ٹھکانہ، چوکی

ٹھاوں: ٹھکانہ، جگہ، پناہ

ٹھاویں ٹھاوں: جگہ جگہ

ٹھٹ: بھیڑ

ٹھٹھول: ٹھٹھولیاں (جمع)، دل لگی

ٹھریاں: ملحق

ٹھسہ: نازوادا، ٹیم ٹام، غرور، خود بینی، خود نمائی، مُہر، ٹھپہ

ٹھکائی کرنا: مارنا، پیٹنا

ٹھک ہونا، ٹھکی ہونا: ششدر رہونا، حیران ہونا

ٹھگ فندان: مکار، عیار

ٹھنڈیک: ٹھنڈک

ٹھنکار: رعب داب، ٹھنک، ہتھوڑے کی آواز

ٹھور: مقام، جگہ، چونچ

ٹھور ٹھور: جگہ جگہ

ٹھولا: ٹھونگا، مار، ضرب

ٹھونٹ: کٹا یا ٹوٹا ہوا ہاتھ، درخت جس میں ڈال پتے وغیرہ نہ ہوں، خالی بات

ٹھیر: قرار

ٹھیل: ٹالم ٹول، ٹال مٹول، ڈھکیل دینا

ٹھیلنا: ٹھکرانا، رد کرنا

ٹھیس: ٹھیس

ٹیپ کر: لگا کر

ٹیٹوری: ٹیٹری، ایک پرندہ

ٹیر: آواز

ٹیک: ستون، سہارا، وعدہ، ٹیلا، پہاڑی

ٹیک: گلے کا ایک زیور

ٹیمرو: ایک جنگلی درخت، جس کی جوف سے سیاہ رنگ کی لکڑی نکلتی ہے، آبنوس

ٹیلا: مٹی کا ڈھیر، چوٹی، ٹیکا

ٹیلک: تِلک، ٹیکا، قشقہ

ٹینک: (ٹیک) ٹاکی، چھینی، ٹیلا

ٹیو: رذیل، کمینہ

ث

ثابت پنا: استقلال

ثابیت: ثابت و سالم

ثلث: خط کی ایک قسم ہے، تہائی

ثمرت: (سمرتھ)، طاقت

ج

جاب: جواب

جانب: جواب

جاپ: پرستش

جات: جاتا، جاتے، جاتا ہے

جات: جنا ہوا، پیدائش، ذات

جاتا: دختر، لڑکی

جاتپنا: دانش

جاتی: عقل، بوجھنا، فہم

جاجنا: جگانا

جاچ: جانچ، جانچنا، حاجت، احتیاج، فقر و فاقہ

جاچ: جوش، لجاجت، آرزو، اشتیاق، خواہش

جاچنا: ظلم ڈھانا، جانچنا

جار: ۱۔ جھاڑ، درخت ۲۔ بدکار، زانی

جارھوناڑا: اکھاڑا

جاڑدو: جڑدو

جاری: بدکار، بدکاری، زنا

جاز: جہاز

جاسوں: جاؤں گا

جاسی: جائے، جائے گا

جاسی نہ: نہ جائے گا

جلسے نہ سارا: نہ بچ سکے گا

جاگا: جگہ

جاگرت: جاگنے کی حالت، ہوشیاری، بیدار ہونا

جاگہ: جگہ

جاگیا: جاگا

جال: ہوالا، شعلہ

جال: (مصدر جالنا)، جلا، جلے ہوئے، جلا کر

جالا: جال، دام، جلایا

جالنا: جلنا

جال کر: جلا کر

جالنا: جلنا، جلانا

جالن لگنا: جلانے لگنا

جالی: جلائی، جلایا

جالیا: جلایا، جلا

جالی تھی: جل رہی تھی

جالے: جال، دام، پھندا، جلا، جلے

جام: (یام) دن اور رات کا آٹھواں حصہ یعنی پہر، پاس، جلن

جاماں: (جمع، واحد جام)، پیالے

جامن، جامون: دہی جمانے کے لیے کھٹا دودھ

جامہ: لباس، پوشاک، تن

جامہ زری: سنہرے تاروں یا کلابتوں کا بنا ہوا کپڑا

جاکھ سپتے پانی نکل: چہرے کی آب جاتی رہی، ہوائیاں اڑنے لگیں

جامگیاں: بندوق کے توڑے، جامگی کی جمع

جامونی: (یامنی)، بجلی

جاں: جہاں، جس جگہ، جوان

جان: آگاہ، باخبری

جان پنا: علمیت، قوت تمیز، آگاہی، جان رکھنا

جانت: جاننا

جاننا پنا: علم، آگاہی

جانتاں: جہاں تہاں

جانکا: جانکاہ

جانگ، جانگھ: ران، زانو

جانگے: جائیں گے

جانور: پرندہ، پنچھی

جانوں: جاؤں

جانی: جان سے تعلق رکھنے والا

جاوتارو: جانے والا، مسافر

جاوی: ملک جاوا کا رہنے والا

جائی: بیٹی، ایک پھول

جایا: بیاہی عورت، زوجہ، بیٹا

جبز: ساز و سامان

جب لگوں: جب تک

جبھوا: (جیبوا)، زبان

جپ: پرستش، وظیفہ، یاد

جپنا: دھیان لگانا، عبادت کرنا، یاد کرنا، ذکر کرنا

جپ مالا: تسبیح

جپانا: ورد کرنا، ذہن نشین کرانا

جتِ: (یَتِ) سنیاسی، فقیر، اہل اللہ

جِتنا: جتنا

جتنا کرکے: جتنا ہو سکتا تھا

جترا: جاترا

جترب: شعار، شیوہ

جتن: احتیاط، حفاظت، کوشش

جتن کرنا: حفاظت کرنا، احتیاط کرنا، کوشش کرنا

جتھا: گروہ، جماعت

جتھیں: جس سے

جتی: جیتی، زندہ، جتنی

جتے: جیتے، جتنے

جتیاں: اُولیا، مذہبی پیشوا، اہل اللہ، جتنے، جتنی

جٹ: جاہل، فوراً، جھٹ

جٹا: سر کے لمبے بال، (جٹاں جمع)

جٹامکٹ: بالوں کا تاج

ججریا: جھجری

ججمان: رسومات مذہبی ادا کرنے کے لیے پجاری کو مقرر کرنے والا، سردار، صاحب، حجام، مالک، مخدوم، مُربّی، مجازاً شوہر

جد: جب، جیسا، جب کہ، جس وقت کہ

جد: ضد

جدا: جب، جب کبھی

جداں: جہاں، جدھر

جدر: جدھر

جدکد: جب کبھی، وقتاً فوقتاً

جُدھ: جنگ، لڑائی

جدہان، جدھاں: جب، جہاں، جدھر

جدھاں تی: جہاں سے، جب سے

جدھاں لگ: جب تک

جُرانا: جلانا

جرتار: زرتار

جرجر: جل جل کر

جُرم: ہمیشہ، سدا

جرم سِل: سخت پتھر

جُرن: (جُرنا) جلنا، بکنا

جروا: جذب کیا ہوا

جرونا: ضبط کرنا، کھلانا، پچنا، ہضم ہونا، اکڑنا

جڑ: پرانا

جُڑاں: جڑ کی جمع

جڑت، جڑٹ: جڑاؤ، مُرصّع

جڑت کاری: جڑاؤ کام

جڑتے: مقابلہ کرتے

جڑیتی، جڑیتے: جڑ سے

جڑی: نباتات، بوٹی

جڑماں: جمع جڑم کی، (اعراب کی ایک شکل جیسے زیر، زبر،

پیش، تشدید، جزم، وغیرہ)

جُس: طاقت، شوکت، نیک نامی، ناموری، ساکھ، زور، شہرت، عزت، تعریف، توفیق، طرح، جیسے، شہوت

جستے: کودے، جس سے، ساتھ

جس دھرتی: جس روش سے، جس طریقہ سے

جسر: پل، بہادری، ہمت، بزدلی

جسی: جس

جسے: جس کے

جعفری: گیندے کی ایک قسم

جعفرات: وہی

جُفت کرنا: مجامعت کرنا

جک: بکواس، بخیل، مدفون خزانہ کا محافظ

جک: وہ جانور جسے خزانہ دفن کرتے وقت مار کر ساتھ دفن کر دیا جائے

جُکُچھ: جو کچھ

جکڑ: پکڑ کر

جکوئی، جکووی: جو کوئی، جو شخص

جگ: مدت دراز، زمانہ، دُنیا، جہاں

جُگ: دود، زمانہ، پشت، موسم

جگاجوت: روشنی، جگمگاہٹ

جگ ادھار: دنیا کا سہارا، دنیا کو سہارا دینے والا

جگ اوجال: دنیا کو روشن کرنے والا

جگت: چالاکی، بناوٹ، حِکمت

جگت: حرفِ تشبیہ، جس طرح، جس طور پر

جگت: جگ، دنیا، عمارت کا پشتہ، کنویں کے چاروں طرف بنا ہوا چبوترا

جگت پال: عالم پرور، دنیا کو پالنے والا

جگتر: دُنیا، عالم

جگت گرو: اُستادِ زمانہ، ابراہیم عادل شاہ ثانی (م۔۱۰۳۷ھ) کا لقب

جگ جگ: قرنہا قرن، ہمیشہ ہمیشہ

جگجگانا: جگمگانا

جگ جگی: اختلاط

جگ جینت: فاتح عالم، ایک ہاتھی کا نام

جگ چھانو: دنیا کو سایہ یا پناہ دینے والا

جگ دِشت: دنیا کی نظر

جگ دُھنڈے: دنیا کو چھان مارنے والے، دنیا بھر میں تلاش کرنے والے

جگ دیو: رہبرِ عالم، خدا

جگ ڈھونڈی: دنیا بھر میں ڈھونڈنے والی

جگر: زرہ

جگ سوہن: محبوبِ عالم، ہر دل عزیز

جگل (یُگل): دو، جوڑا

جگ مگ: روشن

جگمگنا: جگمگانا

جگنا: چمکنا، جگمگانا

جگنے: جگنو

جگو: جگہ

جَل: جال کا مخفف

جَل اوجھل

جَل پانی

جلاب: دست، لعاب، پاخانہ، عرق، رس، شربت

جلاٹ: جلن، سوز

جل بل: بے تاب، غصہ میں آنا

جل بلنا: بے تاب ہونا

جل پور: پنگھٹ، پانی کی جگہ

جلترنگ: ایک ساز جو پانی سے بھرے ہوئے پیالوں پر بجایا جاتا ہے

جل تل: جل تھل، خشکی اور تری

جلجلا: چمک

جل کھانا: پانی پینا

جلگ: جب تک

جل منجھار: پانی میں

جل منڈلی: سمندر

جلانکور: پانی کی کوکھ، سیپی

جلانہاری: جلانے والی

جلوہ: شادی کی ایک رسم

جلی: روشن، روشنی

جلیکر: (جلے کر)، جلا کر

جَم: موت کا فرشتہ

جَم: ہمیشہ، سدا، ہر وقت، ہمہ وقت

جم: جمشید، ایران کا ایک بادشاہ

جمات: جماعت

جمارے: ہمیشہ

جمالیت: جمال، حسن، خوبصورتی

جمجا، جمجاں: (جمجاہ) صاحب شان، بلند مرتبہ

جم جم: ہمیشہ ہمیشہ، مبارک

جَمدر: (جمدھر) خنجر، تلوار، تیغ

جمل: اجمال، مختصر یہ کہ

جُمل: جملہ، کُل

جمنا: ٹکنا

جمنا: دایاں

جمونار: مہمانی، ضیافت

جمھار: جمار، ہمیشہ

جمیا: جما

جَن: عارف، پیدائش، مرد، لوگ، بشر، گروہ، مرکب شکل میں یہ لفظ جمع کے معنی دیتا ہے، جیسے استری جن یعنی عورتوں کا گروہ

جَنا: آدمی، جس نے جنم دیا ہو

جِنا: جِتنا

جنا ردن: خدا، آفتاب

جنانا: پیدا کرنا، پیدا کرانا، زنانہ، بتانا، ظاہر کرنا

جناور: جانور

جنائے: ظاہر کیے، بتائے

جنایا: پیدا کیا، جنوایا

جنبل: غصہ کی حالت، جل جلا کر

جنبو: نام جزیرہ

جنت: زچگی

جنتر: اوزار، تعویذ، گنڈا، دھوپ گھڑی، چاند، دف، جوتشی کا نقشہ، ایک باجے کا نام جس میں بیس سے زیادہ تار ہوتے ہیں

جنتو: جاندار، جانور، چوپایہ

جن جنم: جنیو، زُنّار

جنس: طرح

جنگم (جنگم): سیلانی، سادھو، مرشد، (جنگماں، جمع)

جنگ: جانگھ، ران

جنگ دھاڑ: جھگڑا

جَنگل: جنگل، صحرا

جنگی: سپاہی، چنگاری

جنم: زندگی، زندگی بھر

جنم جگ: عمر بھر

جنم کمانا: جنم لینا

جنن: جن

جننکے: جن لوگوں کے

جن نے: جس نے

جنو: جو، جن کے، مثل، مانند

جنوائی: داماد

جنوسوں: جن سے

جنونت: گویا کہ

جنوسوں: جن سے

جتے: جس، جس نے، جو

جتے: لوگ

جتے جانے: باخبر، سیانے

جُو: جوں، مانند، طرح، جب، وہ، بیوی

جوار: قربت

جوار بھاٹا: مدوجزر، سمندر یا دریا کے پانی کا اتار چڑھاؤ

جواسا: ایک کانٹے دار درخت کا نام جس کے پتے کھا کر اونٹ فربہ ہو جاتا ہے

جوالا: آگ، شعلہ

جوانمردی: سخاوت، بہادری

جوانچہ: جوانی ہی

جوبن: پستان، چھاتی

جوت: روشنی، چمک دمک، رونق (جوتاں۔ جمع)

جوتو: ہر وقت، جب تب

جوتی: روشنی، چمک دمک، رونق، چمک دمک والے

جوجھن: جنگ، لڑائی

جوجھنت: لڑائی

جوجرا: (جھوجھرا) ٹوٹا ہوا، وہ برتن جو بہ ظاہر ثابت نظر آئے، مگر ہو ٹوٹا ہوا

جودھا: پہلوان، بہادر

جودھاولی: جنگجو سردار

جُور: جوڑ، مثل

جُورو: بیوی

جوڑا: نظیر

جوڑلینا: برابری کرنا، مقابلہ کرنا

جوڑوا: جُڑواں، ملا ہوا، جُڑا ہوا، توام

جوسی، جوسیا: جوتشی

جوش: محبت، خدمت

جوکہ: جس کو

جوکھنا: وزن کرنا، تولنا

جوکھیں: تولیں

جوگ: لائق، زُہد، ملاپ، وصل

جوگی: سنیاسی، سادھو

جولا: دھوکا دینا

جولاہی: غافل، بازی گر

جولہ: سولہ (۱۶)، بسوے کا پیمانہ

جولک، جولگ، جولگن: جب تک، جیسے

جولگوں: جب تک، جیسے

جون: (لَون) پیدائش، جنم، یونان کا باشندہ، غیر ملکی

جُونا: پرانا، مہین، ڈھونڈنا، دیکھنا

جونرا بھونرا: تہ خانہ، خزانہ، مال، پونجی

جوں کی: چونکہ، جیسا کہ

جُونی: پرانی

جوھنا: راہ دیکھنا، کھوجنا، ڈھونڈنا

جوہر: وہ چیز جو قائم بالذات ہو

جوہی: پھول کا نام

جوہی: لڑیوں کا زیور، ایک پھول کا نام، جوئی

جوئی: جورُو، زوجہ، جوبھی، ایک پھول کا نام

جوئے: ڈھونڈے، دیکھے

جوئیں: جو

جویسی: عقل مند، جستجو کرنے والا، غور وفکر کرنیوالا

جہات: جدوجہد، کوشش

جہاج: جہاز

جھار: راکھ

جھار جھار: نثار، قربان

جھاڑ: درخت

جھاڑا: پاخانہ

جھاڑ جھڑوے: جھاڑی، پودے

جھاڑ جھنکاڑ: کانٹوں والے درخت

جہاز، جہاز: جہیز

جھال: نظر کا فریب، سراب

جھال: بتی کی لو

جھال: تمازت، حدت، جوش، غضب، چھلانگ، شعلے کی لپٹ

جھالاں: اُجالا، روشن، چوکڑیاں

جھالنا: جھیلنا

جھانپ: چھپا، پردہ، چق، بڑا ٹوکرا

جھانپ لے: چھپالے

جھانپنا: بند کرنا، ڈھانکنا

جھانپی: ڈھکی

جھانج: غصہ

جھانجھ: بے خودی، بے تابی، ایک ساز کا نام

جھانجھو: سراب

جھاں روپ: جہاں روپ

جھاملی: ٹمٹماکر

جھانک: دید، گوشۂ چشم

جھانکنا: بند کرنا

جھانگ: گوشۂ چشم، دید، التفات

جھانگڑ: ایک قسم کا باجہ

جھانگیر: ایک قسم کا زیور

جھبا: کاکل، لوہے کی کڑاہی، طرّہ

جھبوتی: طرّہ، سہرا

جھپی: سامان، سیڑھی

جھپ: فوراً، تیزی کے ساتھ، جھینپنا، شرمانا

جھپک جھپان: اِدھر اُدھر ہلنا

جھت: سبب، طرف

جھُٹا: جھوٹا، کاذب

جھُٹانا: جھُٹلانا

جھٹک دے: جھٹک کر

جھُٹنا: چمٹنا

جھٹنٹ: جھگڑا

جھٹیٹ: جٹنا، چٹنا

جھٹمل: جھانٹ سے جھٹمل بنالیا ہے، جھانٹ ملنے والی

جھٹے: بے حاصل، جھوٹ موٹ، خواہ مخواہ

جھنجر: جالی دار، دریچہ، پارہ پارہ، سوراخ، صراحی

جھجنا: ناراض ہونا، رنجیدہ ہونا، گھٹنا، دُبلا ہونا

جھجی، جچی: شرمندہ ہوئی

جھجے: گزرے

جھڈو: کف، جو سانپ کاٹنے کے منہ سے نکلتا ہے

جھر، جھرا: پانی گرنے کا مقام، سوتا، چشمہ

جھر جھرانے: جھڑ جھڑانے

جھر کالا: موسم سرما، سردی

جھُرنا: مُرجھانا، گھٹنا، غم زدہ ہونا، رونا

جھر ہونا: اثر ہونا، سایہ ہوجانا

جھری: سوت

جھرے: گھسے، داخل ہو

جھڑ: جھڑی، برسات، سلسلہ

جھڑالا: جھڑاکا، جلدی، عُجلت

جھڑپ: گرمی، اثر، آسیبی اثر، جھاڑی

جھڑتی: جائزہ

جھڑتی دینا: محاسبہ کرنا، تلاشی لینا

جھڑ جھڑانا: غصہ میں آنا، سرزنش کرنا

جھڑی پڑنا: مسلسل بارش ہونا

جھز: جہاز

جھک: مچھلی

جھکار: ایک پرندہ

جھکارا: ہوا کا جھونکا، نمائش

جھُک جھُک: آواز کے ساتھ تیزی سے چلنا

جھُکنا: بڑبڑانا، جھلانا

جھگڑا: جنگ

جھگی: جامہ

جھل: جذبہ، رشک، جلال، رعب، غصہ، دشمنی

جھل جھل کرنا: چمکنا

جھلاجھل: چمک دار، روشن

جھلاجوک: چمک دمک

جھل جھلنا: جگمگانا، جھل جھل کرنا، چمکنا

جھل جھلاہٹ: غصہ، غیض، غضب کا اثر، چمک دمک

جھل جھلی: ظاہر ہو، چمکے، چمک

جھلکات، جھلکاٹ: جگمگاہٹ، چمک

جھلکار، جھلکارہ: جھلک، چمک دمک، روشنی، تجلی، ہوا کا جھونکا

جھلک رادت پنا: سراسر، بہادری

جھل کھانا: جلنا، جیسے حسد کی آگ سے، غصہ سے یا کسی چیز سے

جھلکیا: جھلکا

جھلنگ: کودنا، پھاندنا، سوراخ دار، مشبک

جھلنگا: ٹوٹی ہوئی پرانی چارپائی

جھلم: زرہ، نقاب، جھالر جو سپاہی کے خود سے باہر نکلی ہوئی چہرے پر پڑی رہتی ہے

جھلم: جھالر

جھلمان: جھلمل کرنا

جھل مرے: ہیبت زدہ

جھلوں: قدرے

جُھلے: جُھولے

جھمر: ہجوم

جھمکا: شان، کان کا زیور

جھمکنا: جھلکنا، چمکنا

جھنبر: بھیڑ

جھنڈ بند: خم وچم

جھنڈ بھری: چھنڈ بھری، نازوں بھری

جھنگڑ: جھگڑا

جھوجھنٹ: (جھوجھنا) لڑائی، جنگ، لڑائی میں مارا جانا

جھورنا: لرزنا، پھڑ پھڑانا، مرجھانا، گھٹنا

جھوکا: خوشہ، گُچھا، (جھوکیاں۔جمع)

جھوکنا: جُھکنا

جھونکے: خوشے، گُچھے

جُھونتے: جُھومتے

جھونٹ کر: جھوٹ سمجھ کر

جھونٹے: چٹیا کے بال

جھونٹے مار: فریبی، تڑی باز

جھونڈ: جُھنڈ

جھول: لباس، پہناوا

جھولا: جُھلسنا، تھیلا، لُو لگ جانا

جُھولنا: جُھولا

جھوما جھوم: ہاتھا پائی، چپقلش

جھونا: قسم پارچہ، سوکھا ناریل، کھوپرا

جھونجھ: غصہ جھونج

جُھی: جوہی

جھجھ: خواہش، طیش

جھجھنا: گھٹنا

جھیل: برداشت، صف، قطار

جھیلی: خوشہ

جھیم: خیروعافیت

جھین: دُبلا پتلا، لاغر

جھینج: طیش، جھنجھلاہٹ

جھیہ: انجام، آخر

جئی: ترقی، دولت، اقبال

جے: جو، جو کوئی، جو کچھ، جس کو

جیا: دِل، جی

جیب: زیب

جیب: زبان، جیباں (جیب کی جمع)

جی باندھنا: دل لگانا

جیب کاتر: زبان کا لعاب، لعاب دہن، تھوک

جیپال: سادھوؤں کا ایک فرقہ جس کی بددعا کی تاثیر مشہور ہے

جتیا: جیتے جی مرگیا

جیتا: جتنا، جتنی

جیتا چہ: جتنا ہی

جیتل: ایک قدیم سکہ

جیتے، جیتیاں: جتنے

جیتی: جتنی

جید: بہت بڑا

جیسے: جب سے

جیشتی: زیادتی

جیغے: کلغی

جیلا: جلا

جی مُرمُر جانا: شرمانا

جیمنا: کھانا تناول کرنا

جین: بوڑھا

جینت: جیت، فتح، کامیابی

جینیا: جیتا

جینتی: جیت لیا

جینتی: پیدائش

جیو: جان، جاندار، حیوان

جیوا: انسان

جیواں: ارواح، دِل

جیو بند رکھنا: دِل گرفتہ رہنا

جیو پکڑ رہنا: زندہ رہنا

جیوتا: جیتا، زندہ

جیوتی دل: روشن ضمیر

جیوتی کرنا: زندہ کرنا

جیو جنت: ذی روح

جیو جنتر: حشرات، کیڑے مکوڑے

جیوپنا: وجود

جیو خرچ کرنا: جان نثار کرنا

جیودان: جان دار

جئیو دان: جان دینا، از سرِ نو زندگی بخشنا

جئیو دان دینا: جان بخشی کرنا، زندگی عطا کرنا

جیو دینا: جان ڈالنا

جیو ڈوبنا: دل ڈوبنا

جیورا: جیوڑا

جیوڑا: جان

جیوڑا: بالوں کا جُوڑا

جیو صرف کرنا: غم خواری کرنا

جیو کے نمن: جان کی طرح

جیو لگ: ساری عمر تک

جیو لین: جان لینے کے لئے

جیوں: جس طرح

جیوں: زندگی، جوں، مثل، معشوق، مانند، جس طرح

جیوناں: جینا

جیون پھل: زندگی کا ثمر

جُیوں کر: جیسے کہ

جیو کہ: جیوں کر

جیونا: زندہ رہنا، زندگی، جیون

جیو ہونٹا منے آنا: جان لبوں پر آنا

جیہ: جی، دل

چ

چ: گجراتی، مرہٹی اور قدیم دکنی اردو میں حرف تخصیص

کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور لفظ کے ساتھ لگ کر "ہی" کے معنی دیتا ہے جیسے جوانچہ بمعنی جوانی ہی اور یونچ سے یوں ہی وغیرہ

چابسی: چبائے گا

چابنا: چبانا

چاپ: کمان

چاتر: ہوشیار، فہیم، چالاک

چاتک: پپیہا جیسا ایک پرندہ

چاڈ: چُغل خور

چاتورائی: چترائی، شوخی، ہوشیاری، چاتری

چاچ: بیقراری، جوشش

چاچڑ: چاچر، ناچ

چار: پسند، تقریب کے موقعہ پر دیا جانے والا تحفہ، جاسوس، یقیناً

چارا: خوراک، غذا

چارمی: چوتھا

چارنا: بنانا

چارو: چاروں

چاڑ: نشان، داغ، چوٹ، سہارا، صدمہ، چُغلی، پروا، سروکار، احتیاج

چاڑی: چُغلی، غیبت

چاق: صحیح وتندرست، خوش وتیار

چاک: چکھ

چاکر: نوکر

چاکرانی: ملازم عورت

چاکن: بوسہ

چاکنا: چکھنا

چاکنی: لذت

چاکنے: چکھنے

چاکھا: چکھا

چاکھلانا: نظرِ بد سے دیکھنا

چاکھنا: چکھنا

چاکھیا: چکھا

چاکے: چکھے

چال: مکان، گھر، رفتار، روش، طرز

چالا: چال، حرکت، گردش، ناز، غمزدہ، آئین، مکر

چالے: چال کی جمع، بہت سے مکان، روش، طرز

چالے کرنا: چالیں چلنا، حرکتیں کرنا

چالیں: چال کی جمع

چام: چمڑا

چانپ: ڈر

چانپنا: دبانا

چانپی: دبائے

چاندہ: چاند

چانک: پپیہا

چاو: خواہش، آرزو، شوق، خوشی، مان، پیار

چاوتا: چاہتا

چاوڑی: گاؤں کی بیٹھک

چائیں چاٹا: گنجا

چبکنی: طعنہ

چپاول: تاخت وتاراج

چپل: چنچل، چُلبلا، جلد باز

چپلا: چُلبلا، شوخ

چپلائی: چُلبلا پن، شوخی

چت: خواہش، دل، نظر

چتا: چتیا، لکڑیوں کا ڈھیر جس پر ہندو اپنے مُردے کو جلاتے ہیں

چتارا: تصویر بنانے والا، مصور، نقاش (چتارے۔جمع)

چتارنا: تصویر بنانا، نقشہ کھینچا

چتاری: مصور، نقاش

چتانا: متنبہ کرنا

چت دَھر: توجہ دے کر، خوشی کے ساتھ

چت دھرانا: توجہ دینا

چتر: سائبان، چھتری، سایہ

چتر: تصویر، نقش ونگار

چتر: ہوشیار، صاحبِ امتیاز، چالاک، صاحب تاج وتخت

چتر: چار

چترا: رنگارنگ، گونا گوں

چترائی: خوبی، تیزی، ہوشیاری، دانائی

چتر سال: تصویر خانہ

چترنا: نقش ونگار کرنا

چترنگ: چار قسم کی فوج یعنی رتھ، ہاتھی، گھوڑے اور پیدل،

شطرنج

چترِی: مصوّر، نقاش

چترے: (چترنا، تصویر بنانا) تصویر بنائے

چتّل: ایک جانور

چتلانا: جتلانا، آگاہ کرنا، بتانا

چتلی: چیتل، مراد، دلربا

چتّرت: دیکھیے

چٹ: ۱۔ چاٹ، مزہ، ذوق

۲۔ ہوس، لالچ

۳۔ جلدی سے، فوراً، سب کا سب کھا جانا، صاف کر جانا

چٹ: آسیب، سایہ

چٹّا: سفید

چٹ پٹی: بے چینی، اضطراب

چِٹک: فریب

چٹکا: چرکا

چٹ کرنا: غائب کرنا

چٹک لانا: پُھسلانا، دھوکا دینا

چٹکیو: (چٹک)، چٹکے

چٹور: شوقین، لالچی

چچونڈا: (چچینڈا)، ایک ترکاری

چُچّی: پستان

چدّر: چادر

چدّو: حرام زادی، قحبہ

چڈھانا: چڑہانا

چڈھی: چڑھی

چڈھیا: چڑھا

چِرا: ایک طرح کی پگڑی، غلام

چُرا: چارا

چران ھارے: چیرنے نیوالے

چوپری: تند مزاج

چرپھرنا: بے تاب و بے قرار ہونا

چرخ: آسمان، چکر

چرخنا: چھپانا

چُرس: حسد، جلن

چرکا: آگ، تپش

چرم: چمڑا، کھال

چرن: قدم، چرنا

چرنا: چڑھنا

چرنجیو: (چرن جیو) دعائیہ کلمہ، بہت جیو، بڑی عُمر ہو

چرن کوں ہاتھ لانا: پاؤں چھونا

چڑو: چڑھ، زیادہ، چڑھکر

چڑ اوتر: اوپر نیچے

چڑوت: پرندہ

چڑ تا: بڑھ کر

چڑت بُد: روزافزوں عقل

چڑنا: چڑھنا، اوپر جانا، بلند ہونا

چڑن ہار: چڑھنے والا، سوار

چڑوں: چڑھوں

چڑویل: چڑیل، شیطان عورت

چڑیری: بڑھ چڑھ کر

چُوی، چوی: چڑیا

چوی: چڑھی

چڑیا: اداشدنی حق

چُویاں: چڑیاں

چویاں: چڑھیں

چڑے: چڑھے

چُویل: شیطان عورت، بھوتنی

چشمیاں: چشموں، چشمہ کی جمع

چطور: چتر

چُغتہ: چغتائی مغل

چک: آنکھ

چک: چق، پردہ

چک: اراضی، زمینداری

چُک: کچھ، ذرہ، چُوک، بھول، خطا

چکّا: جما ہوا، منجمد

چکا: چکھا، کُھلا

چکاٹ: (چکاٹے)، دنگ ہونا

چکاٹیاں: شکست خوردہ

چکاچاک: چاک چاک

چکانا: چکھانا

چِکان ہارا: چکانے والا، دینے والا

چکایا: چکھایا

چُکایا: ادا کیا، پورا کیا

چک پک: غرور، لاف، تیزی، رونق، پُھرتی

چک پگ: جلدی جلدی، بہت جلدی

چکتی: قاش، ٹکڑا (حلوے کی چکتی)

چک چار: آنکھیں چار ہونا

چکرت: چکر، گردش

چکرنگ: ہنس، ایک پرند

چکریاں: ایک قسم کی آتش بازی

چکو: کیچڑ، ولدل

چکساوٹنا: اُبٹن

چکل: گندا، اکڑ، اینٹھ

چکل: کیچڑ

چکلاہٹ: جوش، اینٹھن

چکل کر: بھینچ کر

چکلنا: دبانا، بھینچنا، کُچلنا، مَلنا، رگڑنا

چکلیا: دبایا، بھینچا، رگڑا، کُچلا، مَلا

چک مک: چقماق

چکنا: ٹپکنا، گرنا، بہنا

چک موڑ جانا: آنکھیں پھیر لینا

چکور: مجنوں، عاشق، پریشان، ایک پرندہ

چکور: (چکورے جمع) تیتر کی قسم کا ایک پرندہ

چکورا: جس کو ایک حالت میں قرار نہ ہو

چُکہ: چوک

چکہ: (کچھ)، ذرا

چکے تھے: چوک گئے تھے

چگر: ایک پرند

چگر: چقر، املی کی کونپلیں جو پکا کر کھائی جاتی ہیں

چگلنا: بھینچنا

چُل: شہوت

چلا: کمان کی تانت، چلّہ

چل بچل: بھاگ دوڑ، چلے چلنا، ہلچل، ریل پیل

چلا: چولھا

چلبلانا: بے قرار ہونا، بے اختیار ہونا

چلچل: چنچل

چلچلی: آوارہ

چلسی: چلے گی

چلنت: چلن، عادت، چال چلن

چلتر: مکّار، چالباز

چلتر کرنا: مکر کرنا

چلواؤناں: چلوانا، چلانا

چلیا: چلا

چلی سوبات: رائج الوقت زبان

چماما: جُوتا، جُوتی

چمامہ: جُوتی، نعلین

چُمبک: بوسہ لینے والا، مقناطیس

چُمبن: بوسہ، بوسہ لینا

چمت: معجزہ، محیر العقول بات

چمتکار: عجیب، نادر، تماشا، کرامت

چمٹی: چیونٹی

چمٹے: چیونٹے، چیونٹی

چُم چاٹ: چوماچاٹی

چمر: چمڑا

چمرکھ: دُبلی پتلی، سوکھی ماری عورت

چمک: مقناطیس، آہن رُبا، کہربا

چُمن: بوسہ، چومنا

چمنے چمن: چمن چمن

چموٹا، چموٹی: چمڑے کی پٹی جس پر اُسترہ تیز کرتے ہیں

چموٹے: تسمے

چُن: ایک قسم کا نیشکر، گنے کا رس

چن: غلے کی ایک قسم

چُنا: چونا کا مخفف

چنارون، چنار دھن: خاوند، صاحب، آفتاب، روشن چیز، خداوند تعالیٰ

چناں: چنا، غلّے کی ایک قسم، نخود

چُناں: چُنا، انتخاب کیا، پسند کیا

چمڑا: چمڑا

چنبک: مقناطیس، بوسہ لینے والا

چنپا، چنپک، چنپہ: چمپا، ایک خوشبودار پھول

چنت: فکر، سوچ

چنت چتورا: دل مغموم

چنتا: غور، فکر

چنتنا: غور کرنا، فکر کرنا

چنتیں: غور کرے، سوچیں

چنچل: شوخ، بے قرار، چالاک، مجازاً معشوق

چنچلانا: شوخی کرنا، مضطر ہونا

چند: چاند، ڈھال پر بنایا ہوا پھول

چند پُنم: ماہِ کامل، پورا چاند

چندر: (چندرماں، چندرما) چاند

چندربالے: چھوٹے چاند، چھاتیوں سے تشبیہ دی جاتی ہے

چندرجوت: ایک قسم کی آتش بازی، چاندنی

چندررَین: چاندنی رات

چندرسور: چاند اور سورج

چندرک: چاندنی، چاندی

چندگل: گلِ چاندنی

چندرمکھی: ماہ رخ، چاند سے چہرے والا

چندن: صندل، سرخ چیز، ایک قسم کا کبوتر

چندن رسپور: گھسا ہوا صندل

چندنہ، چندنی: چاند، چاندنی

چندنیاں: سیارے

چندوئی: سر پر باندھنے کا معمولی کپڑا

چندی: چیتھڑا، پھٹا ہوا کپڑا، کپڑے کا ٹکڑا

چنڈال: بد بخت، بخیل، شوم، کمینہ

چنڈری: چنری، رنگ برنگا دوپٹا

چنڈول: فوج کا پچھلا حصہ

چنری: چُنری

چنکنا: چومنا

چنگ: چونگ، ذائقہ، لے، ایک ساز کا نام

چنگم: سیلانی، سادھو

چنگی: چنگاری، چنگیاں (جمع)

چنیا: چُنا، انتخاب کیا، پسند کیا

چنیڑو: گیند

چنیل: گلہری

چوا: سیاہ کبوتر، چندن، دال کا چھلکا، چوپایہ خصوصاً
بیل، ایک قسم کی خوشبو

چُوا: مِشک، سیاہ

چُوا: چوہا

چوالا: چوپال

چوبانا: چُبھانا

چوباں: چوب کی جمع، لکڑی

چوبن: چبھنے والے، چھبنا

چوبنا: چبھنا، گھپنا

چوبھا: چُبھا

چوبھنا: چبھنا

چُوبی: چُبھی

چوبیں: چُبھیں

چوپ: چُپ، خواہش، آرزو، اُمید

چوپر: تیوری

چوپری: طرار

چوپڑی: کتاب، بہی کھاتہ

چوپکے: چپکے

چوپ غائب: یادِ خدا میں غرق رہنا

چوپ کر رہنا: چپ ہو رہنا

چوپھیر: چاروں طرف، ہر طرف

چوپی: (چپی)، خاموشی

چوپی کی چوپی: یوں ہی بلا ارادہ

چوتا: ٹپکنا

چوترہ: چبوترہ، نشست گاہ، چوترے (جمع)

چوتیاں: چوٹیاں، (چوٹی کی جمع)

چوچی: پستان

چودنہ: (چوداں)، چودہ (۱۴)

چودہ رتن: ہندو دیو مالا کے مطابق جب سمندر متھا گیا تھا تو اس میں سے چودہ چیزیں نکلی تھیں مثلاً امرت، زہر، لکشمی، چاند وغیرہ

چوڈول: ڈولا، سنگھاسن

چوڈھل: عماری

چور: ٹکڑے

چور پایک: جاسوس

چورہ: تِنکا

چوڑ: برباد، تباہ

چوڑ: نقصان، خسارہ

چوڑ: چوڑیاں، ٹکڑے، ریزے

چوڑنا: چڑانا

چوڑ کرنا، چوڑا کرنا: برباد کرنا

چوس: آٹا، سفوف، وہ زمین جو چار دفعہ جوتی جا چکی ہو

چوسا: فہم، عقل

چوسار: صاحبِ فہم، ہوشیار

چوسارا: چاروں طرف

چوساری: خبرداری، چوکسی

چوسرا: گلوبند، گلے کا ہار

چوسری: چومالا، (زیور)

چوسیتے: چاؤ سے

چوک: غلطی، بھول

چوکا: وہ جگہ جہاں ہندو بیٹھ کر کھانا پکاتے اور کھاتے ہیں

چوکدن، چوکڈھن: چاروں طرف

چوکن: چوکنا

چوکنا: (چکنا) بہنا

چوکونی: چار کونوں والی چیز، چوکور

چوکھا: اچھا، تیز، پاک

چوکھنڈ: چاروں طرف، سارا عالم، دُنیا، کائنات

چوکھی: عمدہ، چوکھا

چوکھی داراں: چوکیدار، بڑا عہدہ دار

چوکے: کیلیں، کھونٹیاں

چوکے: بھولے

چوکیا: نظر انداز کیا

چوکی دینا: جُل، فریب دینا

چوکیل: چوکی، تپائی

چوکی نویس: خبر رساں

چوگرد: چاروں طرف

چولا: چُولھا

چُونا: ٹپکنا

چونارا: چُونا (جو تعمیر میں استعمال ہوتا ہے)

چُوناں: ٹپکنا، چونا

چونبا، چونبی: بوسہ

چونپ: جوش، آرزو، ترغیب، کوشش، جھد

چونپ: سونے کا زیور جو سامنے کے دانتوں میں پہنا جاتا ہے

چونترا: چبوترہ

چوندھر: چاروں طرف

چوندھل: چمک، خیرگی

چوندھیر: چاروں طرف

چوندی: دھوکا، چغلی

چوندیس: چاروں طرف

چوندیاں: ترکیبیں

چونڈا: عورتوں کے سر کے بال جن کو وہ یکجا کر کے لپیٹ کر باندھ لیتی ہیں

چونڑی: چُنری، بالوں کا جوڑا، مورچھل

چونڑا: چوڑا، چوڑا چکلا

چونڑیاں: (چونڑی واحد)، چُنری، خاص قسم کا دوپٹہ

چُوننا: چُنتا

چونیا: چُنا، چیدہ

چُووانا: تر کرنا، ٹپکانا

چُوئی: چوہی، چوہیا

چہ: ہی

چھات: چھاتی، سینہ، چھت

چھاتر: چیلا، مرید، طالب علم

چھاترک: چیلا، مرید

چھاچھا: چھاچ، (دودھ کی)

چھاڑ: چھوڑ

چھاڑنا: چھوڑنا

چھال: چھلانگ

چھالا: پرتو، نور

چھان: تحقیق، چھان بین

چھاپ: پوشیدہ

چھاپنا: ڈسنا

چھانت: چلانا

چھانٹنا: چھڑکاؤ کرنا

چھانٹنے: برسانے، چھڑکنے

چھانڈا: قے، اُلٹی

چھانہ: چھاؤں

چھانے: چھانواں

چھاؤں: (چھایا)، سایہ، سائبان

چھاؤں ہو: سایہ کی طرح

چھاوے: ہاتھی کے بچے

چھاویں: چاہیں

چھایا: عکس، سایہ

چھائی: راکھ

چھب: خوبی، خوب روئی، خوب صورتی، حسن، چمک دمک

چھبیلا: بناؤ سنگار کیے ہوئے، حسین مرد، خوش وضع، صاف شفاف، رنگیلا، طرح دار

چھبیلوا: چھبیلا، شوخ

چھبیلی: چھب والی، ناز و انداز والی، حسین عورت

چھپن: چھپن (۵۶) لاتعداد کے لئے بھی آتا ہے

چھتہ دار: چھتر والا

چھترا: چیتھڑا

چھترے: انتہائی افلاس اور بُری حالت کی نشانی

چھترگھن: آسمان

چھتیاں: چھاتیاں

چھٹک: بوند، قطرہ

چھٹکا: (چھٹ + کہہ) چھٹکارا، نجات

چھٹکان: چھینٹے، دھبّے

چھوڑنا: چھڑکنا

چھجا: چھجا، محل، چھجے (جمع)

چھجنا: حقیر ہونا، خجل ہونا، کم ہونا

چچھو: آنکھ

چھچھوندریاں سٹنا: مشتعل کرنا

چھر: زہر

چھر: خیال، دھیان

چھر: اُسترہ، چھری

چھرا: (چھورا) لڑکا

چھرالی: تندخو، غصیلی

چھڑا: تنہا

چھڑ پھڑانا: چوچڑانا، جُھن جھلانا

چُھل: شہوت

چَھل: کپٹ، دھوکا، فریب

چھل: اچپل، شوخ، شوخی

چَھلا: چھالا، آبلہ، پھپھولا

چھل بل: شوخی

چھلکا: چھلکا

چھل چھبیلا: چھیل چھبیلا

چُھلنا: دھوکا دینا

چھلے: چھالے، تب خالے

چھلے: چلے

چَھلی: جذباتی، مکار، دھوکے باز، مسخرہ

چھماس: چھ مہینے

چھن: ایک پل کا چوتھائی، لحہ، آن

چھنا چھنی: چِناں چِنیں، تکرار، تو تو میں میں

چھنال: بدکار عورت، فاحشہ

چھنالا کرنا: فحاشی کرنا

چھن چھن: ہرلحہ

چھن چھن چھنا چھن: رباب کی آواز

چھند: مکر و فریب، ارادہ، آرزو، ناز، فن ہنر، مانند، نخرہ، ترکیب، کرشمہ

چھنداں: ترکیبیں

چھند بھری: عشوہ طراز، عیار، غماز (چھند بھریاں، جمع)

چھند بند: فریب، عیاری

چھند چھوندے فن: فریب

چھند کرنا: فریب دینا

چھندنا: بندھ جانا، چھد جانا، چھیدا جانا

چھنک: چھڑک

چھنلیا: چھنال، بدکار عورت، فاحشہ

چھنو: چھینو، (مصدر چھیننا سے)

چھنوڑ: بچوں کے پیٹ کا عارضہ، جس کی وجہ سے ان کا نشوونما رُک جاتا ہے

چھوٹ: الگ، دُور، کنارے، (کنارے ہونا=الگ ہونا)

چھوٹے: چھٹے

چھوجارا: سپاہی

چھور: چھوکری

چھورا، چھورو، چھوروار: لڑکا

چھوری: لڑکی، چھوریاں، چھاریاں، (جمع) لڑکیاں

چھوڑسی: چھوڑے گا، چھوڑتا ہے

چھوڑنا: ترک کرنا، بھلا دینا

چھولی: چھوٹی موج

چھوبا: چُھپا

چھوپنا: چھپنا

چھوندھر: (چھوں دھر) چاروں طرف

چھے: چاہے

چھیا: چُھوا

چھیج جانا: دبلا ہونا، کمزور ہونا

چھیڑا: کنارے، طرف، سمت

چھیک: سوراخ

چھیل: ایک پرندہ، چیل

چھَل چھبیلا: چُلبلا، بے پروا

چھَیل بَیل: چھل بل، سجاوٹ، زیبائش، آرائش

چھیلا: آخری، بکرا

چھیلے: لڑیا، پھولوں کے ہار

چھینا: چھونا

چھینک: سوراخ، چھید

چھینی: نشتر

چیا: چُوا

چیپنا: ذمہ کرنا

چیتا: فہم، عقل، خیال

چیترا: تصویر بنانے والے

چیتل: ایک قسم کا ہرن

چیتنا: روح، سمجھ، دانائی

چیتن ناتھ: روح یا سمجھ رکھنے والا

چیتن ہارا: دیکھنے والا، ہوشیار

چید: غلطی، بدگوئی

چیر: کپڑا، پارچہ، اوڑھنی، درخت کی چھال کا کپڑا، پرانے کپڑے کا ٹکڑا، لباس، پلو

چیرا: چپلا، مرید

چیرا: پگڑی، پتھر

چیرت: لباس

چیرہ: غلام، چیلا

چیری: غلام، باندی، چیلی، (جمع چیریاں) کنیز

چیشٹا: کوشش

چیک: وہ پانی جو گیلی لکڑی کے جلنے سے نکلتا ہے

چیکو: کیچڑ

ویلا: چلہ

چیلی: کنیز

چین: وَچن، قول، وعدہ

چیت: چنتا، فکر

چینٹی: چیونٹی

چیند: اندیشہ، فکر

چینڈ کی: چوٹی

چینی: چین کا رہنے والا

چیدیا: چُننا، منتخب، چنا ہوا

چیونٹے: چٹکی، چوٹی (بالوں کی)

چیونٹی: چٹکی، چوٹی (بالوں کی)

چیر: پاؤں میں پہننے کا ایک زیور

ح

حاجب: وکیل، پردہ دار، ابرو، قاصد سفیر

حال: حلول کرنے والا، فی الفور

حالت سوں: حالت میں آ کر

حالی: موجودہ، ایک سکہ، اب

حبشنی جنی: حبشن کی اُولاد

حجابت: سفارت

حجن: سدا، ہمیشہ

حدی: احدی، سست، کاہل، مجہول آدمی

حرامی: چور، قزاق

حربنا: لڑنا

حربے: مقابلہ کیا

حرفت: مکروفریب، چالاکی

حریان: حیران

حُسامی: تلوار، ایک کتاب کا نام

حشم: فوج

حربے: مقابلہ کیا

حرفت: مکروفریب، چالاکی

حربان: حیران

حُسامی: تلوار، ایک کتاب کا نام

حشم: فوج

حضوری: درباری، درباداری

حلقا: حلقہ، بالی

حلقیانکو: حلقوں میں

حکاتاں: حکایتیں

حلالہ: منکوحہ (بیوی)

حل کر: حل کر کے، گھول کر

حمت: ہمت، حوصلہ

حملی: گلے کا تعویذ، گلے کا ہار

حنظل: اندرائن کا پھل، انتہائی کڑوا

حوال: احوال

حوت: مچھلی، بُرج حوت

حوض خانے: نہریں

حولناک: ہولناک

حیفی: افسوس

حیفی کھانا: افسوس کرنا

خ

خار: خوار، ذلیل

خاطر گمانا: دل بہلانا

خالو: ایک ساز کا نام

خالی: تنہا، بیکار

خان: سردار، مالک، آقا

خاہی نخاہی: خواہ مخواہ، خواہی نخواہی

خبردار: مخبر، جاسوس، خبر رساں

ختکا ختکہ: چھوٹا موسل جس سے بھنگ گھوٹی جاتی ہے

خُتلی: ولایتِ ختلان کا گھوڑا

خُتیے: فوطے، خایہ

خچر گدھیری: گدھی کی نسل کا خچر

خُدا اپنا: الوھیت

خدایت: خدائی

خِذمت: خدمت

خراب ہونا: سرگرداں ہونا، پریشان ہونا

خرچ باٹ: سفر خرچ، زادِ راہ

خِرس: بدمعاش، غنڈہ، لچا، ریچھ

خُرش: بڑا موتی

خرف: بے ہودہ، بدحواس

خرفت ہونا: بے ہودہ بکنا، مہمل بکنا، بدحواس ہونا

خرف ہونا: کمزور ہونا، ضعیف ہونا

خروش: نالہ وزاری

خریفاں: فصلِ خریف کے پودے، درخت

خزینہ: منبع آب، خزانہ

خسروانی: شاہی

خُش: خوش

خشبو: خوشبو

خشخت: خشتک کی بگڑی ہوئی شکل، پاجامہ کی رومالی

خشی: خوشی

خصالت: خصلت

خصم: دشمن، بدخواہ

خطرہ: خیال

خطور: بھولنے کے بعد کوئی بات یاد آنا، دل میں کسی خیال کا گزرنا

خفتی: خبطی

خلا اٹھنا: رسوائی ہونا، بدنامی ہونا

خلاصی: اخلاص

خلاصی دلانا: نجات دلانا

خلاص ہوجانا: نجات پانا

خلاصی ہونا: نجات پانا، آزاد ہونا

خُلاصے: مختصر

خُماری: شرابی

خُمار: نشہ

خمرک: ایک پھل، کمرکھ

خمنا: خمیدہ ہونا، جھکنا

خمی: خم، جھکاؤ

خن: خون

خندی: فضول ہنسنے والی، (عورت)

خُنسا: ہیجڑا، خنسے (جمع)

خنگاں: سفید گھوڑے مائل بہ سبزی (خنگ کی جمع)

خواست: خواہش

خودپنا: انانیت

خودکام: خودغرض

خورنق: نعمان بن منذر بادشاہِ عرب کے قصر کا نام

خوش باش: خوشبو

خوش نظر: گلِ نرگس

خوشی گنانا: خوشی منانا

خوشی لکھن: نیک چلن

خوک: سُوَر

خونخار: خونخوار

خوے: پسینہ

خویاں: عرق (خوے کی جمع)

خیر: وجود

خیش: خویش

خیشیاں: خویشاں، عزیزواقارب

خیل: جماعت، گروہ، فوج، اقربا

خیل خانہ: انبوہ، سواروں کی رہائش گاہ

خیلی: چنچل

د

داب: دباؤ، رعب، دبدبہ

دابت: دعائے بد

داپ: گھمنڈ، غرور

دات: گھنا، گنجان، انبوہ، فیاضی، سخاوت، دانت

داتار: دینے والا، دہندہ

داٹ: سخت، گہرا، مضبوط، زور، قوت، حملہ، گھنا، گنجان، فیاضی

داٹ داٹ: تیزی سے، پھرتی سے

داٹ کر: ڈٹ کر

داٹن: (ڈاٹ) انبوہ، بند راستہ، گھنا، سخت

داٹنا: پکڑنا، بھرپور ہونا، اکٹھا ہونا

دائیا: ڈاٹنا، بھرا، بھرگیا

دادُر: مینڈک

دادرا: ایک راگنی کا نام

دادھنا: جلنا

دادیک: داد دینے والا

داڈم، داڈمب: انار

دار: دروازہ، سولی، کل، خانہ، گھر

دارِد: (دارور) دلدّر، مفلسی، ناداری

دَارَد: پارہ، سمندر

دارکا: دوارکا

دارم: انار

دارو: بارود، دوا

دارو چلنا: دوا کا کارگر ہونا

دارو درمن: دوا دارو، علاج

داری: زنِ فاحشہ، طوائف، قحبہ

دارین دار: دربدر

داڑ: ڈاڑھ

داڑم: اناری

داڑی: داڑھی

داس: محتاج، نوکر، غلام

داسار: دلال

داسریاں: باندیاں

داسی: باندی، لونڈی

داک، داکہ، داکھ: انگور، انگور کی بیل

داگیا: (داغنا)، جلایا

دَالِدر: دلدّر، نحوست، افلاس

دال دینا: تقسیم کرنا

دال دیو: ڈال دو

ڈام: دمڑی، پھاندا

دامادی: شادی، کتخدائی

دامن، دامنی: بجلی، برق

دان: خیرات، پُن، صدقہ

دانبا: مرتبہ، بزرگی

دانادان: پریشان، بدحال

دانادان کرنا: دانے دانے، ٹکڑے ٹکڑے، تباہ کرنا

دانت کڑریا: دانت پیسے

دانتی: درانتی

دانِک: دان کرنے والا

دانوں: وار، قابو، فریب

دانی: دان دینے والا، فیاض

دانیا: دانائی

داون: دامن، آنچل

داونی: دامنی، دوپٹہ، اوڑھنی

داہ: نشانہ، داغ، دھبہ

داہنا: جلانا

دائرہ: دف [دائریاں اور دائرے (جمع)]

داین: ڈائن

دُب: ملکیت

دَب دَب: آہستہ آہستہ

دبٹنا: دبانا

دبنگ: بے سمجھ

دپ: دف
دِپانا: جگمگانا، روشن کرنا
دپاؤ: چمکو
دپائے: چمکائے
دِپک: دیپک، چراغ
دپے: چمکے
دَت: بخشش
دُت: چمک، رونق، روشنی، جلوہ، بھڑک، خوبی
دُتیا: دشمن
دِٹا: دیکھا، دکھائی دیا
دٹانا: ڈانٹنا
دٹانہارا: ڈانٹنے والا
دٹاویں: خوف زدہ کریں
دٹایا: ڈرایا
دِٹھا: دیکھا، دکھا کر
دُجا: دوسرا
دُج: دوسری چیز
دِچکنا: دبکنا، ہچکنا، بچنا، ڈرنا
دَچھن: دکھن، جنوب
دُخرا: دکھڑا، مصیبت
دد: درندہ
ددا: دائی، ددابان (جمع)
ددھ: دہی
ددھا: خوف زدہ، ڈرا ہوا

در: دروازہ، جگہ
دراج: تیتر، دراجاں (جمع)
دُرانا: دوہرانا، دوبارہ کرنا، چھپانا
دُراہی: دہائی، ڈھنڈورا
دُرائی: بڑائی، حکومت، آقائی
دَرب: مطلوب، مقصود، سیم وزر
درب: تکلیف، دکھ
دُرباش: دورباش
دربھ: وہ گھاس جس سے ہندو اپنے مردے جلاتے ہیں
دُربھاگ: بدقسمت
درپ: گھمنڈ، رعب
درپن: آرسی، آئینہ
درج: زیور رکھنے کا صندوقچہ
دَرَج: اثر
دُرجات: بدذات
دُرجگ: ڈبیا (درج کا اسم تصغیر)
دُرجن: برا آدمی، دشمنی کرنے والا، بدخواہ، دُرجناں (جمع)
دُرجن پنی: کمینگی
درچ: صندوقچہ، صندوق
درچک: (درشک) آنکھیں، دیکھنے والا، دکھانے والا
درحال: فوراً
درختاں: درخت کی جمع
دَرِدُر: مینڈک
دردسر چڑھنا: مصیبت میں مبتلا رہنا

دُروہ: دُرود

درس: درشن، دیکھنا، دیدار، ملاقات

درسنگ: بُرا ساتھ

درسی: دیدار کا امیدوار

درسیاں: (جمع) طالبانِ دید

دَرش: دیکھنا، نظر

دِرِشت: نظر

درشٹ: دیکھنا، نظارہ، نظر، نگار

دَرشن: دیکھنا، نمودار ہونا، دیدار، ملاقات

دُرگ: نا قابلِ فتح، نا قابلِ فہم، ناممکن الحصول، دشوار گھاٹی، ایک راکشش کا نام

درگ: آنکھ

دُرگا: نام سرستی

دُرگن: بدخصلت، عیب

دُرگم: دشوار گزار، وہ جگہ جہاں پہنچنا مشکل ہو

دُرلچھن: بداطوار

درمکھی: زشت رُو

درنائی: چُھپنے والی

درنگ: پرہیز، بچاؤ، پس وپیش، توقف

دروان: دربان

درونا، درونی: باطن، باطن میں، درونیاں (جمع)

دروہ: دشمنی

دروہی: برا چاہنے والا، دشمن

درھیا: (دھریا) دھرا

دریاؤ: دریا

دریے: دریا کی جمع

دڑبڑ: مقابلہ

دڑبڑا: پریشان کیا

دڑاڑ: رخنہ، شگاف

دِڑنا: گھسنا، چھپنا

دِڑے: (دڑنا) گھسے، چھپے

دُریجن: دشمن، بُرا آدمی

دڑی مارنا: مگرا پن کرنا، چپ چاپ چھپ کے بیٹھ رہنا، روٹھ کر الگ جا بیٹھنا

دِس: دیکھ کر

دس آئے: نظر آئے

دساور: پردیس

دَسن: دانت، چوٹی

دسنا: دکھائی دینا

دسنتر: پردیس

دَسے: دکھائی دے

دسیا: نظر آیا

دشت: نظر

دشت تل: نظر کے نیچے

دُشٹ بھاؤ: براخیال

دشیا: ایامِ سعد، شبھ گھڑی، نیک ساعت

دعانا: دعا کرنا

دغدغہ: خوف، اندیشہ

دغل: مکر، حیلہ، فریب

دفاں: گانے بجانے کے آلے (دف کی جمع)

دفے: دفعے

دَقاقن: چالاک عورت

دَک: پانی، رس، عرق

دک: حد، سمت، طرف، جانب

دَک: کفیل ومحافظ

دَک: مجال

دَک: (دھک) حیران، ششدر، دنگ

دُک: دکھ

دُکال: براوقت، قحط، قحط سالی

دکڑے: دمڑی، (دام دکڑے)

دَکشنا: دکن کی طرف، خیرات، دان

دکول: سن یا اُلسی کے ریشے کا بنا ہوا مہین کپڑا، کتاں

دِکھ: فریادرس

دکھا: دیکھا

دکھت: دیکھ کر

دُکھ دادھی: دکھ ماری

دکھ سرو: دکھ مٹانیوالا

دکھن: جنوب

دِکھنا: دیکھنا

دُکھنا: رنجید ہونا، کڑھنا

دکھن پت: رنجیدہ ہونا، کڑھنا

دکھن پت: دکھن کا پتی، یعنی حاکم دکن

دَکھوڑی: بھڑ، پیلے رنگ کی چیونٹی، مکوڑی

دُکھوں جھورنا: دکھ سے ملول ہونا

دکھ ہرن: دکھ دور کرنے والا

دَگ: دنگ

دُگ: پریشانی

دُگد: (دُبدھا)، شبہ، گمان، دگدا، شک، پش وپیش، تذبذب

دگدگانا: دہلنا، خوف زدہ ہونا، ڈرنا

دگدی: خوف، ڈر، اُلجھن

دگل: دُگنا، دغل، فریب

دَگلا: دلہ، سپاہیوں کی قبا

دگمبر: ننگا، برہنہ رہنے والا سنیاسی، شیو جی کا لقب، اندھیرا، تاریک

دَل: جماعت، گروہ، فوج، لشکر

دِلانا: جھلانا، ہلانا

دِل باند، دِل باندھنا: دل لگانا

دلبر: معشوق

دل بہ دل: سینہ بہ سینہ، چپکے سے

دلدر: افلاس

دلدّر جانا: نحوست کا دور ہو جانا

دل دوڑانا: آمادہ ہونا، خواہش کرنا

دل رکھا: محبوب

دلک: دلق، گدڑی

دل لیا: دلدار، عاشق

دَل مل: رگڑ، مسل

دلیل: دلیر، بہادر

دَم: قوت، جان

دماتا: نشے میں

دماغ رکھنا: سمجھ لینا

دُمال: دُنبال، پیچھے

دمانک: جلد روی، جلد بازی

دُمچی: زین کے تسمہ کا وہ حصہ جو گھوڑے کی دُم کی طرف باندھا جاتا ہے

دمدماتا: دبدبہ سے

دمڑا: دمڑی

دم سانده لینا: دم رو کے رکھنا

دن، دنا: روز

دنبال: پیچھے

دنبال پڑنا: پیچھے پڑنا، دق کرنا

دنبال گرنا: تعاقب کرنا، پیچھا کرنا

دنبو: نام جزیرہ

دنبو: سورج

دِن پتی: دن کا مالک، سورج

دنت، دنتک، دنتن: دانت

دنٹالے: ڈنٹھل

دَند: دشمن، دشمنی

دندا: رقیب، سوکن، جفاکار، عیار، دشمن، دندیاں، دندے (جمع)

دندسارتے: دُشمنی کرتے

دندسارکرنا: دُشمنی نکالنا، دشمنی کرنا

دندھا: دھندا، سودا

دندی: رقیب، سوکن، جفاکار، دشمن

دنڈل: ڈنٹھل

دنڈن: ڈنڈ، ہاتھ، بازو

دَنڈوٹ: سلام

دَنڈی: ڈنڈی

دِنراج: (رجنی، شام، رات) دن رات، صبح شام

دِنکر: آفتاب، سورج

دنگ چور: رنجیدہ

دنگدال: سازوسامان

دنگر: (دِنکر)، آفتاب

دنگی: حیرت

دنمان: پورادن، صبح سے شام تک

دُنو، دُنوں، دُنہ: دونوں

دُنیادار: خوش حال، صاحب حیثیت

دُنیاں: دُنیا

دنیت: معشوق

دِوا: دیوا، دیا، چراغ

دوادو: بھگدڑ، بھاگ دوڑ

دوار: دواراں (جمع) گھر، دروازہ

دواگاسے ستر: بہتر (۷۲)

دِوال: دیوار، (دوالان، جمع)

دِوانا: دیوانہ

دوایت: دوات

دوبھار: دوحصے، دوٹکڑے

دوبھاسی: ایک کا پیغام زبانی دوسرے کو پہنچانے والا، ترجمان، دوزبانیں جاننے والا

دُوپ: دھوپ

دوپار: دوپہر

دوپنا: دوہونا، دوئی

دوت: بیچ والا، بیچولیا، قاصد، سفیر، ایلچی

دوتن: مشاطہ، سَوت، رقیب، غیر، کٹنی، دلالہ

دوتارا: ستار کی طرح دوتاروں کا ایک ساز

دوتی: پیام رساں عورت، دلالہ

دوتیا: مشاطہ، سوت، رقیب، غیر

دوج، دوجا: دوسرا

دوجی کیرا: دوسرے کا

دوجی کیری: دوسرے کی

دوجانا: دوسرا

دوجی: دوسری

دوجیاں: اغیار

دوچ: دوہی

دوچت: تذبذب

دوچتا: مذبذب، دوخیالوں کیساتھ

دوچ دو: دوہی دو

دوحہ: چھتنار، درخت گھنا، سایہ دار درخت

دوو: دودھ

دوودا: دھواں، کاجل

دوودامی: ایک عمدہ قسم کا مہین پھول دار کپڑا جو مالوہ میں بنتا تھا

دوودُل کرنا: دودھ بخشنا

دوودھر: دوطرف، دوٹکڑے

دوودھرتے: دونوں طرف سے

دوودھنگ: دھواں نکلنے کا روزن، دھواں کش

دوودی: چھری کی ایک قسم

دوواہی: فرمان

دووائی: آقائی، خداوندی، منادی، نوبت، دُہائی

دوواہی پھرانا: حکومت کا اعلان کرنا

دُورت: آدھی ماترا، موسیقی کی اصطلاح

دورلا: (دوڑلا)، دولڑا، دولڑیوں کا

دُوری: فراق

دوڑا: حملہ

دوس: دوست

دوس: ایذا، گالی، عیب، برائی، بدی، الزام، بدانجام

دوسَرا: دوجہاں

دوسراپنا: دوئی

دوستن: دوستی

دوک: دکھ

دوکال: برازمانہ، گرانی

دوکل: (کل معنی خاندان) میکا اور سسرال، دوخاندان

دوکن: دونوں طرف، ہر طرف، دوگنا، دوچند، دوبالا،

ڈہرانا

دوکو: وہ تو کہیے

دوکھ: دکھ (دوکھوں۔ جمع)

دوکھاں: دوڑا

دوگن: دوگنی، دوگنا

دول: آگ

ڈولا: دولہا، بنا

دولت: حکومت

دوبڑا: دولڑیوں کا ہار

ڈولن: دُلھن، بنی، عروس

دولنا: مارنا، پیٹنا

دولگی: دوغلا

دولھارا: (دُلارا) جھولا

دومکھاسبد: ذومعنی لفظ

دوموں کے لوگاں: منافق

دونا: ایک پھول، ایک خوشبودار بوٹی

دوبنی: زہریلا سانپ

دونٹی: ناف

ڈوند مچانا: شوروغل مچانا، ظلم ڈھانا، اندھیر کرنا

دونگی: پیاز

دونھو: دونوں

دووَتی: دوسری

دوہا: دومصرعوں کی ایک نظم جس میں چار چرن ہوتے

ہیں

دوہاگن: وہ عورت جو پہلے شوہر کے مرنے کے بعد دوسرا نکاح کرے

دوھتی بکر: دودھ دینے والی بکری

دوہرہ، دوہڑہ: دوہا، دوہڑے (جمع)

دوکھیدے: دُکھیا، مصیبت زدہ

دوھل: دشواری

دوھیل: مصیبت

دوہنا: دودھ نکالنا

دوہیلا: نیم خوابیدہ، کچھ جاگتا کچھ سوتا

دوئی: فرق

دوئے: دوسری مرتبہ، دوسری بار، دو

دوبیج: ماہِ نو، ہلال، پہلی تاریخ کا چاند

دھات: طور، طریقہ، کیفیت، حالت، عالم، چیز، مادہ

دھاتری: ماں

دھاڑی: گویئے

دھاڑیاں: گانے والے، ڈوم ڈھاڑی

دھار: کہکشاں کی دھاری

دھارک: سائیس

دھارنا: اختیار کرنا

دھاڑ: گروہ، آفت، مصیبت

دھاک: ڈر، خوف، خطرہ

دھاکوں: ڈر سے

دھا کی بندھانا: اُمید دلانا، دلاسا دینا، تسلی دینا

دھام: گھر

دھامن: ایک قسم کا بڑا سانپ جو زہریلا نہیں ہوتا

دھان: دھیان

دھانا: دوڑنا، لپک کر چلنا

داھناں: سیدھا، راست، دایاں

دھاون: جگہ، سمائی، گنجائش، دوڑ، دوڑنا، بھاگنا

دھاؤں: دھاوا

دھانوں: طریقہ، ڈھنگ

دھاونا: جلدی سے چلنا، دوڑنا، لپکنا

دھائے: لپکے، دوڑے

دھائے: (دھانا دوڑنا) دوڑے

دھایا: دوڑا، بھاگا

دُھپارتی: عوددان

دھپکالا: گرمی کا موسم

دھتیارے: دھوکے باز، دغاباز

دھتارا: بے حیا، ڈھیٹ، مکار

دھتی: کپڑے کی قسم

دھجلا: خوبصورت، خوشنما، حسین

دُھجنا: ڈگمگانا، کانپنا، لرزنا

دھچپانا: ہچکچانا، ڈرنا

دہدار: قلعہ دار

دھر: جگہ، رکھ، رکھا، پاس

دِھر: طرف، طرح، وقت، دور، موقع، مقدر، سمت، سے

دُھر: جُوا جو بیلوں کے کندھے پر رکھا جاتا ہے، کنارہ،

انجام، وزن

دُھرا: دَھرتی، زمین

دھرارے: ڈھلکنے والے

دُھرب: قطب ستارہ، ستارہ

دھرت، دھرتری: زمین، دُنیا

دھرتری: لغزش، لرزش، کپکپاہٹ، زمین

دھرت گھم: زمین و آسمان

دھرتی: زمین

دِھرتے: طرف سے

دھرتیا: دھرتی، زمین

دھرکت: خبر، بھلائی

دھرم: فرض، ثواب، انصاف، قانون، عقیدہ، ایمان، مذہب، نیکی، خیرات، رسم، خیر

دھرم دھاری: ایمان والا

دھرمری: دھرتری، زمین

دُھرمنڈل: ستاروں کا مجموعہ

دھرم ہونا: فرض ہونا

دھرن: دھرنا، دھرنے کے لیے

دھرن: پکڑنے والا

دھرنا: پکڑ لینا، گرفتار کرنا

دھرنا: زمین، دُنیا

دھرن ہار: دھرنے والا

دُھرو: قطب ستارہ، ستارہ

دھری: احول، بھینگا

دھریا: دَھرا، رکھا، حرکت کی، دِیا

دھریں: رکھیں

دھریں دھر: ہر جگہ، ہر طرف

دھڑ: سالم، مضبوط، جسم

دھڑا: وزن

دھڑ دھڑے: دھڑ دھڑ کی آواز کے ساتھ جلے، بھڑک اٹھے، دھڑکے

دھڑکا: صدمہ

دَھڑلا: زور، دیدہ دلیری

دھڑی: مِسّی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں

دَھس: قریب، گھس آنا

دھس کر: (دھسنا) گھس کر، گہرائی میں جا کر

دھش: عفو

دھک: گرمی، سوزش، جلن، دفعتاً، آگ، شعلہ، خوف

دِھک: عار، شرم، پھٹکار، لعنت

دَھک دَھک: دوڑ دوڑ کر

دَھک دَھکاوے: شعلہ کی طرح بھڑکے

دھکسی: بھڑکتا ہے، غصہ کرتا ہے

دھکنا: جلنا، مشتعل ہونا، آتش بجاں ہونا

دھگ: آگ، جلن، سوزش

دَھگڑا: فاحشہ عورت کا یار

دھگڑیاں: دھگڑ کی جمع، وہ مرد جس سے کسی عورت کے ناجائز تعلقات ہوں

دھلا: جھگڑا

دھلارا: دھول، گرد و غبار

دھم: ہجوم

دھمال: گیت کی ایک قسم جو ہولی کے دوسرے دن گایا جاتا ہے، دھماچوکڑی

دھماچوکری: شور و غوغا، دھماچوکڑی، اودھم، دھول دھپا

دھانکا: تیز رفتاری

دھمک: جھپٹ

دھمکا: سخت گرمی

دھملا: (دھمّل) ، جُوڑا، بندھی ہوئی چوٹی

دھملنا: (دھملا) ، جُوڑا

دھمنا: صدمہ

دُھن: آواز، خیال، شوق، راگ

دَھن: محبوب، معشوق، عورت، مبارک، مال، دولت، عزم، کمال

دَھن: قوسِ قزح، دھنک

دھن، دہن: آگ، گرمی

دھن انجن: وہ کاجل جس کے لگانے سے زمین کے خزانے نظر آ جائیں

دھانا: دوڑنا، بھاگنا، محنت کرنا، لپکنا

دھایا: دوڑا

دھنا: جلنا، جلانا، آگ لگانا

دھناسری: ایک چھند کا نام، راگ مالکوس کی ایک راگنی کا نام

دھن پات: عورت ذات

دھن پیانی: مست خیال محبوبہ

دھنتر: دولت مند

دھنتری: (دھنوتری) دیوتاؤں کے حکیم کا نام

دھندا: شغل، کام، پیشہ

دھندلنا: دھاندلی کرنا

دھندلی: دھاندلی کرنے والی

دھندے دھند: دشمنی

دھنڈلاٹ: جستجو، تلاش

دھنڈورا: نوبت، منادی

دھنڈورا مار کرنا: بہ بانگِ دہل

دھنسنا: داخل ہونا

دھنِک: خود پرست، شدید، صاحبِ دولت

دھنکوا: معمولی چادر، اوڑھنی

دھنگ: جوانمرد، عاشق، مضبوط، قوی

دھنگ: دھگڑا

دھنگانا: جھگڑا کرنا، ہنگامہ، جھگڑا، دھینگا مُشتی

دھنور: دھنواں، سیاہ

دھنور بید: ایک علم کا نام

دھنونتی: دولت مند

دَھنوَنْد: متمول

دُھنہ: (دُھنا)، روئی دھنکنے والا، ندّاف

دُھنی: دُھونی

دَھنی: دولت مند، سردار، مالک، صاحبِ قسمت

دھنیں: دھنی، مالک

دھوب: ایک قسم کی تلوار

دھوپ، دھوپ: خوشبو، سورج کی روشنی

دھوپ کالا: موسم گرما

دھوتر: موٹا چھدار کپڑا

دھوج: ڈگمگاہٹ

دھوجنا، دھوجنہ: لرزنا، کپکپانا، کانپنا

دھوکھا: گمان، ظن

دھوکیا: حملہ کر دیا

دُھور: دھول، ریت

دُھور: پہلوان، [دھوراں، دھوراں (جمع)] بہادر

دھورا: سفید

دھورا: دُھرا

دھوری: دُھول

دھوڑ دھوڑی: وحشت

دَھولا: بڑا، سفید بیل یا سانڈ، گنے کی ایک قسم، ہمالیہ کی ایک اونچی برف پوش چوٹی

دھولارا: دھول، خاک، گرد

دھولدھانی: پریشانی

دھولن: دھول دھپا کرنے والے

دُھوم: دھواں، بھاپ، شوروغل، ہلچل، شہرت

دھومس: نقصان، تباہ

دھومس مچانا: دھوم مچانا، گڑبڑ کرنا

دُھوں: دونوں

دھونڈ کاڑی: ڈھونڈ نکالی

دھونس: نقارہ

دھونسا: دھونس، چھانسا، نقارہ

دھونکل: دھونسا، بڑا نقارہ

دُھونیاں: دُھنیا، روئی دھنکنے والا

دھونڈیا: ڈھونڈا

دھونھارا: دھونیوالا

دھونی: (دُھنی)، ندی

دِھی: بیٹی

دِھیر، دھیر: ہمت، بہادری، صاحبِ ہمت، عاقل، دانا، طرف، سمت

دھیرک: سہارا، آسرا، تسلی، تشفی، تسکین

دھیرک گلالاگ: دلاسے کے ساتھ، گلے لگا کر

دھیرے رہنا: صبر کرنا

دھیڑ: دکن کی ایک اُچھوت قوم

ڈھیل: کھولے

دھیٹ: بے شرم

دھیوتا: نواسہ

دئی: دی

دَے: ماہِ دے، بہار کا مہینہ

دِیا: چراغ

دَیا: رحم، مہربانی

دَیا: مالک، مہربانی کرنے والا، مجازاً خدا

دِیادشت: مہربانی کی نظر

دیال: مہربان، سخی

دیانی: مہربان، دیالو، خدا

دیپ: متحیز، جزیرہ

دیپ: چراغ، دیا

دیپال: بھگوان، خدا

دیپانا: چمکانا

دیپائی: چمکائی

دیپک: ایک راگ کا نام جو شام کے وقت گایا جاتا ہے

دیپنا: چمکنا، روشن ہونا

دیے: نظر آئے، چمکے

دیت: دیتا ہے

دَیت: بھوت

دیتا: دیا

دیتی: دی

دیتے: دیے

دیٹ، دیٹھ: نظر، ملاقات

دیٹھا: دیکھا

دیدبان: محافظ، چوکیدار، دیکھنے والا

دیدار دینا: صورت دکھانا

دِیس: درشت، نظر، دَیا، مہربانی

دیس: دن

دیس انتر: دیس نکالا

دیس ارو: دن کی طرح

دیساں: دیس کی جمع

دیسنا: دکھائی دینا

دیسٹری: جلاوطن

دیسے: دکھائی دے

دیک: دیکھ

دیکتاپنا: مشاہدہ

دیکتے: دیکھتے

دیکتیں: دیکھتے ہیں

دیک سک: دیکھ سکنا

دیک کر: دیکھ کر

دیکھ: دید، دیکھ کر

دیکھا: دکھا

دیکھانا: دکھانا

دیکھت: دیکھ کر، دیکھنے سے

دیکھن: دیکھنا

دیکھن کوں: دیکھنے کو

دیکھوڑی: لال رنگ کا مکوڑا، بھورے رنگ کی چیونٹی، بھڑ

دیکھیا: دیکھا

دیکھیں: دیکھنے سے

دِین: دن

دِیَن: دینا

دیناواس: دیدہ ودانستہ

دیتبت: بھوت

دِینو: دِیا، (مصدر، دینا، سے)

دینہار: دینے والا

دیو: دو

دیو: شیطان، خبیث روح، دیول، بھگوان، مندر

دیوا: دِیا، چراغ، دِیوے (جمع)

دیوال: دیوار

دیوتن: روشن کرنا، ظاہر کرنا، شہرت دینا

دِیُوتی: چمک، رونق، خوبصورتی، کرن

دیوٹ، دیوٹا، دیوٹی: چراغ، مشعل، چراغ دان

دَیّوث: بے غیرت، بھڑوا

دیورا: دیور، چراغ

دِیوک: دیمک

دیول: مندر، بُت خانہ

دیوالیہ: برباد، بربادی

دیونگا: دون گا، دیونگے (جمع)

دیونھارا، دیوہ: دینے والا

دیہ: بدن، جسم

دیہہ: دے، دیتا ہے

دیئے ہوں: دے چکی ہوں

ڈ

ڈاب: کمر کا پٹکا، کمر پٹا، پیٹی

ڈابر: گول تالاب، گڑھا، گدلا، میلا

ڈابھ: جنگل، ایک قسم کی گھاس

ڈاپ: لوہے کی آنی

ڈاٹن: ڈاٹنا

ڈار: ڈال، ٹہنی

ڈارم: انار

ڈارنا: ڈالنا

ڈاک: دیو، خبیث

ڈاک: قے جو پیہم بغیر قصد کے آتی ہو

ڈاک لگنا: قے لگنا

ڈاکن: ڈاکو

ڈاگھ: بپھرا ہوا شیر

ڈال: سکے کی وضع کا ایک زیور جسے جوگی لوگ داہنی کلائی میں پہنتے ہیں، زیور

ڈالا: ڈال، ڈالی (پیڑ کی)

ڈالم: انار

ڈالیا: ڈالا

ڈانک: ٹانکا، ڈنک (سانپ یا بچھو کا)

ڈانک: سونے چاندی کا ورق

ڈانک مارنا: ڈنک مارنا، ڈسنا

ڈاواں: بایاں

ڈاویں: بائیں

ڈاہ: کینہ، بغض، حسد

ڈاین: چڑیل، آدم خور عورت

ڈب: (ڈھب) روش، چال، طریقہ

ڈب: کشکول

ڈُب: ڈوب

ڈب: کمر

ڈُب مرنا: ڈوب مرنا

ڈُبی: ڈوبی

ڈُبے: ڈوبے

ڈپٹنا: دوڑانا

ڈرالو: ڈرانے والا، بُزدل، ڈرپوک

ڈسن: ڈسنا

ڈسیلا: ڈسنے والا، زہریلا

ڈشت لانا: نظر بد ڈالنا

ڈگمبر: اس کی دوسری صورت دگمبر ہے، ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جس کے افراد عموماً برہنہ رہتے ہیں، قدیم اردو میں برہنہ اور برہنگی کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے

ڈگ: قدم

ڈگ ڈگ: قدم قدم

ڈلا: ٹکڑا، سونا، نقدی

ڈُلے: ہلے

ڈلمل: مذبذب

ڈلملی: لرزی

ڈُلنا: ڈولنا، جھومنا، ہلنا

ڈنڈ: جرمانہ

ڈنڈارس: کپڑے کی قسم

ڈُنڈنا: ڈھونڈنا

ڈُلائے: ہلائے

ڈُلن: پھرنا

ڈمبر، ڈنبر: ڈھکوسلا، دھوم دھام، کشادہ

ڈنڈوت: تسلیم، کورنش

ڈنک: غلبہ، فتح کا ڈنکا

ڈنگاں: گہرائی

ڈنگر: بھوسا پہاڑ، کھیرا، لکڑی، شریر، غلام

ڈنگر: جانور، چوپایہ، ڈھور ڈنگر

ڈوپا: پگڑی، دستار

ڈور: رسّی

ڈوراڈکر: تسبیح

ڈوری: ڈول

ڈوسا: بڈھا کھوسٹ

ڈوسی: بوڑھی عورت، بڑھیا

ڈوگر: پہاڑ، چٹان

ڈول: چال ڈھال، ڈھنگ، جنبش

ڈولنا: جھومنا، ہلنا

ڈولی: پالکی

ڈوہارا: جُھولا

ڈُونگا، ڈُونگاں: گہرا

ڈونگر: پہاڑ، چٹاں

ڈونگی: گہری

ڈوہ: تالاب، گہرا، گڑھا جس میں پانی بھرا ہو، بارش، پھوار، چشمہ

ڈوہ: ڈھو (مصدر ڈھونا سے)

ڈھابر: گدلا پانی

ڈھاڈھکی: ایک کھیل

ڈھاڑی: وہ گویّے جو خوشی کے موقع پر مبارکباد کے گیت گاتے ہیں، ڈوم ڈھاڑی

ڈھال: چال، کیفیت، چال ڈھال

ڈھالی: ڈھلکائی

ڈھانک: چُھپا

ڈھانکیا: ڈھانکا، چھپایا

ڈھبرا: میلا، گندا

ڈھتارے: ڈھٹ بند، دغاباز

ڈھٹی: (ڈھٹی)، ڈھاٹا، سر اور ٹھڈی کو باندھنے کا کپڑا

ڈھچلا: وہ کھانا جو نتھارا نہیں جاتا

ڈھسکنا: کِھسلنا

ڈھنگ، ڈھگار، ڈھگارا: ڈھیر

ڈھگاراں: ڈھیر (ڈھگار کی جمع)

ڈِھگلے، ڈھگھ: ڈھیر

ڈھلنا: نیچے کی طرف گرنا، بہنا

ڈھلنا: تربیت پانا، سانچے میں ڈھلنا

ڈھلیا: ڈھالنے والا، بنیاد رکھنے والا

ڈھنڈولنا: راز لینا، تلاش کرنا

ڈھنڈولے: تلاش کرے

ڈھنگ: خصلت

ڈھو: تالاب، گہرا گڑھا جو پانی سے بھرا ہو، گہرائی

ڈھوا: ڈھوا لینا، گرا لینا

ڈھور: مویشی

ڈھوکڑا: قریب، نزدیک

ڈھولکی: چھوٹی ڈھولک

ڈھونگڑ: ڈھونگیا، مکار، سوانگی

ڈھولنا: ڈالنا، سرتھوپنا

ڈھیرا، ڈھیڑا: بھینگا، احول

ڈھیگ: ڈھیر

ڈھینگ، ڈھینگ: دھگڑ، یار، لم ٹنگو، (مراد بیوقوف)

ڈیرا: خیمہ

ڈیک: ڈگ، قدم

ڈینگ: فخر، غصہ

ڈبلانا: ڈلانا، ہلانا

ذ

ذابلی: شہر ذابل کا رہنے والا

ذنب: ایک غیر مرئی ستارہ کا نام جس کا مقام قطب جنوب میں ہے، دُم دار ستارہ

ر

را: راجا، رانا، مہاراجا

راب: دباؤ

رابنا: کام لینا، محنت کرنا

راتا: سرخ

راتب: کتے، بلی، گھوڑے کی خوراک

راتر، راتری: رات

راتنا: عاشق ہونا، فریفتہ ہونا

راتوا: رات

راتی: عاشق، پریمی

راتے: آنکھوں کے لال ڈورے، مستی

راج: راجہ

راج بند: قیدی، غلام

راج تھل: راج گدی

راج دل: شاہی فوج، رعایا

راجک: راجہ

راج کارن: بڑا سبب، بڑا کام، مہم

راجنا: زینت دینا، چمکنا، راجہ، محبوب

راج مارگ: شاہ راہ

راجوٹ، راجپوٹ: حکومت

راح: شراب

رازی: راضی

راس: زائچہ، طالع، راس چکر، شور، غل، ہلا، ڈھیر، ذخیرہ چوٹی، (راساں۔جمع)

راست بالی: کامل عیار

راسک: راست، ٹھیک

راسک راس: ٹھیک ٹھیک

راک: راکھ

راکس: راکشس

راکنا: رکھوالی کرنا، دیکھ بھال کرنا، رکھنا

راکھ: (راکھنا=رکھنا)، رکھ

راکھا: رکھا

راکھوں: رکھوں

راکھیا: رکھا

راکھنیں: رکھنے کے لیے

راگ: پیار، رغبت، گیت، گانا، سُر، راگ کی چھ قسمیں ہیں: بھیرو، ملہار، سارنگ، بنڈول، بسنت اور دیپک

رامان: رامائن، داستان

رامش گراں: گویّے

رام کلی: ایک راگنی کا نام

رام کہانی: طویل قصہ، لمبی بات، رامائن

ران: بنجر زمین، راندہ

راندانگنا: نکالا جانا

راندھا: راندہ، عنبر کی ایک قسم

راندی: نکالی ہوئی

رانا: حکمرانی کرنا، نکال دینا، مصیبت، جھیلنا

رانڈی: بیوہ

رانوگا: نکالوں گا

رانواں، رانویں: طوطا

رانے: راندے ہوئے

رانیا گیا: نکال دیا گیا

رائیں: رانی

راؤ: راجہ

راواں: طوطا

راوت: مالک، مہاراجہ، شہنشاہ، سردار، بہادر

راول: راجہ، سردار، سپاہی

راولا: درگاہ، دہلیز، ایوان

راون: لنکا کے راجا کا نام جو رام وسیتا کی داستان کی وجہ سے مشہور ہے

راونا: چاہنا

راوہ: راجہ

راویں: مٹھاس

راہاں: سرسوں کے دانے

راہ آورد: توشہ

راہیری: گھوڑے کی چال

رائے: راجہ

رائے جوگ: بادشاہ کے لائق

رائے دَل: شاہی فوج

رائے دوہائی پھیرنا: ڈھنڈورا پیٹنا، منادی ہونا

رائے رایاں: راجاؤں کا راجا

رائے زن: مشیر

رائل: راجا

رین: رات

رَبِ: (روی)، سورج

ربانا: محنت، مشقت لینا

رب چھالو: خدا کا سایہ، ظل اللہ

ربڑنا: تھکنا

رب ششی: (روی ششی)، سورج، چاند

رپ: (رپو)، دشمن

رپٹ: جفاکشی، مصیبت

رت: سرخ

رت: (رتھ) گاڑی، رات، عیش وعشرت میں مشغول ہونا، رونق، مباشرت

رت: کنارا

رُت: موسم

رتاوا: (رتاوہ)، شب خون

رت بھید: ایک علم کا نام

رتڑا: سُرخ

رتڑے: رنگے ہوئے کپڑے، (سرخ)

رتن: گوہر، جوہر، موتی

رتنا: موتی، سرخ رنگ میں رنگنا

رتن پارکی، رتن پارکھی: رتن = جوہر + پارکی = پرکھنے والا، جوہرشناس، جوہری

رتن پاک: اعلیٰ جوہر

رتن جڑت: موتی جڑی ہوئی

رتن کھن: معدن جواہر

رتی: پیار، محبت، عیش، وصل، مجامعت

رتی: تھوڑی، ذرا

رِتی: ریت، قول

رَج: راجہ، راج، دھول، گرد، غبار

رُج: روگ، مرض

رج: شرم، غیرت، حیا

رج: مزا، ذائقہ

رج: جوش، جذبہ عیش پرستی، آس، شوق

رجا: امید

رجت: چاندی، سفید رنگ، روپیہ، ایک ستارہ، ہاتھی دانت

رَجُل: انسان

رَجِل: رذیل

رجوع: واپسی

رجھاں: شرم، حیا، خودداری

رِجھانا: مائل کرنا، لبھانا

رجی ہے: راج کر چکی ہے

رچ: (رچنا)، بناوٹ، ترکیب، نئی بات نکالنا، صناعی پیدا کرنا

رچ: چمک، زینت، آراستہ کرکے، تیار کرکے، جما کر

رُچ: غیرت، لذت، رغبت، خواہش، آرزو، ہوس، پیار

رچاوے: سجائے بنائے

رچ چکھنا: مزا چکھنا

رچنا: بنانا، ترتیب دینا، تصنیف کرنا، ایجاد کرنا، پیدا کرنا

رُچنا: پسند آنا، بھانا

رچنہار: بنانے والا، خالق

رچہ: اعتبار، غیرت، وقار

رچھ: آراستگی

رچیا: پیدا کیا، بنایا، سجایا

رحال: رحل

رُخ: توجہ، شطرنج کا مہرہ

رُخا: رقعہ، خط، چھٹی

رخت: حکومت

رخصت: اجازت

رُخن: طرف، رُخ

رد بدل: جھگڑا، ردوقدح

ردھ سدھ: خوشحالی اور کامرانی

رزالی: کمینہ

رِس، رُس: غصہ، غضب، عتاب، ہمت

رس: عرق، جوہر، ست، آواز کا لوچ، چاٹ، ذائقہ، ذوق، پیار، میل ملاپ، نظم کا ایک انداز

رَسال: آم کا درخت یا اس کا پھل، گنا، رسیلا، شیریں

رَسالا: رسیلا، رس والا، میٹھا، لذیذ

رسالی: رسیلی

رس پرس: مسرور

رست پرس کرنا: لپٹانا، چمٹانا، بھینچنا، بوس و کنار کرنا

رست: قطار، بازار

رستاخیز: قیامت

رس رساتا: تروتازہ

رسری: رَسّی، ڈوری، رسریاں (جمع)

رسڑنا: ٹھورنا، نگل جانا

رسڑی: رَسّی، ڈوری

رسم: طریقہ، منگنی

رسمسی: جوانی کے رس میں بسی ہوئی

رسن: زبان، رَسّی، غصہ

رسن تاب: ڈوری کھینچنے والے

رسنا: جیب، زبان، ذائقہ

رَسی: رَسّی

رُشد: مرتبہ، راہِ راست پانا، ترقی وقوت

رشکالو: رشک کرنے والے

رشکوں: رشک سے

رضاوند: راضی

رفتار: چلن، اخلاق

رقوم: نام، شہرت

رک: رکھ

رُک: درخت

رکت: خون

رکتک انجھو: خون کے آنسو

رکسس: راکشس

رکسی: رکھے گا

رُکھ: درخت

رکھاس کرنا: رکھوالی کرنا

رکھائی: درشتی، بے مروتی

رکھپال: رکھوالا، محافظ

رکھپت: باعزت، باوقار

رکھن: رکھنا، رکھنے والا

رکوارا: رکھوالا

رکھیا: رکھ، رکھا

رکھین سک: رکھ سکیں

رکیب: رکاب

رکینی: کرنی

رگانگا: رگوں کا (رگاں جمع رگ کی)

رگت: خون

رگتامبر: لا کپڑا، خون کے سے رنگ کا کپڑا

رگد: خون

رل جانا: مل جانا

رلک، رلی: کمبل

رلّی: چادر

رلنا: ہموار کرنا، پامال کرنا، خاک میں ملا دینا، خاک میں مل جانا

رلیاں: عیش، رنگ رلیاں

رلیاں کرنا: عیش و مسرت کا سامان کرنا، رنگ رلیاں کرنا

رلیاں رلنا: شوق سے ملنا

رمبھا: خوش خصال عورت، حور

رمن: مستغرق ہونا، ڈوب جانا، رَم جانا

رمنا: کھیل تماشا، پھرنا، گھومنا، خوشی منانا، لطف اٹھانا، جماع کرنا، شکارگاہ

رَمنہ: سبززار، مرغزار

رَمنی: خوبصورت، دل لبھانے والی عورت، دلفریب

رمہ: گلہ

رن: جنگل، میدان، صحرا

رنا: رہنا

رنبھا: راجہ اندر کے دربار کی ایک اُپسرا

رنجانا: رنجیدہ کرنا

رنجاتے: رنجیدہ کرتے

رنجانا: تکلیف دینا

رنج دینا: جسمانی آزار پہنچانا

رَنجن: بڑا گھڑا، مٹکا، خُم

رُن جھن: چھم چھم، پازیب کی جھنکار، رِم جھم

رن دھیر: مردِ میدان، جری، سورما

رُنڈ: بغیر ہاتھ پیر کا جسم، دھڑ، پیڑ، تنا، سر

رنڈ سالا: وہ لباس جو بیوہ ہونے پر عورت کو پہناتے ہیں، بیوگی

رُنڈ مُنڈ: سر دھڑ الگ الگ

رنڈی: عورت

رنڈولی: رانڈ، گالی

رن سینگی: لڑائی کا بگل، قرنا

رن کار: بہادر

رن کھام: میدانِ جنگ کا کھم، بہت بہادر

رن کھانب: لڑائی کے ستون

رنگ بھوم: اُونچی جگہ یا اسٹیج جہاں رقص کیا جائے

رنگ راتا: عیش کرنا

رنگارا: رنگ ریز

رنگارے: رنگ ہارے

رنگ رس: زیب و زینت

رنگ رنگ: رنگارنگ

رنگ ورس: رنگ وروغن

رنگی: رنگین

رَنگیت: گدھا

رنواس: رانیوں کے رہنے کا محل، زنانخانہ

روا: چور کا وہ امتحان جو دیگ یا کڑھاؤ میں تیل گرم کر کے لیا جاتا ہے

رواں: جان

روپ: حسن، شکل، ظہور، آثار، صورت

روپا: روپیہ، چاندی

روپ بھان: حسن کا سورج

روپنا: بونا، جمانا، اُگانا

روپ وَنت: حسین

روپیری: روپہلی

رُوپیرے: روپہلے، نُقرئی

روت: رُت، تبدیلی، موسم، روشنی، فصل

روج: روگ، بیماری

روجھنا: بھرنا

روچند: حیرانی کی بات

رُوریا: رُورعایت، مروت، لحاظ، پس وپیش

روریا کرنا: لحاظ کرنا، مروت کرنا

روڑا: خوبصورت

روز: دن، بازار، ہاٹ

روزید: روزِعید

رَوس، روساں: غصہ، غیظ وغضب

روسنا: رُوٹھنا

روشناں: روشن، اجرام

روشنائی: روشن، صاف، روشنی

روک: درخت

روکڑ: نقدی

روکھ، روکہ: درخت، (روکھاں۔ جمع)

روکھڑا: چھوٹا درخت

روگ: مرض

روگی: آزاری، مریض

رَولا: اودھم، ہنگامہ، ہل چل، گڑبڑ

روم: سلطنت روما

روم: رُواں

روما، روما ولی: وہ لکیر جو ناف سے نیچے کی طرف سیدھی جاتی ہے، اس کو سیلی بھی کہتے ہیں

روم روم: بال بال، رُواں رُواں

روماروم: رُواں رُواں

رُوں: رُواں

روں روں: رُواں رُواں

رندھتی: (روندھنا= کچلنا)، کچلتی

رونگانا: طعنہ دینا

رونی: رونا

روہلڑ: ڈھونڈا

روہی: نیچے سُر سے اونچے سُر تک لے جانا

رَوی: سورج، آگ، درخت

روے دوجا: روئے بغیر

رویش: روش

رہمار: رَاہ مار، رہزن، لٹیرا

رہٹ، رھٹ: وتیرہ، تکرار، رٹ، ڈھنگ

رہس، رھس: کھیل کود، اختلاط، امنگ، شوق

رہس ناری کرنا: عورت سے اختلاط کرنا

رہسی: رہے گا

رہن: رہنا، بسنا، مقام

رہن ہار: رہنے والا

رہنہارے: رہنے والے، باشندے

رہواس: رہنا

رہواسی: رہنے والے

رھواس: رہنا

رہوال: رہوار

رھی: راہ

رہی: غلام

رہیا: رہا

رہیج: خوشنودی، رضا

رے: رھے

رلے: رلیے

رَیب: شک وشبہ

رِیت: حال، خصلت، مذہب، رواج، روش، رسم، طریق

ریت پال: محافظِ سلطنت

ریٹ: حال، خصلت، مذہب، رواج، روش

ریج: ریجھ، خواہش، شوق، ولولہ

رِیج: (رجھانا)، ریجھ، مرضی، خوشی

ریجنا: ریجھنا

ریچ: ریچھ

ریز: ریزش، بوچھار

ریس: طریقہ، تقلید

ریش: زخمی

ریک: ریخ، ہنسی کی کالی لکیریں جو دانتوں میں پڑ جاتی ہیں، لکیر (ریکاں۔ جمع)

ریکھاں: (ریکھا کی جمع)، ریکھائیں، لکیریں

ریگ: باأو

ریل چھیل: ریل پیل

ریمیا: ایک عمل جس کے ذریعہ انسان جہاں چاہے، جاسکتا ہے

رین: رات

رِینچ، رِینچھ: ریچھ

رینتی، رینوتی، ریوتی: ایک پھول کا نام، چاند کا ستائیسواں، نچھتر، ریوت نامی راجہ کی بیٹی، بلدیوجی کی زوجہ کا نام

رینٹ: وہ رطوبت جو ناک سے نکلتی ہے، سنگ

رینڈھنا: پکانا، سنگوانا

رینگھن: عِرق النسا، ایک بیماری کا نام

ز

زارزار بات کرنا: تیزی طراری کیساتھ گفتگو کرنا

زاستی: زیادتی، زیادہ، فراوانی

زاہر: روشن

زایان: ضائع

زبان گرداں کر لینا: زبان کو روکے رکھنا، قابو میں رکھنا

زبرزنگ: سلطنت بیجاپور کی ایک بڑی توپ کا نام جس کا ذکر تاریخوں میں مذکور ہے

زبون: کمزور، لاغر

زپاٹا: اڑتے وقت پروں کی آواز

زٹ: زچ

زو: خراب

زرائن: زرتار لباس، زرکار، زیور

زرباف: زربفت

زربنی: زریں لباس

زرجل: آبِ زر

زرحل: حل کیا ہوا سونا

زرخرید: روپے سے خریدا ہوا

زری زری: زریں، زرکار

زرکمر: زرین، کمر پٹہ

زری باف: سونے کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا

زرینا، زرینہ: زیور، سنہرا، گہنا

زرینیان: زیور اور لباس، (زرق برق)

زمین: مُلک

زنبق: ایک قسم کا سفید پھول

زنبورے: لڑائی کے ہتھیار

زندگی نیر: آبِ حیات

زنزیر: زنجیر

زنزیریاں: زنجیریں

زنگ: گھنگھرو

زنگبار: ایک ملک کا نام، زنجبار

زلبیاں: جلیبیاں

زوادو: ایک قسم کی خوشبو

زوج: شوہر

زور: مکر

زور: زیادہ

زور بازار: گرم بازاری

زور سارنا: زور کرنا

زہ: مکان کی کرسی، چھجا، رحم

زہ دان: رحم

زہ زاد: اولاد

زھار، زہار: زہر

زُہر: زہرہ

زہرا: روشن چہرے والی، حضرت فاطمہؓ کا لقب

زہرالبد: زہرہ جبین

زہرہ: پتّا

زہگیر: زیور

زیاوت: زیادہ

زیارت: فاتحہ، فاتحہ سوم

زیاست، زیاستی: زیادہ، زیادتی

زین فرمانا: زین کسنا

ژ

ژم رو: بدشکل

س

سابق: سبق کی بگڑی ہوئی ایک شکل، اگلا، پہلا

سات: ۱۔ساعت

۲۔ساتھ

۳۔سات (۷)

۴۔سے

ساتا: ہفتہ

سات پنا: معیت، ساتھ، رفاقت

ساتو: ساتوں

ساتی: ساتھی، رفیق، دوست، ہمدم

ساج: سخاوت، فراخدلی، ساز وسامان، ساتھ، سجاوٹ

ساجن: محبوب

ساجنا: سجنا، زیب دینا

ساجناں: ساجن کی جمع

ساجن سات: ساجن سے

ساجے: سزاوار، زیب دے

ساچ: سچا، سچ

ساچا: سچا

ساچاکر: سچ بولنے والا، سچا، سچائی والا

ساچلی: سچی

ساد: (سواد) مزہ، لطف

ساد: خواہش، چاہ، تمنا

سادج: ہاتھی سے بھی بڑا ایک جانور

سادچت: (سچت) بےفکر، فارغ البال، مطمئن

سادشٹ: ظاہر

سادھر: تھامنے والی، سنبھالنے والی

سار: طرح، جیسا، مثل، مانند، قدر، قیمت، منزلت

سار: سوار، تنکا، لوہا، فولاد، تیر بے پر، عورت

سارا: فولادی آئینہ، کل، پورا، کامل

سارتھی: رتھ بان، گاڑی بان

سارتی: ساتھی، نگہبان

ساردا: نام سرستی، ایک دیوی

سارکا: مانند، طرح، مثل، جیسا

سارکار: تلوار، تلوار چلانے والا

سارکی: سارکیاں (جمع) طرح کی، جیسی

سارگن: صفت والا

سارنا: بنانا، کرنا، پورا کرنا، تیار کرنا

سارنگ: تالاب، آسمان، کاجل، بجلی، رات

سارو: سلف

سارہو: سوار ہو کر

ساری: درست، صحیح

ساریاں: سب، تمام، سار کی جمع

ساریک: ساری

ساز: سزاوار

ساس: سانس، (ساساں، جمع)

ساسان: ساسانی بادشاہ

ساک: گواہ، ساکشی

ساکھ: سمجھ، قیاس، دوستی، نصیحت

ساکھا: معرکہ جنگ وجدل، شاخ، ٹہنی

ساکھ ہونا: تصدیق ہونا

ساکیاں: ساکناں، رہنے والے

ساگ: گھاس

ساگر: دریا، تلاب، سمندر

سال: کانٹا، تکلیف

سالو: ایک گہرے سرخ رنگ کا مہین کپڑا

سامن: سامنے

سامی، سامیا: مالک، سوامی، آقا

سامیں: سامنے

سانا: بھرنا، لت پت ہونا

سانپاں: سانپ کی جمع

سانت: موسم بہار، فرحت بخش، بسنت رُت، تصوف، آرام، قرار

سانت: سوانت، ابر نیساں، وہ بارش جس سے موتی بنتا ہے

سانتی: (شانتی) خاموش، چین، سکھ، امن

سانٹھ: سمجھ، خیال کر

سانج: سانجھ، شام

سانچ: سچائی، سچ

سانچا: سچا، صادق

سانا: جوڑنا، تیار کرنا

ساندر: صحرائے لق ودق

ساندرے ساندرے: آہستہ آہستہ

ساندنا: جوڑنا، تیار کرنا، ایک کرنا، باندھنا

ساندھیا: باندھا

ساندھیاں: اعضا کے جوڑ

ساندی: حلقہ دام، دیوانہ

ساندے ساندے: عضو عضو، جوڑ جوڑ

سان دینا: تیز کرنا، دھار لگانا

سانڈنا: لڑکانا، گرانا

سانسا: خوف، ڈر

سانسی: مفلسی

سانگ: خوف، ڈر، دمہ کی بیماری، شاخ، مٹھائی

سانکل: زنجیر

سانگ: بھیس، تماشا، بہروپ

سانگ: سنگ، ساتھ

سانگ: برچھی، نیزہ

سانگڑا: برچھی

سانگی: برچھی، نیزہ

سانوری: شوہر کا گھر

ساو: ایمان، ایمان دار، دیانت دار، معزز، معصوم

ساو: بادشاہ، امیر، دولت مند، ساہوکار

ساو: چوراُچکّے

ساوَ: لذت

ساواں: (ساو کی جمع) ساہوکار، دولتمند

ساوَچت: محتاط، خبردار، چوکس

ساوچیت: مطمئن، خاطر جمع

ساوری: ایک دریا کا نام

ساوک: ہرن کا بچہ، بچہ

ساونی: معشوق، نمکین، ملیح، ساون کی فصل

ساہ: شاہ، ساہوکار، سردار

ساہورا: سسرال

ساہوراج: شوہر کا گھر

سائت: ساعت

سائر: دریا

سائیں: مالک، آقا، مجازاً خدائے تعالیٰ، یار، عاشق، صاحب عزت

سایا، سایہ: نظیر، ثانی

سُب: نیکی، اچھا شگون، شُبھ

سُبا: صبح

سباس: خوشبو

سباقت: سبقت

سبجو: صبح

سبد: (شبد) بات، گیت، لفظ

سب بدل: سب کیلئے

سُبُدھ: عقلمند

سبدھی: عقلمند

سب رس: سب کا نچوڑ

سبُرَن: سونا

سب سری: تمام ہوئی

سبزک: نیل کنٹھ

سب کوں: سب کو، سبھوں کو

سبن: سبھوں

سُبھ، سُبہ: شُبھ، مبارک، پاک

سَبہ: سب

سبھا: محفل

سبھالوک: دربارِ عام

سبھتا: (شُبھتا) اچھی ساعت، اچھی گھڑی

سبیت: سبب، ساتھ

سبیت: عمدہ

سپاری: ڈلی، چھالیا

سَپت: سات، سارا، سارے

سپت کھن: ابراہیم عادل شاہ کی بنائی ہوئی سات منزلہ عمارت، سات آسمان

سپٹ: تمام

سُپَر: عمدہ

سپرنا: پھنسنا

سپرے: چمگادڑ

سپڑنا: پکڑا جانا، گرفتار ہونا، ہاتھ آجانا، ہاتھ میں آجانا، قابو میں آجانا، اس لفظ میں (س) کے بعد اکثر نون غنہ بھی آتا ہے

سپلک: چھپکلی

سپن: سونا، خواب، نیند

سپتل: ایک دھات، پیتل

سپند: اسپند

سپور، سپورن: بھرا ہوا، پُر، کامل، مکمل، لبریز، پورا چاند

سپنے منے: خواب میں

ست: عصمت، طاقت، زور، سچائی، عرق، رس، خوبی، فضلیت، نیک، سادھو، مردِ نیک، پاک، اعلیٰ

ست: خلاصہ، فرزند، گناہ، بدی

سُتا: سوتا، سوتے ہوئے، خوابیدہ

ستار: بڑھئی، سُتاراں (جمع)

ستاری: ستار

ستاریاں: ستارے

ستاہت: سچائی

ست بھید: ایک علم کا نام

سُتر: سوت، دھاگا، سُتلی

ستراں: ناراضگی، خفگی

سترگی: عظمت، بڑائی

سترنا: بل کھانا، اترانا

سترنہ: ستراں، سترہ (۱۷)

ستگ گھڑا: ایک کھیل

سِتلا: چیچک

ستم: غضب، عمداً، ازخود

ستمی: ظالم

سُتنتر: آزاد، سب سے الگ

سپرے: چمگادڑ

ستونت: سچا، نیک، ایماندار، پاک دامن،

ستونتا: نیک خُو

ستھال: تھالی

ستھمر: فنا، برباد

سَھتیا: تاروں کا مجموعہ، ثریا

ستی: پارسا عورت، سچی، نیک بخت

ستیجا: روشن، واقع

سیتان: نیک لوگ، اہلِ حق، سچے، گنہگار

سٹ: ہٹا، ڈال، چھوڑ، ڈال دینا

سٹال: پھینک

سٹ بٹ: خوب تر

سٹ پٹکے: سٹپٹا کر

سٹ دینا: چھوڑنا، پھینک دینا

سٹ کر: چھوڑ کر

سٹکنا: فرار ہونا

سٹنا: پھینکنا، چھوڑنا، چھوڑ دینا، الگ کر دینا، ہٹانا، ملانا، ملا کر ایک کر دینا

ستو: چھوڑو

ستوں: چھوڑ دوں

ستنہار: ڈالنے والا، ملانیوالا

سٹے: ڈالے، گرائے

سٹی: پڑی

سٹیا: گرادیاں، ڈال دیا

سٹی بھانا: بہتان لگانا

سَج: سُوجھ

سَج: آراستہ، خوش وضع، سلیقہ مند، زیور، لباس

سج دج: سج دھج

سجا: زیبا

سجات: اچھی ذات کا، نیک دل، اچھے خاندان کا

سجاتی: دلربا

سُجان: عقل مند، خردمند، ہوش مند، جاننے والا، عالم، واقف کار

سجڑنا: نابود ہونا

سجن: دوست، محبوب، معشوق

سجن جل: آئینہ

سجنی: سہیلی

سجوٹی: سجاوٹ

سجیلا: جامہ زیب

سَچا: سچاّ

سچ کار: سچاّ

سَچل: متحرک، سچی عورت، سچا مرد

سچلا: سچاّ

سچلی: سچی عورت، سچ مچ کا (کی)

سچوٹی: سچائی

سچیں: واقعی

سخت جیا: سخت دل

سخنوراں: شعراء

سَد: دیوار

سُد: عقل و ہوش، سُدھ، تازہ، نیک

سُد: شُدہ، پاک، خالص، خبر، کھوج

سدا: ہمیشہ

سِدا پھل: سیتا پھل، شریفہ

سدا کال: ہروقت، ہرموسم میں

سُدبُد: (سدھ بدھ) ہوش وحواس، خبر، آگاہی

سُدگیاں: اچھی سمجھ

سُدنگ: عمدہ، بہتر

سِدھ: نصیحت، عقل کی بات، خدارسیدہ لوگ، خبر، ہوش، یاد

سدھانوشو: چاند

سدھ ساچے: عقلمند اور سچے

سدھ سٹنا: عقل جانا، بے خود ہونا

سدھ لیوں: (سدھ لینا، راستہ لینا) راستہ لوں

سُدھن: ہمیشہ، سدا، ہروقت، ہمہ وقت

سدھ ہار: ہوش باختہ

سِدھ ریک: سیدھی لکیر

سُڈھال: خوش وضع

سَر: برابر

سَرا: جہاں، مکان، قیام کرنے کی جگہ

سُرا: شراب

سراب، سَراپ: بددعا، لعنت

سراچہ: بڑا خیمہ

سرّاٹا: خون یا پانی کی دھار کا زور سے نکلنا

سراٹا: فوارہ کی شکل، آنسوؤں کے واسطے بھی مستعمل ہے

سراس: جوش وجذبہ کے ساتھ

سراسی: گائے گی، نغمہ سنجی کرے گی

سراکر: سراہ کر، تعریف کر کے

سرانا: سراہنا، تعریف کرنا

سرانا: سرہانا، بالیں، سر کی طرف کا

سراندیل: سراندیپ، سری لنکا

سَراٹو: بہادر

سرانے: (سراہنے) سراہنا، پلنگ کا وہ حصہ جدھر سر رہتا ہے

سَراوچانا: سراُٹھانا

سراونا: سراہنا، پسند کرنا، تعریف کرنا

سراُونچ: سربلند

سراہ: سراہنا، تعریف کرنا، تعریف کر

سراہا: سراہا، تعریف کیا، ممدوح

سرایت: ہوشیار، فن کار

سرب: تمام، مسافر خانہ، گرہن، سب، لاتعداد

سربند: دستار

سرب دل: خوشدلی

سرب دَل: لاتعداد فوج

سربر کرنا: مقابلہ کرنا، ہمسر ہونا

سرپ: سانپ

سرپ: (سرب) تمام، پر ایک

سرُ پال: سر، دیوتا پال، پرورش کرنے والا، اندر دیوتا

سرپاؤں کرنا: بے توجہی برتنا

سرپن: سانپ

سرت: یاد، ذکر

سرتھے: پھر سے، دوبارہ

سرتی: ازسرنو

سُرتیاں: موسیقی کی اصطلاح

سرتچہ: ابتدا سے، ازل سے

سُرج: سورج

سَرَج: پیدا کرنا

سرجا: پیدا کیا

سرجانا: ختم ہوجانا، پیدا کرنا

سرجائیا: پیدا کیا

سرجن: پیدائش

سرجنا: تخلیق کرنا، پیدا کرنا، پیدا ہونا

سرجن ہار: پیدا کرنے والا

سرجیا: پیدا کیا

سرچائی چاٹے: گنجا

سرچڑھانا: عائد کرنا، لازم گردانا

سرچنا: پھیلانا

سُرخ: ایک لال رنگ کا پرندہ

سرخت: سرخط، تحریر

سرخرچنا: سردینا، سرکٹانا، سر کی بازی لگانا

سُرخک: لال پرندہ

سرخ کن: سرخ رنگ کا ایک پھول

سردھنی: خداوند

سرس: بڑھ کر، زیادہ، رس دار، رسیلا، پانی، تالاب، عمدہ

سُرَس: جنت، میٹھا، خوش ذائقہ

سَرَس: زیادہ، نفیس ترین، پہلا

سِرس: برابر

سرشت: پیدا کیا، پیدائش

سرستی: حکمت و دانش، موسیقی کی دیوی

سِرشٹی: پیدا کردہ، مخلوق

سَرَک: آفتاب، آسمان، ساغر، پیالہ، جھیل، تالاب، جوہڑ، پھولوں کا ہار

سَرک: پھندا، جال، شکن، کروٹ

سِر کا پیشانی: بد دماغ، ترش رُو، (فارسی میں سرکہ جبیں کہتے ہیں)

سرکرنا: برابر کرنا، ہمسر کرنا

سرکھا: ہمسر، مماثل، مشابہ

سرکھنڈ: پیشانی

سرگ: ساتھ

سرگ: پیدائش، ازل

سُرگ: جنت

سرگ بن: باغ جنت

سرگشت: شہر گشت

سولوک: عالمِ بالا

سرمایا: سرمایہ

سرمنڈل: ایک قسم کا باجا

سُرن: خوبصورت، حسین

سَرَن: پناہ، آسرا، درست ہونا، ختم ہو جانا، گزر جانا، پورا ہو جانا، قدم بوسی

سُرَن: دیوی، دیوتا

سِرن: روح

سَرن: سجدہ، دل

سرن: محبوب ہونا

سرنا: ختم ہونا، پیدا ہونا، پھوٹنا، گزرنا

سُرنج: اچھے رنگ والا، خوش رنگ

سرن کرنا: پناہ میں لانا، حلقۂ ارادات میں آنا، تعظیم بجالانا

سُرنگ: خوش وضع، سرخ رنگ، لال رنگ کا، چمک دار، بھڑکیلا، شاندار، سرخ گھوڑا

سِرنگی: سینگ، قرن

سرنگ لگنا: قدم بوس ہونا

سرنہانا: پورا غسل کرنا، غسلِ جنابت کرنا، سر سے نہانا

سرو: سب، تمام

سرواڑ: سسرال

سرواہ: دردِ سر

سروپ: ہم شکل، مانند، مشابہت

سروپ: خوب صورت، خوش وضع، خوش رو

سرود: آواز، نغمہ، راگ

سرور: (سروور) تالاب، کنڈ، جھیل، تال

سرون: کان، سننا

سرونگ: ہر قسم کی، طرح طرح کی

سرونی: کان لگا کر

سروہی: دودھاری تلوار

سری: خوبصورت، خوبصورتی، دولت وثروت، لکشمی، اقبال مندی، ترقی، خوشی

سَری: سر

سَری: سردار، برابر، مانند

سری: کپڑے کی ایک قسم

سری: روشنی، نور، سونے چاندی کے تار

سرے: سارے

سرے: (سرنا = مناسب ہونا، سزاوار ہونا، لائق ہونا) مناسب ہو، لائق ہو، مکمل ہو، پورا ہو، زیب دے

سریا: لاحق ہوا، ختم ہوگیا

سُریاپاں: آفتابی، آفتاب گیر، چھتری، سائبان

سریجن: محبوب

سریر: تخت، تن، جسم، ٹکڑے

سریکا: مانند، جیسا، مثل

سڑاڑ: کنارہ

سڑک دھار: بوچھاڑ

سڑکنا: مضطرب ہونا

سڑک ہونا: بے سدھ ہونا، مست ہونا، مخمور ہونا

سِڑی: سیڑھی، زینہ، عروج

سڑیاں: سیڑی کی جمع، سیڑھیاں

سزا: بُرے کام کا بدلہ، قدیم اردو میں جزا کے معنی میں بھی آیا ہے

سِس: سر

سِس: شاگرد، چیلا

سَس، سَسا: چاند

سُستا: خرگوش

سس پھول: سر کا ایک زیور، ٹیکا

سِستر: کمان کا چلہ

سَتتر: ستر (۷۰)

سَسی: چاند

سِفال: ٹھیکری

سفرا: (سفرہ) دسترخواں

سُک: خشک، سوکھا

سِک: سکا، سکے

سُک: سکھ، آرام

سک: تالو

سُکا: سوکھا خشک

سِک، سِکا: مہر (سکہ)، انگوٹھی

سُکا کھڑک: سوکھا کھڑنک، بالکل سوکھا ہوا

سکال: تمام

سُکال: ارزانی، اچھی فصل، اچھا زمانہ

سِکانا: سکھانا، پڑھانا، تعلیم دینا

سِکاو: سکھاؤ

سکاون: سکھانا

سکت: توانائی، قدرت، طاقت

سکتا: قادر

سکچانا: شرمانا، ہچکچانا

سکچ: حجاب

سکرت: اچھا کام

سک سکانے: سسکیاں

سکسکے: سکے

سکسنا: سکنا

سُک سوں: آرام سے

سُک کرن: سکھ کرنے والا

سکل، سکلے: تمام، سب، کل، سکلیاں (جمع)

سِکلا: سکھلا

سکلانا: سکھلانا

سکلیں: سب

سکنا: سوکھنا

سکنا: قدرت رکھنا، کرسکنا

سکوچنی: شک وشبہ

سکہ: ذوق، سکھ

سکِہ: انگوٹھی

سکھ: سوکھ کر

سکھا: سوکھا

سکھان: اچھا کھانا

سکھپال: پالکی، ڈولی

سکھر: سگھڑ، باسلیقہ، سلیقہ مند، نیک چلن، خوش نصیب

سکہ سکا: گڑگڑا کر

سکھنا: سوکھنا

سکھی: خوش

سکھی: سہیلی، سجنی، محبوب، سکھیاں (جمع)

سکھیاں: سیکھی ہیں

سکھیں: سہیلی، سجنی، محبوب

سکی: سوکھی

سکی: سکھی، معشوق، سہیلی

سکے: سوکھے

سکیا: سکا

سکیش: اچھے بال

سکے ہیں: سیکھے ہیں

سُگا: طوطا

سگٹ: تمام، سب، کل، سارا

سگرا: تمام

سگری: تمام، سب

سگری: دوپہر کی راگنی

سگو: سگھڑ، صاحب سلیقہ

سگومن: صاف دل

سگل، سگلا: سب، تمام

سگن: خوبی، اچھا شگون

سگن: نیک خصلت

سگند: خوشبودار

سگھڑ: خوبصورت، خوش سلیقہ

سگھڑول: سگھڑ، باسلیقہ

سَل: پھانسی

سل: بوجھ، کرب، بے چینی

سَلا: پتھر، ہتھیار

سلارس: سلاجیت

سلانے: چُبھنے

سَلایاں: سلائی کی جمع

سلتا ہے: چبھتا ہے

سلچھن: نیک اطوار، خوبصورت، نیک، اچھا اخلاق

سلح: پوشاک، لباس، آلاتِ جنگ

سلح پوش: ہتھیار بند

سِلک: دھاگا

سلک: عزت، سلوک

سلک: رسائی، ملاپ

سلکانا: چھوڑنا، آہستہ آہستہ ترک کرنا

سلک آوے: سرک کر آوے، رینگ کر آوے

سلکنا: سرکنا، پھسلنا، نکلنا، کھسکنا

سلکنا: الگ ہونا

سلکھن: نیک بخت، حسین، مبارک

سلکھن: خوش اطوار

سلکی: لڑی، سلک

سلکی: مجلسی، درباری، صاحب عزت

سلگے: ملے ہوئے

سلنا: چبھنا، گڑنا، چبھونا، چھیدنا، سوراخ کرنا، اندر داخل ہونا

سلوچن: عمدہ، آنکھ، عینک

سلوچنا: خوشنما آنکھ والی عورت، حسین عورت

سلول: خوبصورت، طرحدار، خوشنما، ہموار، خوش ادا

سلون: شوخ، چنچل

سلونا: نمکین

سَلے: جمع سلاح کی، اسلحہ

سلیطہ: زبان دار، بدزبان عورت

سم: اچھی طرح سے، مانند، مشابہ، مثل، سامنے، مقابل

سم: تال، برابر

سماچار: کیفیت، حال چال، حالات

سماد: خاکستر، جلا کر راکھ کرنا، مقبرہ

سمادھ: تندرستی، صحت

سماور: عزت، تعظیم

سمارنا: سنوارنا

سَمان: آسمان، برابر، مطابق

سماؤ: سمائی

سمایا کھڑا ہونا: مصیبت آپڑنا

سیایا پڑنا: وقت آپڑنا، بُرا وقت آنا

سمپات: میل ملاپ، ایک دم سے گرنا، ٹوٹ پڑنا

سمپت: دھن، دولت

سمپد: دھن، دولت، اقبال مندی

سمپورن: پورا، تمام، کل، بھرا

سج: سجھ

سج: سبھا، محفل

سجانا: سمجھانا

سجنا: سمجھنا

سجنا پنا: معرفت

سجیا: سمجھا

سمد، سمدر، سمدور: دریا، سمندر

سمرت: یاد، حافظہ، یاداشت

سمرت: سمرتھ، طاقت

سمرن: عبادت، وظیفہ، تسبیح، رٹ، یاد کرنا

سمرنا: یاد کرنا، ذکر کرنا، مالا، تسبیح

سمرود: سلیقہ مند، باتمیز

سمسار: سنسار، دُنیا

سمک: مچھلی، خوبصورت

سمکھ: سامنے، روبرو، مقابل

سُمسکھ: خوبرو، عالم

سَمن: ایک قسم کا پھول

سمند: گھوڑا، دریا، سمندر

سمندر: ایک چھوٹا سا کیڑا جو آگ میں پیدا ہوتا ہے اور آگ ہی میں زندہ رہتا ہے

سمند کرنا: ایڑ لگانا

سمود: روبرو، خوب

سمور: سدا

سُمور: آگے، سامنے

سمومی: بادِ سموم

سمہال: سنبھال

سَمے: وقت

سمیت: سنگھات، ساتھ

سمیرنی: تسبیح

سن: ساتھ، باہم

سُن: بے حس

سُن: سنپات، ایک بیماری جس میں سارا جسم سن ہو جاتا ہے

سُنا: سونا

سِنا: سینہ

سُنات: سناتا ہے، سنائے

سُنار: حسین عورت

سناسی: سنیاسی، جوگی، فقیر

سناں: برچھی

سنبال: سنبھال

سنبالنا: سنبھالنا

سنبک: کشتی

سنبور: بھرپور

سنبھالنہار: سنبھالنے والا

سنبھالیا: سنبھالا

سنبھوگ: صحبت، مباشرت

سنپات: دکھ، روگ، دیوانگی، سرسام کی بیماری، سردوگرم، سردی

سنپارا: سپیرا

سنپارے: سپیرے

سنپرائی: حاصل کرلی

سنپت: بڑاپن

سنپڑانا: پھانسنا، پھنسانا، ہاتھ آنا، ملنا

سنپڑ بند پڑے: قید ہوگئے

سنپڑنا: ہاتھ میں آنا، گرفت میں آنا، پہنچنا

سنپڑے: ہاتھ لگے

سنپڑیاہوں: گرفتار ہوں

سنپور: کامل، معمور

سنپورن: پورے طور پر، مکمل

سُنّت: سن کر

سَنت: مرد

سنتا: کنجوس، خراب حال

سنتاپ: گرمی، دکھ، غصہ، حسد

سنتان: خاندان، بال بچے، نسل

سنتانا: ستانا، پریشان کرنا

سُنت بجالانا: ختنہ کی رسم انجام دینا

سنتر: ۱۔ ستر (۷۰)

۲۔ فریب دینا

۳۔ فہمائش

سنت کرنا: ختنہ کی رسم انجام دینا

سنتوس، سنتوش: صبر، شانتی، سکون، سکھ، خوشی، چین

سنجا: سنجھا، شام

سنجات: پیدائش

سَنجری: بادشاہی

سنجوگ: حادثہ، اتفاق، ملاپ، وصل، پیوستگی، دوسعد ستاروں کا ملنا

سنچر: آکر، پہنچ کر

سنچرنا: نمودار ہونا، حرکت میں آنا، چلنا، نابود ہونا

سنچری: ایک مرض

سنچریا: پھیلایا

سنچکار: آواز، آہٹ

سنچل: آواز، آہٹ، بھَنک

سنچانا: چھڑکنا

سُنچنا: سوچنا

سُند: سُن ہونا

سَندا: ساتھ، جوڑ

سنداں: کنپٹی

سُندر: خوبصورت، حسین

سِندھ: (سیندھ) رخنہ، سوراخ

سُندھر: سُندر، خوبصورت، حسین

سندھیاں: وقت، عبادت، شام کی پوجا

سندی: سیندھی، تاڑی

سندیاں: شام کی پوجا، وقت، عبادت

سندیسا: قصہ، پیغام

سندیہہ: شک

سنسکرت: بنایا ہوا، دیوتاؤں کی شستہ زبان، وہ زبان جو قواعد سے بنائی گئی ہو

سنکا: خوف، شبہ

سنکار، سنکارا: اشارہ

سِنکایا: سکھایا

سنکل: زنجیر

سنکھ: سنکھ، ناقوس، سیپی، گھونگھا

سنکھپال: ایک قسم کا ہتھیار

سنکھ: سنکھ، ناقوس

سنگ: ہمراہ، وزن

سُنگ: سونگھ

سِنگ: سینگ، سِنگاں (جمع)

سِنگ: شیر

سنگات: ساتھ

سنگاتی: ساتھی، رفیق، ہمدم، دوست

سِنگار: سنگھار

سنگارتا: سنوارنا

سنگارنا: آراستہ کرنا، سنوارنا

سنگارن: سنوارنا، سنوار

سنگاسن: تختِ شاہی، تخت، چوکی

سنگت: ٹولی، ساتھ

سنگتی: ساتھی

سنگ دلاں: ظالم، سخت دل

سنگرام: وصل، آسائش، لڑائی

سنگل: تمام

سنگم: میل ملاپ، دو دریاؤں کے ملنے کا مقام، ساتھ، ساتھی

سنگنا: سونگھنا

سِنگھ، سنگہ: شیر

سنگھ: جماعت، مقدار، تعداد، سنگ، ساتھ

سنگھاتی: ساتھی، دوست

سنگھات: جماعت، گروہ

سنگھاٹ: ساتھ

سنگھاسن: تخت، پالکی

سنگھی: ساتھی

سنگی: سنگھا، ناقوس

سنگیت: گانا، نغمہ، علم موسیقی

سنگین مُول کے: بیش بہا، قیمتی

سنگینی: سنجیدگی

سنمان: عزت، قدر، ادب

سنمک: سامنے، قابل، مقابل

سنمکھ: سامنے، روبرو، آگے

سننا: سونا، مشہور قیمتی دھات

سنن ہار، سنن ہارا: سننے والا

سِنگیاں: سِناں کی جمع، برچھیاں

سنواں: (جمع)، سوں، قسم، حلف

سنور: طریقہ، طرح، جلد

سنوانری: سنواری

سنوانرے: سنوارے

سنواں ریا: (سنواریا)، سنوارا

سنوروں: سراہوں

سوریا: محبوب

سنھاریا: یاد کیا، سنبھالا

سُنھو: سُو

سنے: سینے، چھاتی

سُنے، سُنّے: سونا، زیور

سُنیا: سنا

سُنیا بعد: سننے کے بعد

سنیاس: تعلقاتِ دنیوی کو ترک کرنا

سنیاسی: تارک دنیا، جوگی

سُنیا کار: سونے کی مانند

سنیرنا: سُنتا

سُنیرے: سنہرے

سِنیہ: محبت، نیک

سو: پس، سے، وہ، جو

سو: اچھا، نیک، بھلا، کسی لفظ سے پہلے لگانے سے اچھے کے معنی ہو جاتے ہیں مثلاً سُجات نیک دل، نیک ذات، اس کے برعکس "کو" کے معنی بُرا یا بد ہوتے ہیں مثلاً کُجات، کُپات وغیرہ

سواپ: نیند

سواد: ذائقہ، مزہ، مراد

سوالاکے: سوالاکھ

سواں: (سوں کی جمع) قسم، قسمیں، حلف

سوانی: جوان عورت (بالعموم اچھے گھرانے کی)

سوائی: برتر

سوائے: مزید برآں، علاوہ

سوبھ، سوبھا: زیبائی، خوبصورتی

سوبھت: (شوبھت)، آراستہ کیا گیا

سوپاردی: شکاری

سوپان: سیڑھی

سوتر: رشتہ، تعلق، تاگا، ڈورا

سوتن: سوکن

سوتن: سونا، آرام کرنا

سوتھار: بڑھئی

سوتھن: شلوار، پاجامہ

سوتی: سوکن

سوٹی: سونٹی، ڈنڈی، لکڑی جو ہاتھ میں رکھتے ہیں

سوج: بینائی، بصارت

سوجھارا: جاننے والا، دیکھنے والا

سوچ: سوہی، [(چ) بمعنی "ہی"]

سوچہ: (سو+چہ)، وہی، (چ تاکیدی)

سُوچہ: پاک

سَودا: دیوانگی

سوداسنی: بجلی

سودشٹ: اچھی نظر، نگاہِ ناز

سودھا: آبِ حیات

سودھرنا: سُدھرنا

سودہن، سودھن: عورت، حسینہ، نازنین، معشوق

سودھنا: جستجو کرنا

سور: سورج، بہادر، سُر، آواز، خوشی

سَور: بُرجِ ثور

سورات: لالچ، حرص، ہوا و ہوس

سوراٹ: لالچ، خواہش

سوراں: سُور کی جمع، بہادر

سوراں: سُر کی جمع، (موسیقی)

سورک بار: اچھی فصل

سورن کتاں: کتان (کپڑے کی قسم) جس پر سونے کا کام ہوتا ہے

سورنگ: (سُرنگ)، خوش رنگ، سرخ

سورنگی: سرخ

سَورنی: جوان عورت

سوریج: سورج

سوزنی: غلاف، چادر، کھیس، ایک قسم کی دوہر، موٹی چادر، روئی بھرا ہوا کپڑا

سوس: جذبہ، احساس

سوس: پیاس، جلن، تشنگی

سوسر: (سوشر)، منہ سے بجنے والا باجا

سوسمار: سانپ کی طرح کا ایک جانور، گوہ

سوسنا: (واوِ مجہول کے ساتھ) سوچنا، فکر کرنا، غور کرنا

سُوسنا: برداشت کرنا، سہنا، جھیلنا

سوسیا: جھیلا

سوک: سُکھ، ایک ستارہ کا نام، ناہید، زہرہ

سُوکا: سوکھا، خشک

سوکا: کاجل، کاجل کی لکیر، سرمہ کا وہ خط جو آنکھ سے زلف تک کھینچا جائے

سوک پن: رقابت

سوک چھم: باریک

سوکرمی: نیک بخت

سُوکشم: مثال، بہت باریک، مہین، لطیف، عالمِ ملکوت، جسمِ ملکوتی، بہت چھوٹا، مختصر، ذرہ

سوک لے: سُکھا لے

سوکھ: سُکھ

سُوکی: سُکھی

سوکے: خطِ سرمہ

سوکے چُھندے: سو (100) میں سے چُنے ہوئے

سوگا: (سوکا) کاجل کی تحریر

سوگڑ: خوش وضع، سُگھڑ، حسین

سوگندھ: قَسم، حَلَف

سوگے: سُرمہ، کاجل

سوگیاں: کاجل کی لکیریں

سوگے مُجب: خطِ سُرمہ

سول: عالمِ اجسام، سول کی بیماری، حالت، کانٹا، خار، برچھی کی نوک، ترسول، قولنج، ریاحی درد، باؤسول

سولاوے: سلائے

سولچھن: نیک صفت، خوش خصال، خوش سیرت

سولکھن: نیک بخت عورت، خوشنما

سولہ کلا: سولہ سنگار

سولہ نہ (سولاں): سولہ (۱۶)

سولے: سروتا

سوم، سوما: چاند

سومارگ: راستہ، اچھا راستہ

سوماں: (واحد سوں)، قَسم

سومہا سندر: چاند کی طرح خوبصورت

سوں: کی، (ان معنی میں شاذ و نادر ہی استعمال ہوا ہے)

سوں: قسم، سوگند

سوں: (سو) وہ، سے، سکون، کو، سنسار، عالم

سونا: سپنا، خواب

سوں اس: اس کو

سوناں: سونا، زر

سوناونی: موت کی خبر آنا

سونائی: پردیس سے مرنے کی خبر آنا

سونت: سوکن

سونچ، سونچہ: سے ہی

سوندل: لڑائی

سونسار: سنسار، دُنیا

سونسان: سنسان

سونہار: قتل

سَونہار: تباہ

سونے کیاں: سونے کی

سونین: چھوٹا نیزہ، نیزہ کا پھل دار حصہ

سووں: سوھن، کیلے کی ایک نازک وخوش ذائقہ قسم

سوون: سونا

سوؤں کھانا: قَسم کھانا

سوہ: چاہت، چاہ، محبت، الفت

سوہار: مناسب

سوہارو: دوستی، محبت، رشتہ داری

سوہانا: راس آنا

سوہائی ہوئی: ایسا ہی ہوا

سوہتا: زیب دیتا

سوہل: آسانی، سہولت

سوہلا: ایک راگنی کا نام (سہیلا)، خوشی کے گیت جو شادی یا سالگرہ کے موقعوں پر گائے جاتے تھے

سوہن: خوبصورت

سوہے: زیب دے، بھائے، پسند ہو

سویا: تاب لایا

سُویت: اُجلا، سفید، ستارۂ زہرا

سُوین: سوئی

سہنسکرت: سنسکرت

سی: علامت (مضارع مستقبل)، واحد غائب اور

مخاطب جیسے مری = مرے

سی: کیوں، کہ

سیا: سہا

سیاپا: بَین، نالہ، شیون جو عورتیں کسی کی موت کے وقت کرتی ہیں

سیاست: قہر و غضب، سختی، خوف، جسمانی یا روحانی تکلیف

سیار، سیارے: سب، تمام

سیار: گیدڑ

سیاستر: شرع

سیال: سیار، گیدڑ

سیام: کشن جی کا لقب، رنگِ ملیح، کالا

سیامی: سیاہ

سیاں: (سی کی جمع) سی، کی، طرح

سیانان: عقلمند، ذی فہم، سمجھ دار

سپر: سپّر

سیت: (شیت) سردی، پالا، سفید، ٹھنڈ

سیت: پُل

سیتل: خنک، سرد، ٹھنڈا

سیتلا: چیچک

سیت مارنا: میدان مارنا

سیتو، سیتوا: پُل

سینت: میدان، جنگل

سیتی: (پہلی ے مجہول) حرف جار، سے، اس کا اِملا میں پہلی 'ے' کو حذف کر کے بھی استعمال میں آیا ہے

سیتیں: ساتھ

سیٹ: مٹی

سیج: بستر

سیجڑی: سیج

سیدا: سیدھا

سیدی: سیدھی

سیر: سر

سیرا: سہرا

سیرتے، سیرتی: از سرِ نو، پھر سے

سیرنگ: خوبصورت، سُرخ رنگ

سیرنگ: سری رنگا پٹم، میسور کا ایک قدیم شہر

سیروا: شوربا

سیڑیاں: سیڑھیاں

سیس: سر، چاند، چوٹی

سیس: سیش ناگ جو پاتال میں رہتا ہے

سیس پھول: ٹیکا، زیور جو عورتیں سر میں لگاتی ہیں

سیش: کسی چیز کا بقیہ، نتیجہ، انجام، سانپوں کا بادشاہ

سیک: عقل، نصیحت

سیک: سینک، آنچ، تپش

سیک: سیوک، مرید، چیلا

سیک: سیکھ

سیکائی: سکھائی

سیکھ: پند و وعظ، نصیحت

سیکھے: سیکھے

سِل: چھوٹا نیزہ

سَیل: کمزور، لاغر، نِکما

سیلا: خار پشت، سی، ساہی، ایک جانور

سیلی: بالوں، ریشم یا کسی اور چیز کی ڈوری

سیم: کھیت

سیمیا: وہ علم جس کے ذریعہ اشیائے موہوم دکھائی دیتی ہیں اور روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کیا جاسکتا ہے، جادو

سَین: (سینیا) ایک دوسرے کو آنکھ یا انگلی کا اشارہ کرنا، اشارہ، آنکھ جھپکنا، نیند

سَیَن: بستر

سیں: سے

سِینا: سینہ

سَینا: لشکر، سیناپتی، فوج کا سردار، سپہ سالار

سیناپھوٹنا: سینہ پھَٹنا

سیناں: سین کی جمع

سیپی: سیپی

سیتھی: نیزہ

سیندوری: مہمانی

سینسار: دنیا، جہان

سِینگ: تنکا

سینگی: چھوٹا سینگ

سیو: سخت سردی

سیوا: سیوا جی، مرہٹوں کا مشہور سردار، خدمت، اطاعت

سیوادھرنا: خدمت کرنا

سیوال: کائی، پانی میں اُگنے والی گھاس

سیوتا: خدمتگار

سیوٹ: آخر، نتیجہ، کامیاب، انتہا، حد درجہ

سیوک: نوکر، چیلا، غلام، خدمتگار

سیوکی: داسی

سیون: گاؤں کی حد، حد

سیونا: خدمت کرنا، پوجنا، سیوا کرنا

سیویں: پرستش کریں

ش

شاب: شہاب، جوان

شابی: علامت

شات: شہد

شاترو: دشمنی، عداوت

شاخاں کوں کاڑنا: شاخیں نکل آنا

شاد: خوش، قدیم

شارو: مینا، ایک پرندہ

شاستری: عالم وفاضل، پنڈت

شاطر: قاصد

شاطیر: شاطر، قاصد

شاکھی: درخت

شالو: مینڈک

شامبک: سیپی

شانا: سیانا

شانڈ: فکر، خیال

شانڈنا: غور کرنا، سوچنا

شانی: شان والا

شانیاں: شانے

شاہباش: شاباش

شاہدی: گواہی

شاہ کار: بڑا کام

شبا: شب خون

شبد: لفظ، کلمہ، بول

شبرت، شبرات: شب برات

شب کشا: ایک پھول

شپرک: چمگادڑ

شب کوش: صندلی رنگ کا ایک پرندہ، ایک قسم کا پھول

شبھ: سعید، نیک، پاک، اچھا

شبی: شبہ

شتابی: بے قرار

شتالنا: تحریک دلانا، اپچ پیدا کرنا، ترغیب دلانا، اُبھارنا، بھڑکانا، حرکت میں لانا، بے قرار کرنا

شتری: (شترو)، دشمن عورت

شجات: شجاعت

شدھ: پاک، صاف، تنہا

شر: تیر

شر: ماتھا، سر

شراب دار: شراب والا، مے فروش

شراون: بہانا، گرانا

شرزا: شیر، تیندوا، بہادر، سورما، شیر کا بچہ، بگھیلا

شرف دارا: شرف رکھنے والا

شرفدارون: جب آفتاب برج حمل میں ہوتا ہے تو ان ایام کو شرف دار کہتے ہیں

شرم سے سوگلنا: شرم سے پانی ہونا

شرم کھانا: بے عزتی کرنا، بے آبرو کرنا

شرن: پناہ

شرنگ: سرکہ، سینگ، پہاڑ کی چوٹی، سینگ کی طرح کا برتن یا ساز، صور، سنکھ، برتری

شروال: شلوار، پاجامے کے نیچے پہننے کا جانگیہ

شریر: جسم

شست: دنیا

ششی: چاند، چندرماں، ماہ

شصت: ساٹھ

شطت: ظلم، ناانصافی (عربی میں شطط بمعنی ظلم آتا ہے)

شعریٰ: ایک بڑے روشن ستارے کا نام

شغاف: شغف

شفا: قانونِ شفا، بوعلی سینا کی کتاب کا نام

شکانا: ڈرانا

شکتی: طاقت

شکر: میٹھے بول، بچن، گھوڑا، پہاڑ کی چوٹی

شکر پھوٹانا: وہ مٹر یا چنا جس پر شکر لپٹی ہوتی ہے

شُکل: اُجلا، سفید

شَکل: چھڑا، چھال

شکن: شکوک

شکنا: شک کرنا، شک میں ہونا یا پڑنا، پس وپیش کرنا، ڈرنا، جھجکنا

شکنا: حیا کرنا، تکلف کرنا

شکھر: میٹھے بول، پہاڑ کی چوٹی

شگفتہ: خوش

شگن: شگون، خوبی

شلا: پتھر، سل، چٹان

شلغم: شلجم

شلفل: سامان

شلم: گوند

شلنگ: شوخ

شلنگی: کود پھاند کرنے والا

شلوار شم: ریشم کی شلوار

شامی: حب عنبر

شمسیہ: منطق کی ایک کتاب کا نام

شمے: شمع

شنک، شنکا: شک وشبہ

شنکھ: قرنا

شنگون: (نون غنہ مجہول)، بدولت، بذریعہ، بواسطہ، کے سبب

شو: نوشہ، شوہر

شوانی: شاہانہ

شوبھگی: شوہر

شوخوی: شوخ

شور: شورہ

شورشر: دھوم دھام، چیخ پکار، گریہ وزاری، بدنامی

شوقوں: شوق میں

شولا: شعلہ، اینٹ پکانے کا بھٹا

شوم: بدنصیب

شھار: شہر

شہانا: وہ گانا جو دُولہا کے لیے گایا جاتا ہے

شہانی: شاہانہ

شہدت: شہادت

شہ مات: شطرنج کی ایک اصطلاح

شہے: شہ

شیانے: (شانا)، ہوشیار، عقلمند

شیت: ٹھنڈا، موسم سرما

شیخ صنعا: (تلمیح) قصہ شیخ صنعا اور حضرت عبدالقادر جیلانیؒ

شیر برنج: کھیر، دودھ میں پکے ہوئے چاول

شیش، شیش ناگ: اژدھا، وہ اژدھا جو زمین کو سر پر اُٹھائے ہوئے ہے

شیل: پہاڑ، رومال، کمربند

شین: سونا، نیند، بچھونا

شینا: رات کا پہرہ

شیہ: ہاتھ

ص

صاحب: مالک

صافی: صفائی، صاف

صَبا: صبح، کل صبح، آنے والا کل، روز، روزِ قیامت، دوسرا دن

صباح: صبح

صباحی: صبح کو، صبح کے وقت کا

صبوحی: شرابِ صبح، ذکرِ صبح

صبور: صابر

صبوری: صبر

صحی: صحیح

صحیفہ: تحریر، خط

صد برگ: گیندا

صدر: قالین، فرش وغیرہ، سینہ

صدیق: دوست

صرحیاں: صراحیاں (صراحی واحد)

صرصری باؤ: بادِ صرصر

صریاں: صراحیاں

صفا: پاکیزہ، مقدس، صاف

صُفا: صفحہ

صفادار: صفائی والا

صف بندی: صف آرائی

صف ہو پڑنا: صفایا ہو جانا

صفے: صفحے

صورت پکڑنا: شکل اختیار کرنا

صوفا: طاق، دالان، محراب

صیحیح: درست

ض

ضایاں: ضائع

ضبے: ذبح

ضرارا: جریدہ

ضرب: مثل، ضربُ المثل

ضعف کرنا: بے ہوش ہونا

ضمان: ضمانت کرنے والا، ضامن

ضم ہونا: اکٹھا ہونا، مل جانا

ط

طاس: ایک پرندہ، مراتب، گھنٹہ، ساعت، گھڑی، وقت کا ایک پیمانہ

طاق: محراب، یگانہ، بے مثل

طالے: قسمت، طالع

طبلہ: ڈبہ، ڈبیا

طبیلہ: طویلہ

طرخا: تڑخا، پھٹ گیا، شق ہوگیا

طمعداری: حرص، لالچ

طنبورا: ایک قسم کا ستار

طنّبی: کھڑکی، دروازہ، طنبیاں (جمع)

طواسی: (دیکھے تواسی) قالین، طواسیاں (جمع)

طوطیا: تمہید، (صحیح املا طوطیہ ہے)

طیاری: پرواز

طیر: اُڑان، سلوک

طِین: مٹی

ظ

ظلم: اندھیر

ظلمات: تاریکیاں

ع

عارس، عاروس: عروس، دُلہن، (عروساں، جمع)

عبارت: ڈھنگ، طرزِ ادا، مطلب، مقصد

عبیر: رنگین سفوف، ایک قسم کا خوشبودار مسالہ

عجوبی: عجائب وغرائب

عدوّاں: عدو کی جمع، دشمن

عرابے: فصیلِ قلعہ

عربی: عربی گھوڑا، عرب کا باشندہ، جو عرب سے نسبت رکھے

عَرَض: وہ شے جو قائم بالغیر ہو، یعنی اس کا وجود کسی دوسری چیز کے وجود پر منحصر ہو

عرعر: سرو، بید

عرق دان: گلاب پاش

عزا: مصیبت میں صبر کرنا، مجازاً ماتم

عزارا: گال

عزت چڑھنا: عزت بڑھنا

عسل: شہد

عشور: عاشورہ

عِطاب: عتاب

عقل وند: عقلمند

عَلَم: نشان، آشکارا

علماں: عالماں

عِلَم دانی: علم کا جاننا

علَن: اعلانیہ

علاوا: الاوہ، الاؤ

علیکی: سلام کا جواب

عمّان: سمندر

عمدہ: سردار، اعلیٰ افسر

عمدیاں: عمدہ کی جمع، عمائد، سردار، اُمراء

عنَب: انگور

عنبر: ایک قسم کی خوشبو جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور

آگ پر پگھل جاتی ہے

عنین: باگ (گھوڑے کی)

عورت بھانا: شادی کرنا

عہد: وعدہ کرنا

عیب چیتا: عیب گیری کرنا

عین: صورت، چشم، آنکھ

غ

غازیہ: قوت ہضم

غپاغپ: کسی چیز کی ملائم چیز کے اندر متواتر آنے جانے کی آواز

غپکنی: (غپاغپ سے بنا ہے) کسی چیز کی ملائم چیز کے اندر متواتر آنے جانے کی آواز

غٹ کرنا: غصب کرلینا

غراب: کوا، تیز رفتار کشتی

غرانیاں: اسلحہ، ہتھیار

غریب: مسافر

غریبڑا: افلاس

غِش: کھوٹاپن، تشویش، رنج وافسوس، کدورت

غُصا: ناراضگی

غُصالا: غصہ ور، غُصیل

غُصیہ: غُصہ

غُصہ: ناراضگی

غفور: بخش دینے والا

غِل: زنجیر

غلبل: گڑبڑ

غلبلا: بے تابی، جوش وخروش

غُلبلا: غُلغلہ

غلبل کرنا: جھگڑنا

غلغال: غُلغلہ، شور، ہنگامہ

غل غال: گڑبڑ

غِل وغش: ملاوٹ، دھوکا، فریب، کدورت

غلول: غُلیل

غلولے: غُلّہ جو غُلیل میں رکھ کر چلایا جاتا ہے، گولے

غلی بانگ: گڑبڑ

غلیف: غلاف

غمام: ابر

غموم: غم کی جمع

غمیں: غمگین

غنھیر: جھینگر

غوغاسمیت: غوغا کرنے والی

غوغوا: غوغا، شور

غول: بھوت

غیانی: اجنبی، بھوت

غیر: بجز، علاوہ، سوا، دوسرا، غیریت

غیرباتاں: بدکلامی، گالی

غیرتن: بیگانہ

غیری: کم اصل

ف

فام: فہم

فاضل: بہتر

فامنا: سمجھنا

فِتن: فتنہ گر عورت

فِتناں: فتنوں، فتنہ کی جمع

فتنی: فتنہ پرداز عورت، مکار

فتوا: تہمت، بہتان، فساد

فتوح: کشائش، فائدہ، کامیابی

فحشا: فاحشہ

فر: شان وشوکت

فراد: افراد

فراشی: ادب وتمیز، فراشی سلام

فرد: تنہا، اکیلا

فرزند: بیٹا، بیٹی

فرشتیاں: فرشتہ کی جمع

فرقدان: نام ستارہ

فرماؤنا: فرمانا

فسوس: افسوس

فصلی: جُدائی

فضیحی: رسوائی

فکر: پریشانی

فکرپر: فکر کے پَر

فکروند: فکرمند

فِلِیر: پریشانی، الجھن

فُلس: پیسہ، روپیہ پیسہ

فلونی: حبوب، گولیاں

فن، فند: مکر، فریب، دھوکا، چالاکی

فندق: جھڑبیری کے بیر کے برابر ایک پھل جو بہت سرخ ہوتا ہے، مجازاً مہندی لگے ہوئے انگلیوں کے سرے یا پور

فنڈ: پھندا

فن ہونا: کمال یا مہارت ہونا

فوارا: فوّارہ

فوجاں: فوج کی جمع

فوفل: چھالیہ

فہام: فہم

فہانا: سمجھانا

فی الحال: فوراً

ق

قاب: خوانچہ، رکابی

قاصدی: قاصد، پیام پہنچانا

قالو: نقارے کی قسم

قائم: برابر، کھڑا ہونے والا

قبول، قبولیا: قبول کرنے والا

قبولیا: قبول کیا

قُبحی (قبح): برائی

قحبہ: فاحشہ

قراری دھرنا: قرار پکڑنا

قراری دینا: تسکین دینا

قَصا: قِصّہ

قصہ قراں: قصہ قضیہ، بات

قصیدیاں: قصیدہ کی جمع

قطارا: قطار، قطاراں کی جمع

قرائب: قرابت دار، عزیز، رشتہ دار

قدر حال: مقدور بھر، حتی المقدور

قُرم ساق: بھاڑو، بھڑوا

قرن: سینگ

قرن: بارہ سال کی مُدّت

قران: نزدیک ہونا، دو ستاروں کا ایک بُرج میں آنا

قرمیزی: قرمزی

قرول: محافظ دستہ

قطیفا: رومال

قفا: پیچھے

قلا: قلعہ

قلادے: کوتل گھوڑے

قلاع: قلعہ کی جمع

قُلبا: پانی کا چشمہ

قلب: کھوٹا، اُلٹا

قلب وکھرا: کھرا کھوٹا

قلبہ: وہ نالی جو کھیتوں میں پانی دینے کے لیے بنائی جائے

قلتین: مُونگ

قَلَم: شاخ، ڈالی

قلندر: درویش

قلندری: پردہ والا ڈیرا

قماش: سامان واسباب، ابریشمی کپڑا، وضع، جنس، نوع، گنجفے کی ایک بازی کا نام

قموص: خیبر کے قریب ایک پہاڑ اور قلعہ

قنبر: غُلام

قندل: قندیل

قندلدار: مشعل بردار

قنوجیا: قنوج کا رہنے والا، برہمنوں کی ایک ذات

قوال: گانے والے

قوب چی: چوبدار

قویسی: خبیث، بدروح

قہار: قہر کی بگڑی ہوئی شکل

قیصر: بادشاہ

ک

کابرا: دو رنگ کا گھوڑا، ابلق

کابراں: کوے

کابلی: کابل کا

کاپڑ: کپڑا

کاپڑی: کپڑا رنگنے یا بیچنے والا

کاپسرا: فریب، دھوکا

کات: کتھا، تصور، کانٹا

کاتر: گھبرایا ہوا، بزدل

کاترائی: مشکلات، اُلجھنیں

کاٹ: لکڑی، کاٹھ

کاٹ کی چادر: ٹکڑوں کی چادر

کاٹھ: کاٹھی، لکڑی

کاج: کام، معاملہ، تقریب، خوشی کا موقع، لیے، واسطے، دھندا

کاجر: کاجل

کاجے: کے لیے، واسطے

کاچ: (کا+چ) کا ہی، کانچ

کاچا: لنگوٹ، کچھا

کادر: بُزدل، گھبرایا ہوا

کاڈھنا: نکال پھینکنا

کاربار: کاروبار

کارخیل: بڑا

کارن: واسطے، سبب

کارنے، کارنیں: (کارن)، واسطے

کارے: کالے، نکالے

کاڑ: نکال

کاڑا: (کاڑھا)، مریض کے لئے پرہیزی رقیق غذا یا دوا

کاڑنا، کاڑھنا: نکالنا، باہر کرنا، الگ کرنا

کاڑھوں: نکالوں

کاڑی: لکڑی کا باریک اور کچھ لمبا ٹکڑا، تنکا

کاڑیاں: کاڑی کی جمع

کاس: تاب، ایک قسم کی گھاس، کانسی تانبے کا سکہ، پیالہ

کاس بند: گھنگھرو

کاسی: کاشی، بنارس

کاشٹ: کاٹھ، لکڑی

کافراں: کافر کی جمع

کاک: نان، گردہ (پُھلکا)

کاک: کوا

کاکاتوی: طوطے کی ایک قسم

کاکڑا: گانٹھ

کاکڑے: دھجیاں، پرخچے

کاکل: کاغذ

کاکلوت: لالچ، ہوس، خواہش

کاگ، کاگا: کوا

کاگت، کاگد: کاغذ

کاگر: کنارہ، کورہ، سانپ کی کینچلی

کال: موسیقی کی اصطلاح، سم اور تال کے درمیان کا وقفہ، موت، فردا، کل، ناگ، دشمن، وقت

کالا: مال ومتاع

کالبد: جسم، قالب

کالک: سیاہی

